Vol. II
No. 26.



Thursday,
23rd September, 1954

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

CONTENTS

Note.—* at the commencement of the speech denotes confirmation not received.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD, DN
1955

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Thursday, the 23rd September, 1954.

The House met at Half Past Two of the Clock.

[*Mr. Speaker in the Chair*]

Questions & Answers

(See Part I)

Petition Re : Grant of Pattas for Government Lands.

Shri K. Ramachandra Reddy (Ramannapet) : Sir I beg to present a petition signed by nearly 5000 persons containing request not to levy penalties on them but to confer the rights for patta on the Government lands they have been cultivating since some years. The petition is as follows :

"We, the Harijans, backward classes and poor peasants of Nalgonda District are cultivating the Government lands since some years.......

Mr. Speaker : The purport of the petition may be given. The whole petition need not be read out.

* شری کے۔ رامچندراریڈی :— میں نے نلگنڈہ کے حالات سے متعلق جو درخواست پیش کی ہے اس کے چھ اہم پوائنٹس (Points) ہیں۔ - وہاں ہریجن زراعتی مزدور وغیرہ کئی سال سے بعض زمینات پر کاشت کرتے آرہے ہیں انکی کاشت ضبط کی جارہی ہے - درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ اس کو روکا جائے - اور ان لوگوں کی فصلوں کو برباد نہ کیا جائے - اسکے علاوہ حکومت سے یہ بھی خواھش کی گئی ہے کہ خارج کھاتہ پرمپوک زمینات پٹہ پر دئے جائیں - کہیں گائران کی اراضی ۱۰ فیصد سے زیادہ ہو تو وہ بھی پٹہ پر دی جائے - بعض جگہ دس فیصد سے کم زمین ہونے پر بھی کچھ لوگ حالات اور مجبوری کے مدنظر کاشت کرتے آئے ہیں انہیں بھی گورنمنٹ پٹہ کرنا چاہئے - گاؤں کے وطندار وغیرہ ان غریب لوگوں کی فصلوں کو جانوروں سے چروا رہے ہیں - حکومت کو چاہئے کہ وہ انکی مدد کرے - میں آنریبل اسپیکر صاحب سے خواهش کرتا ہوں کہ وہ گورنمنٹ کو متوجہ کریں اور اونکی مانگوں کو پورا کریں -

Mr. Speaker : That is not my duty. It shall be referred to....

شری کے - راجندرا ریڈی :— میں یہ بھی واضح کرنا چاھتا ھوں کہ اس درخواست پر . . . ٥ لوگوں کے دستخط ھیں -

Mr. Speaker : The petition is referred to the Committee on Petitions.

Papers Laid on the Table of the House.

The Minister for Finance, Statistics, Customs, Commerce and Industries : (Shri V. K. Koratkar :) Sir, I beg to lay a copy of the Finance Accounts of the Government of Hyderabad for the year 1950-51 and the Audit Report 1951 on the Table of the House under Article 151 (2) of the Constitution of India.

Mr. Speaker : Copy of the Finance Accounts of the Government of Hyderabad for the year 1950-51 and the Audit Report, 1951, is laid on the Table of the House.

Shri V.K. Koratkar: Sir, I beg to lay a copy of the Appropriation Accounts of the Government of Hyderabad for the year 1951-52 and the Audit Report, 1952, on the Table of the House under Article 151 (2) of the Constitution of India.

Mr. Speaker : Copy of the Appropriation Accounts of the Government of Hyderabad for the year 1951-52 and the Audit Report, 1952, is laid on the table of the House.

Shri V. B. Raju (Secunderabad-General): Will the copies be made available to the hon. Members ?

Mr. Speaker : Yes.

Presentation of the Report of the Committee on Petitions

Shri Pampan Gowda (Manvi) *:* Sir, I, the Chairman of the Committee on Petitions beg to present to the House the report of the Committee on petitions on the following Petition that was scrutinised by the Committee on the 14th September, 1954.

Petition :

The subject-matter of the petition presented to the house by Shri A. Raj Reddy, M.L.A. is 'Payment of Bonus to R.T.D. Employees' and is signed by eight persons.

The petition is in conformity with the Rules and the Committee decided that it be circulated *in extenso* to the Members.

Mr. Speaker : The report is presented.

L. A. Bill No. XXXVIII of 1954, the Hyderabad General Sales Tax (Second Amendment) Bill, 1954.

Shri V. D. Deshpande (Uppaguda) *:* I think if the other Bills are taken up first and this Bill after 5-30 p.m. today, it would be more convenient for us.

Mr. Speaker : Does the hon. Leader of the opposition mean to say that this Bill should be taken up after 5-30 p.m. today ?

Shri V. D. Deshpande : Yes, Sir.

Shri V. K. Koratkar : I have no objection, Sir.

Mr. Speaker : It will be taken up accordingly. Let us proceed to the next item.

L. A. Bill No. XXX of 1954, The Hyderabad Cinema Shows Tax Bill, 1954.

Shri V. K. Koratkar : I beg leave of the house to withdraw L. A. Bill No. XXX of 1954, the Hyderabad Cinema Shows Tax Bill, 1954.

Mr. Speaker : The question is :

" That leave be granted to withdraw L. A. Bill No. XXX of 1954, the Hyderabad Cinema Shows Tax Bill 1954 ".

The motion was adopted.

Mr. Speaker : Let us proceed to the next item.

Shri K. Ananth Reddy (Balkonda)*:* On a point of order, Sir. Is it not necessary that before withdrawing the Bill the reasons for withdrawal are made known to the house ?

Mr. Speaker : Not necessary.

Shri A. Guruva Reddy (Siddipet) : On a point of order, Sir. The reasons can, even at this stage, be explained in a few minutes.

Mr. Speaker : Not necessary.

L. A. Bill No. XXXIV of 1954, the Hyderabad City Water Supply Bill, 1954.

The Minister for Local Govt. and Education (Shri Gopal Rao Ekbote) : Sir, I beg to move:

"That L. A. Bill No. XXXIV of 1954, the Hyderabad City Water Supply Bill, 1954, be read a first time".

Mr. Speaker : Motion moved.

شری گوپال‌راؤ اکبوٹے :- مسٹر اسپیکر سر- یہ بل جو معزز ایوان کے سامنے پہلی خواندگی کیلئے پیش ہوا ہے وہ حیدرآباد اور سکندرآباد کے شہروں میں پانی کی سربراہی سے متعلق ہے - ایوان کے معزز ارکان کو معلوم ہے کہ شہر حیدرآباد اور سکندر آباد میں سنہ ۱۸۹۷ع سے پانی کی سربراہی کا سسٹم چلا آرہا ہے- اور اسی بناٗ پر آج تک یہ کام چل رہا ہے - معزز ارکان کو یہ معلوم ہوگا کہ عثمان ساگر اور حمایت ساگر کے ریزروائرس (Reservoirs) تعمیر ہونے سے پہلے میر عالم کے تالاب اور حسین ساگر سے پانی سپلائی ہوتا تھا - اور ظاہر ہے کہ سنہ ۱۸۹۷ع کے حالات کے لحاظ سے اس وقت کی آبادی کیلئے یہ کافی سمجھا گیا - ۱۸ - بہمن سنہ ۱۳۰۶ فصلی میں پرائویٹ واٹر پائپ سپلائز (Private Water Pipe Supplies) کیلئے قواعد مرتب ہوئے اور پرائویٹ واٹر پائپ کنکشنس (Private Water Pipe Connections) کی شرح محصول مقرر ہوئی - چنانچہ سنہ ۱۳۰۶ فصلی میں آدھے پون اور ایک انچ کے کنکشن کیلئے ۱۲ - ۲۴ - اور ۴۸ روپئے سالانہ مقرر کئے گئے - سنہ ۱۳۰۸ فصلی میں اس میں کچھ تبدیلی کیگئی اور کچھ چیزیں جو پہلے چھوٹ گئی تھیں انہیں بھی شامل کیا گیا - تیسری مرتبہ ۵ - آبان سنہ ۱۳۱۲ فصلی کو شرح میں پھر تبدیلی ہوئی اور آدھے اور ایک انچ کے لئے ۲۵ اور ۲۷ روپئے شرح مقرر ہوئی - اسکے بعد سنہ ۱۳۳۸ فصلی میں رزیڈنسی ایریا (رزیڈنسی بازار) میں پانی سربراہ کیا گیا - ۲۰ مہر سنہ ۱۳۳۲ فصلی کی ترمیم کے ذریعہ جو شرحیں مقرر ہوئیں وہ موجودہ شرحیں ہیں - اور انہی شرحوں پر حیدرآباد اور سکندرآباد میں پانی سربراہ کیا جارہا ہے - بعد میں عثمان ساگر اور حمایت ساگر سے حیدرآباد اور سکندرآباد کو پانی سربراہ کیا جانے لگا - اس وقت آبادی ڈھائی لاکھ اور چار لاکھ کے قریب تھی اور یہی آبادی بڑھتے بڑھتے سنہ ۱۹۵۴ع میں ساڑھے ۱۰ لاکھ ہوچکی ہے - اسکے ساتھ ساتھ واٹر کنکشنس بھی بڑی حدتک بڑھ گئے ہیں - حکومت پر پانی کی سربراہی کی ذمہ داری بڑھ گئی ہے - اور اس طرح پانی کی سربراہی کا مسئلہ بہت اہمیت اختیار کرتا جارہا ہے - انسان کی زندگی میں جان کے

مسئلہ کے بعد پانی کا مسئلہ آتا ہے۔ پانی نہ صرف پینے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے بلکہ روزمرہ کی مختلف ضروریات کی تکمیل کے لئے ضروری ہے ۔ اور اس مسئلہ کو سہل انگیزی سے نہیں دیکھا جاسکتا ۔ اس سے غفلت مختلف امراض کا باعث ہوتی ہے۔ اور کئی مسائل سامنے آجاتے ہیں۔ پانی کا مسئلہ صرف حیدرآباد ہی میں نہیں بلکہ ہم دوسرے ممالک میں بھی پانی کی تاریخ دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ حال حال میں حکومتوں نے پانی کے مسئلہ کو نیشنل نیسیسیٹی (National necessity) کے لحاظ سے اہمیت دی ہے ۔ مثال کے طور پر میں ایوان کو بتلانا چاہتا ہوں کہ انگلستان کی حکومت نے سنہ ۱۹۴۴ع میں نیشنل واٹر سپلائی پر ایک وائٹ پیپر (White paper) تیار کیا ۔ ممکن ہے آنریبل ممبرس کی نظر سے وہ وائٹ پیپر گزرا ہو۔ اس میں دو تین چیزیں بہت اہم ہیں۔ ایک تو یہ کہ اس میں کہا گیا ہے کہ پانی کے مسئلہ کو لیجسلیشن کے ذریعہ کنٹرول کرنا چاہئے ، کیونکہ اس سے خاص طور پر (Contaminated water or polluted water supply) کا خطرہ لاحق رہتا ہے ، چاہے وہ زیادہ بارش کی وجہ سے ہو یا فلٹر سسٹم (Filter system) میں ڈفکٹ (Defect) آنے کی وجہ سے ہو یا کسی وجہ سے ہو۔ لیکن جہاں (Polluted water supply) ہونے کا امکان ہوتا ہے وہاں لاکھوں لوگوں کی جانیں خطرہ میں آسکتی ہیں ۔ اسلئے واٹر سپلائی کو قانون کے ذریعہ ریگولیٹ کرنا ضروری سمجھا گیا ۔ آنریبل ممبرس کو معلوم ہوگا کہ خاص لندن گریٹر لندن میٹروپالیٹن (Greater London Metropolitan) میں جو پانی سربراہ کیا جاتا ہے اس کے لئے قانونی پاورس دیئے گئے ہیں۔ وہاں ایک واٹر ایکٹ سنہ ۱۹۴۵ میں بنایا گیا ۔ یہ حوالہ میں اس لئے دے رہا ہوں کہ سنہ ۱۹۳۸ ع اور سنہ ۱۹۴۴ع میں لندن اور کرائیڈن میں کالرا (Cholera) اور ٹائیفائیڈ کی وجہ سے کافی تعداد میں اموات ہوئے تھے ۔ نتیجتاً انہیں ایک اکسپرٹس کمیٹی (Experts Committee) بٹھانی پڑی اور رورل ایریاز (Rural areas) اور اربن ایریاز (Urban areas) کی واٹر سپلائی (Water supply) کے بارے میں غور کرنا پڑا اور ایک واٹر ایکٹ بنایا گیا ۔ انہوں نے پہلے ایک وھائٹ پیپر مرتب کیا اور سنہ ۱۹۴۵ کے واٹر ایکٹ، لندن (Water Act, London) کی بنیاد اس پر رکھی ۔ جہاں لاکھوں کروڑوں کی تعداد میں لوگ رہتے ہیں وہاں پانی کی سربراہی کا مسئلہ نہایت اہم ہوتا ہے ۔ اس سلسلہ میں حیدرآباد کی جو تاریخ میں نے آپ کے ملاحظہ میں رکھی ہے اوس سے معلوم ہوگا کہ کتنی مرتبہ قواعد بدلے ہیں ۔ اس کے بعد بھی سنہ ۱۳۳۲ف کے قواعد کافی نہیں سمجھے گئے اور اس میں تبدیلی کی ضرورت سمجھی گئی ۔ اس کے بعد میں اس طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں کہ حیدرآباد و سکندرآباد کے واٹر سپلائی اور ڈسٹر کٹس کے واٹر سپلائی میں امتیازی سلوک برتا جاتا تھا ۔ ڈسٹر کٹس میں واٹر سپلائی کے لئے دو روپیہ سے ساڑھے چار روپیہ تک لئے جارہے تھے ۔

۲۱ مقامات پر واٹر سپلائی کے لئے پائیپ کنکشن دیا جارہا ہے اور ۱۷ مقامات کے لئے اسکیم تیار ہے - اس طرح ٹکس کے معاملہ میں ڈسٹرکٹس اور شہروں کا مقابلہ کریں گے تو معلوم ہوگا کہ یہاں کی شرح وہاں کے شرح سے کم ہے - یہاں کے اسٹیبلشمنٹ چارجس (Establishment Charges) بابتہ سنہ ۵۳ - ۵۴ (۱۱-۱۲) لاکھ کے قریب ہیں- سنہ ۱۹۲۵ (۹۰ء۶) لاکھ - سنہ ۱۹۳۰ (۱۰ء۷۳) لاکھ سنہ ۱۹۳۵ (۱۸ء۳۰۴) لاکھ - سنہ ۱۹۴۰ (۲۳ء۱۲۱) لاکھ - سنہ ۱۹۴۵ (۲۳ء۱۶۷) لاکھ - اور سنہ ۵۳ - ۵۴ کے فیگرس تو میں نے آپ کو بتائے ہیں- جو ڈسٹری بیوٹری سسٹم (Distributory system) ہمارے یہاں ہے اوس پر کئی وجوہ کی بناء مثلا فلٹر بیڈس (Filter beds) کلورین (Chlorine) الکٹریسیٹی (Electricity) کے چار جس (Charges) اور مزدوروں کی اجرتیں بڑھ جانے کی وجہ سے اس کے اخرا جات میں سنہ ۱۳۲۰ ف کے بعد سے مسلسل اضافہ ہوتا رہا ہے - اس لحاظ سے اگر اب بھی واٹر سپلائی کے وھی ریٹس (Rates) باقی رکھیں تو اخراجات اور آمدنی کی کوئی مناسبت باقی نہیں رہتی ہے - سنہ ۱۳۳۲ ف سے جو ریٹس مقرر ہیں اب تک وھی چلے آرہے ہیں- اس کے باوجود پائپ اکسٹنشنس (Pipe extensions) بہت کافی ہوگئے ہیں- پاپولیشن (Population) بہت بڑھ گیا ہے - مزدوروں کی اجرت بڑھ گئی ہے اور اسٹیبلشمنٹ چارجس بہت بڑھ گئے ہیں- لیکن ریٹس ویسے ہی رہے ہیں- اضلاع کے لوگوں کی واجبی شکایت یہ رہی ہے کہ گورنمنٹ کا یہ طریقہ کار مناسب نہیں ہے کہ اون سے تو ۲ روپیہ سے ساڑھے چار روپیہ تک لے اور شہروں پر ۱۱-۱۲ لاکھ روپیہ خرچ کردے - جیسا کہ میں نے بتایا کہ یہاں آمدنی کے مقابلہ میں خرچ زیادہ ہے اور کاروبار ڈیفیسٹ (Deficit) میں چل رہے ہیں - اس لئے اضلاع والوں کا خیال ہے کہ اضلاع سے ٹکس وصول کرکے شہروں پر خرچ کرنا مناسب نہیں ہے - ان حالات کے تحت اس ایکٹ کو اپٹوڈیٹ (Up-to-date) اور ماڈرن سسٹم (Modern system) پر لانے کے لئے یہ لیجسلیشن (Legislation) یہاں لانا ضروری تھا - سکندرآباد میں بلک واٹر سپلائیز (Bulk water supplies) کا طریقہ ہے اور حیدرآباد کو ڈائرکٹ سپلائز (Direct supplies) دی جاتی ہیں- کئی مکانات ایسے ہیں جہاں میٹر کے نل نہیں ہیں- بلکہ پرانے پائپ سے پانی سپلائی کیا جاتا ہے - پانی کی سپلائی کے جو چار مختلف طریقے ہیں اون پر کنٹرول کرنا پڑیگا - یعنی بلک واٹر سپلائی - ڈائرکٹ سپلائز - میٹر کے ذریعہ سپلائی - اور فلٹر بیڈس - فلٹر بیڈس پر کافی احتیاط کرنی پڑیگی تاکہ فل اینڈ پیور واٹر سپلائی (Full and pure water supply) ہو اور امراض کے جو خطرات ہیں وہ دور ہوں - پانی جو انسان کی پہلی ضرورت کی چیز ہے نہ صرف پینے کے لئے بلکہ دیگر انسانی ضروریات کے تعلق سے بھی بڑی اہمیت رکھتا ہے - اور اسی پانی کے ذریعہ مختلف طریقوں سے کنٹامینیشن (Contamination) اور پولوشن (Pollution)

ہوسکتا ہے - ایڈیکوئیٹ واٹر سپلائی(Adequate water supply) فل واٹر
سپلائی اور پیور واٹر سپلائی (Pure water supply) کے لئے
ریزر وائیرس (Reservoirs)اور فلٹربیڈس (Filter beds)
کی طرف دھیان دینا ہوگا اور ڈسٹریبیوٹری سسٹم کی جانب توجہ بھی کرنی ہوگی - بیکٹیریا
لاجیکل اانالیسس (Bacterialogical analysis)کرنا ہوگا - جو اربن
ایریاز (Urban areas)تھکلی پاپولیٹڈ (Thickly populated)
اور کنجسٹڈ (Congested) ہیں وہاں اسکی ضرورت ہے کہ ہر
مکان میں پائپ کنکشن (Pipe Connection) دیں تاکہ کسی کو پانی کی
قلت محسوس نه ہو - اوس کے لئے جب ہم یه طریقه اختیار کرنا چاہتے ہیں که پانی میٹر
کے ذریعه دیں تو مجھے بڑے دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے که سنه ۱۳۳۲ ف سے جو لوگ
بلا میٹر کے نل سے پانی استعمال کرنیکے عادی ہوگئے ہیں وہ اس کے لئے آمادہ نہیں
ہوتے اور شہروں میں رہنے والے اضلاع کی واٹر سپلائی کے جو حالات ہیں اون پر نظر
ڈالنے کے لئے آمادہ نہیں ہوتے - اضلاع والوں کے لئے جو مشکلات ہیں چونکه وہ اس سے
بچے ہوے ہیں ، سمنٹ روڈس پر پاور فل لائٹ (Powerful light) میں
زندگی گزارتے ہیں اور پانی کی کوئی دشواری انہیں نہیں ہے اس لئے وہ نیشنل انٹرسٹ
(National interest) کو بالائے طاق رکھکر اپنے چند پیسوں کی خاطر میٹر
لگانے سے انکار کرتے ہیں - اس کا نتیجه یه ہوا که واٹر سپلائی کا جو پرسنٹیج ہونا چاہئیے
تھا وہ نه ہوسکا - اور اضلاع میں واٹر سپلائی کی اسکیمات جس حد تک روبعمل لائے جانے
چاہئیے تھے نه لائے جاسکے - اور وہاں کا پرسنٹیج آف واٹر سپلائی بہت گرا ہوا ہے - اوس وقت
چونکه ایچ - ای - ایچ - کو ابسلیوٹ پاورس (Absolute powers) تھے اس لئے
کچھ ایسا سسٹم رائج رہا که جسکی وجه سنه ۱۳۰۸ ف سے اب تک زیادہ تعداد میں میٹرس
نہیں لگائے گئے حالانکه ویسٹیج (Wastage) کو روکنے کی اس سے
بہتر کوئی اور چیز نہیں ہوسکتی تھی - کلورین وغیرہ کی قیمتیں بہت زیادہ بڑھ گئی ہیں جس کی
وجه سے اکسپنسس (Expenses) زیادہ ہوگئے ہیں اور دوسری طرف پیور واٹر کا
ویسٹیج بہت ہوتا ہے - اوس کا پراپر یوز (Proper use) نہیں ہوتا -
آپ سب کا مشاهده ہوگا که یه پانی باغات وغیرہ کی سیرابی کے لئے بھی استعمال میں لایا
جاتا ہے اور انڈسٹریل پرپز (Industrial purpose) کے لئے بھی استعمال
کیا جاتا ہے - اس پانی کی کوئی قدر نہیں کی جاتی ہے - اس لئے اس کے پراپر یوز کے لئے
میٹرس لگانے کی سخت ضرورت ہے - کوئی مہذب ملک آپ کو ایسا نہیں ملیگا جہاں ایک
لاکھ کی آبادی بھی ہوتو میٹر کے ذریعه پانی نه سربراہ کیا جاتا ہو - ہرجگه میٹر سے پانی
سپلائی کیا جاتا ہے - پرسنل انٹرسٹ کی خاطر کسی کی پرواہ نه کرنے کے عادی ہوگئے
ہیں - اسکو روکنے کا صحیح طریقه یہی ہوسکتا ہے که پائپ کنکشن (Pipe connection) کی بجائے میٹر کنکشن (Meter connection)
کردیا جائے - اس طرح جو کنٹیمینیشن (Contamination)

کنجسٹیڈ ھاؤزس (Congested houses) میں پیدا ھوگیا ھے وہ دوسری جگہ پھیلنے نہیں پائیگا - اور پبلک ھلتھ پوائنٹ آف ویو (Public health point of view) سے بھی دیکھا جائے تو یہ بہتر ھوگا - ھلتھ منسٹری (Health Ministry) اور واٹر سپلائی منسٹری میں کوآرڈینیشن (Coordination) ھو تو زیادہ مناسب ھوگا اور واٹر سپلائی کی ایفکٹیو اینڈ افیشینٹ فنکشننگ (Effective and efficient functioning) میں سہولت ھوگی - ھم نے اس کو اچیوو (Achieve) کرنے کے لئے حیدرآباد و سکندرآباد کی حد تک ایک واٹر سپلائی بل بنایا ھے - اس میں اڈیکیویٹ (Adequate) فل (Full) اور پیور واٹر سپلائی (Pure water supply) کی غرض سے سیٹرس مہیا کرنے کے لئے کچھ دفعات رکھے گئے ھیں - بلک سپلائی (Bulk supply) اور انڈسٹریل پرپزس (Industrial purposes) کے لئے واٹر سپلائی کو ریگولیٹ (Regulate) کرنے کے لئے یہ بل لایا گیا ھے - یہ محسوس کیا گیا کہ موجودہ سپلائی ناکافی ھے - اس لئے ساڑھے دس لاکھ کی آبادی کے لئے ۴۰ لاکھ کی ایک اسکیم واٹر سپلائی کے اکسٹنشن (Extension) کے لئے تیار کی گئی ھے جب وہ منظوری کے پورے مراحل طے کرلیگی تو میں سمجھتا ھوں کہ ایک دن ایسا آسکتا ھے کہ پورے اسٹیٹ میں واٹر اسکیرسٹی (Water scarcity) کی شکایت باقی نہیں رھیگی - اسلئے دور اندیشی کے ساتھ ایسے کنڈیشنس (Conditions) کے پیدا نہ ھونے دینے کے لئے روک تھام ضروری ھے تاکہ اسکیر سٹی آف واٹر (Scarcity of water) نہ ھوسکے ....

شری جے - بی - متہال راؤ :— آنریبل منسٹر ساڑھے دس لاکھ آبادی کے لئے جس اسکیم کا ذکر کررھے ھیں کیا اس میں سکندرآباد کنٹونمنٹ بھی شامل ھے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے :— سکندرآباد میں کنٹونمنٹ بھی شامل ھے - کئی جگہ جہاں واٹر کنکشن (Water connection) نہیں ھے وھاں سے رپریزنٹیشنس (Representations) کئے گئے ھیں - ھم خود محسوس کرتے ھیں کہ انہیں واٹر سپلائی کرنا چاھیئے - یہ انسانوں کی ایک بینادی ضرورت ھے - اس کی ھر گھر میں ضرورت ھوتی ھے - ۴۰ لاکھ کی اسکیم حیدرآباد کے لئے ھے اور (۲۰ - ۳۰) لاکھ کی اسکیم سکندرآباد کے لئے ھے - یہ اسکیمات گورنمنٹ آف انڈیا کو بھیجی گئی ھیں - امید ھے کہ اس بارے میں گورنمنٹ آف انڈیا ھماری مدد کریگی - اس کے بعد میں سمجھتا ھوں کہ جو دقتیں ھیں وہ دور ھوجائینگی - واٹر سپلائی پر کنٹرول ھوجائیگا اور ڈرینج واٹر سپلائی سسٹم (Drainage water supply system) بھی ریگولیٹ ھوجائیگا - اور یہ جو ڈسپیاریٹی (Disparity) اضلاع اور شہروں میں نظر آرھی ھے وہ دور ھوجائیگی - لہذا ان وجوھات کے تحت جن کا میں نے ذکر کیا ھے مجھے امید ھے کہ اس بل کو ھاؤس شرف قبولیت بخشیگا -

شری سی ایچ ۔ وینکٹ رام راؤ:— مسٹر اسپیکر سر۔ میں واٹر سپلائی منسٹر کے واٹر سپلائی بل کا عام طور پر سواگت کرتا ہوں انہوں نے من مانے احکام کو جو ایک عرصہ سے چلے آرہے ہیں چھوڑ کر ایک قانون بنانیکی کوشش کی ہے چند چیزیں جن کا مجھے شبہ ہے اون کو دور کرنے کی خاطر میں منسٹر صاحب کی توجہ انکی طرف مبذول کراتا ہوں۔ مجھے یہ کہنا ہے کہ واٹر سپلائی اسکیم کو صرف حیدرآباد و سکندر آباد کے شہروں کی حدتک ہی کیوں محدود رکھا گیا ہے۔ پورے اضلاع میں ۲۱ جگہ واٹرسپلائی کا انتظام ہے ۔ اس کو کیوں لاگو نہیں کیا گیا ہے ایک زمانے سے من مانے طریقوں پر واٹر سپلائی کرنے کے بعد ایک عرصہ کے انتظار کے بعد یہ اسکیم ہاؤز میں پیش کی گئی ہے اوسی طرح سے اون (۲۱) جگہوں میں بھی جنکا ذکر آنریبل منسٹر نے کیا اس قسم کی اسکیمس کو اپلائی (Apply) کیا جاتا تو بہتر تھا ۔ میرے کہنے کا منشاء یہ ہے کہ پورے حیدرآباد اسٹیٹ کے اندر اس قسم کی ایک اسکیم رہتی اور اسی طرح ریٹس وصول کرنے کا ایک ہی طریقہ رہتا ۔ مگر یہ کیوں مناسب سمجھا گیا کہ صرف حیدرآباد اور سکندرآباد کے لئے ہی یہ بل لایا جائے ۔ دوسری جگہوں کے لئے بھی ضرورت محسوس کیوں نہیں کی گئی ۔ لیکن سکندرآباد اور حیدرآباد کی حد تک جو کچھ کیا جا رہا ہے ٹھیک ہے کہ لیجسلیشن لانے کی کوشش کی گئی ہے ۔ ایک چیز یہ بھی عرض کرنا ہے کہ کنزیومرس کو میٹرس کا خرچہ برداشت کرنے کے لئے پراویژن رکھا گیا ہے ۔ منسٹر صاحب نے یہ کہا ہے کہ ویسٹرن ممالک کی طرح گھر گھر تک نل پہنچایا جائیگا ۔ اور اس طرح وبائی امراض پر قابو پالیا جائیگا ۔ میں یہ کہونگا کہ ہر گھر میں یعنی ھائر مڈل کلاس ۔ لوئر مڈل کلاس اور مزدور یہ سب ہی لوگ آتے ہیں ۔کیا ایک مزدور اپنے گھر میں آج پائپ کا سسٹم رکھ سکتا ہے ۔کیا ہر گھر تک پائپ جاسکتا ہے ۔ الکٹرک میٹرس جس طرح غیر معمولی قیمت کے ہوتے ہیں لیکن جس طرح اونکو الکٹریسٹی ڈپارٹمنٹ سپلائی کرتا ہے اوسی طرح یہاں بھی واٹر میٹرس سپلائی کئے جاتے تو اچھا تھا ۔ لیکن اس کے خرچہ کا بار کنزیومر پر رکھدیا گیا ہے ۔ اوسکی قیمت کے لحاظ سے لوئر مڈل کلاس بھی یہ میٹرس نہیں رکھ سکتا ۔ تو پھر مزدور کس طرح پائپ لگالے سکتا ہے ۔

کلاز (۷) میں یہ بتایا گیا ہے کہ واٹرسپلائی اتھاریٹی کو ادھیکار رہیگا کہ وہ ریٹس تبدیل کرسکے۔ یعنی ریٹس کم یا زیادہ کرسکینگے ۔ ممکن ہے کہ اس میں بعض مشکلات پیش آئیں کم ازکم یہ تو بتایا جا سکتا تھا کہ مینیمم (Minimum) یہ رہیگا اور میگزیمم (Maximum) یہ رہیگا ۔ اسلئے کلاز (۷) میں جواختیار واٹرسپلائی اتھاریٹی کودیا گیا ہے وہ کسی حدتک مناسب نہیں۔ کلاز (۹) میں یہ بتلایا گیا ہے کہ اس اسکیم کے تحت اوس شخص کو بھی ٹیکس دینا پڑیگا جو پائپ یا میٹر نہ رکھتا ہو ۔ مثلاً لیبر کالونیز میں یا بعض مقامات پر پبلک پائپس ہوتے ہیں جہاں سے لوگ پانی لیتے ہیں ۔کیا اون لوگوں کو بھی ٹیکس دینا پڑیگا ۔ ممکن ہے کہ مجھ ہی کو غلط فہمی ہورہی ہو ۔ میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ پبلک مقامات پر جو پائپس ہوتے ہیں وہاں سے جو لوگ پانی بھرتے

ھیں اونکو بھی کلاز (۹) کے تحت ٹیکس دینا پڑیگا - ایک دوسری کلاز میں یہ بتایا گیا
ھے کہ جب حکومت کو معلوم ھو کہ کسی جگہ ناجائز طریقہ پر پانی یا میٹر خراب کیا
جا رھا ھے تو لائن کٹ کرنے کا اختیار حکومت کو رھیگا - لیکن اس طرح کٹ کرنے کے
بعد یا ریپیر کرنے کے لئے جو نوٹس دیجاتی ھے اوسکے تحت ریپیر کرنے کے بعد اوسکی
ٹسٹنگ فیس لینے کابھی حکومت کو اختیار رھیگا - گویا ٹسٹنگ بھی کرتےھیں تو اوسکی فیس
لیجائیگی - اور اسکا بار کنزیومر پر ڈالا جائیگا - ری اوپننگ کے لئے الگ فیس - ٹسٹنگ
کی الگ فیس اور کٹ کرنے کی الگ فیس - یہ تینوں فیس لیجائینگی - اگر کنزیومر کی
غلطی سے کچھ خرابی واقع ھو جائے تو اوس وقت فیس لینے میں کوئی عذر نہیں ھے -
لیکن ریپیر کرنے کی نوٹس دینے کے بعد اگر ریپیر کیا جائے تو اوسکی ٹسٹنگ فیس کیوں
لیجائیگی - یہ فیس لینا مناسب نہیں ھے - ایک اور کلاز کے تحت جرمانہ کی مقدار مقرر
کی گئی ھے - جسکے تحت سو روپیہ جرمانہ بھی کیا جا سکتا ھے - ھوسکتا ھے کہ اس میں
کوئی پراویژن ھو کہ انجن خراب کیا جائے توسو روپیہ یا اس سےبھی زیادہ جرمانہ ھوسکے -
لیکن سوائے انجن کے باقی جو چیزیں ھوتی ھیں اون کے لئے سو روپیہ تو کیا پچاس روپیہ
بھی نہیں لگتے - اس لئے یہ سو روپیہ زیادہ ھیں (۵۰) روپیہ رکھنا مناسب تھا - میں نے
جو کچھ کہا ھے اوس پر مجھے امید ھے کہ دھیان دیا جائیگا اور خصوصاً الگ الگ طور پر
جو تین تین فیسیں لیجاتی ھیں اوس پر غور کیا جائیگا - میں جب امنڈمنٹ پیش کرونگا
تو ان کے بارے میں ڈیٹیل عرض کرونگا -

V. B. Raju : The hon. Minister has said that there are 21 Water Supply Schemes in the State.

Mr. Speaker : The hon. Member can express himself very well in Hindi.

**Shri V. B. Raju :* I shall try from today, Sir.

مسٹر اسپیکر سر - آنریبل منسٹر صاحب نے کہا کہ حیدرآباد اسٹیٹ میں (۲۱)
واٹر سپلائی اسکیمس (Water Supply Schemes) ھیں - یہ جو بل
لایا گیا ھے وہ صرف حیدرآباد میں واٹر سپلائی سسٹم (Water Supply System)
کو ریگولرائز (Regularise) کرنے کے لئے پسہ وصول کرنے کے لئے
اور میٹرس لگانے کے اور دوسرے اغراض کے لئے لایا گیا ھے - میں چاھتا ھوں کہ
اس بل کے ساتھ حیدرآباد سٹی واٹر سپلائی اسکیم کے سلسلہ میں کوئی ایک نوٹ پہلے سے
ھی آنریبل ممبرس کے پاس بھیجا جاتا تو اوس سے موقع ملتا کہ ایک پراسپکٹیو
(Prospective) لیکر اس کے متعلق سوچا جائے - اس کی گنجائش ھوسکتی
تھی - مگر صرف حیدرآباد سٹی کے واسطے بل لانے سے تمام آنریبل ممبرس کو یہ معلوم
نہیں ھوسکتا کہ باقی تمام چیزوں کے متعلق گورنمنٹ کی پالیسی کیا ھے - میں چاھتا ھوں کہ
واٹر سپلائی کی جو اسکیم ھے وہ نو پرافٹ - نو لاس (No profit no loss)
کی بیسس (Basis) پر ھونی چاھئے - میں حکومت سے یہ معلومات

بھی حاصل کرنا چاھتا ھوں کہ حکومت کے ڈپارٹمنٹس میں کونسا کمرشیل ڈپارٹمنٹ (Commercial Department) ھے اور کونسا سرویس ڈپارٹمنٹ (Service Department) ھے - واٹر ورکس کمرشیل ڈپارٹمنٹ ھے یا نہیں تو سرویس ڈپارٹمنٹ ھے - ڈرینج ورکس تو سرویس ڈپارٹمنٹ ھے - حیدرآباد میں جو پانی سپلائی کیا جاتا ھے وہ سیویج پربزس (Sewage purposes) کے لئے بھی استعمال ھوتا ھے - یہاں یہ دقت ھے کہ پانی فلٹرڈ (Filtered) اور ان فلٹرڈ (Un-Filtered) بھی رھتا ھے - حسین ساگر سے جو تھوڑا سا پانی دیاجاتا ھے وہ ان فلٹرڈ پانی ھے جو فیکٹریز کے لئے سپلائی ھوتا ھے - اور عام طور پر گنڈی پیٹھ یا حمایت ساگر کا جو پانی ھوتا ھے وہ فلٹرڈ ھوتا ھے - اور وہ پینے کے لئے سپلائی ھوتا ھے ان فلٹرڈ واٹر سیویج پرپزس کے لئے استعمال ھونے کی وجہ سے حیدرآباد کے شہریوں پر زیادہ بار پڑرھا ھے - اس وقت میں نہیں سمجھتا کہ حکومت کے پاس اتنا مالیہ ھے کہ ریزروائر بنانے کے لئے اکسپنڈیچر (Expenditure) برداشت کرے - مگر ڈپارٹمنٹ کو یہ سوچنا پڑیگا کہ کبھی نہ کبھی یہ چیز ھونا چاھئے - میں نے سنا ھے کہ حیدرآباد سٹی واٹر سپلائی اسکیم کے سلسلہ میں ریزروائر (Reservoir) بنانے اور ڈسٹریبیوشن آف واٹر (Distribution of water) کے لئے دو کروڑ (۱۸) لاکھ روپیہ خرچ ھوئے اس میں سے ایک کروڑ (۱۸) لاکھ روپیہ ریزروائر بنانے کے لئے اور ایک کروڑ روپیہ ڈسٹریبیوشن آف مینس (Distribution of mains) کے لئے خرچ ھوئے - مگر یہ معلوم نہیں ھوسکا کہ جو کیپیٹل اکسپنڈیچر (Capital Expenditure) کیا گیا اوس کا انٹرسٹ (Interest) ادا ھو رھا ھے یا نہیں - اور کوئی سنکنگ فنڈ (Sinking Fund) بھی اس میں سے نکالا جا رھا ھے یا نہیں - سنہ ۵۳ - ۱۹۵۲ع کا حساب دیکھیں تو معلوم ھوتا ھے کہ رننگ اکسپنسس (Running expenses) اور مینٹیننس (Maintenance) کے سلسلہ میں گیارہ لاکھ ۶۶ ھزار روپیہ خرچ ھوئے اور آمدنی صرف (۸) لاکھ پندرہ ھزار روپیہ ھوئی - اس سے صاف ظاھر ھے کہ (۳) لاکھ (۵۰) ھزار روپیہ کی کمی ھوئی اور یہ خرچہ پبلک اکسچکر (Public exchequer) سے ھوا - یہ بات بتلائی گئی ھے کہ پبلک میں واٹر سپلائی کی ضروریات بڑھ رھی ھیں - جیسا کہ ایک آنریبل ممبر نے کہا لوئر مڈل کلاس اور ورکنگ کلاس کے لئے چھوٹے چھوٹے مکانات بن رھے ھیں وھاں کنکشن دینے کے لئے اور اگر وھاں گنڈی پیٹھ سے پانی نہیں دیا جاسکتا تو کونسا سپلیمنٹ ھونے والا ھے یہ ساری چیزوں کو سوچنا ضروری ھے - میں سمجھتا ھوں کہ جب تک ایک انٹگریٹیڈ اسکیم (Integrated Scheme) تیار نہ ھو پیس میل (Piecemeal) طریقہ سے ایسا انیکٹمنٹ (Enactment) پیش کرنے سے کنفیوژن (Confusion) ھوگا - یہ بات نہیں کہ بل پر اس وقت غور نہ کیا جائے - بلکہ آئندہ بجٹ سشن سے پہلے ایک اسٹیٹمنٹ واٹر سپلائی سسٹم کے متعلق تمام ممبرس کے پاس بھیج دیتے تو اچھا تھا - یہ اسکیم اس سٹی میں پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ (Public Works Department) یا واٹر ورکس ڈپارٹمنٹ کے تحت ھے - اور ڈسٹرکس

میں جہاں جہاں میونسپالٹیز ہیں اور جہاں وہ اس کو ہینڈل (Handle)
نہیں کرتی ہیں لوکل گورنمنٹ اس اسکیم کو دیکھ رہی ہے - ولیجس میں باؤلیاں کھدانے
کے لئے ول سنکنگ ڈپارٹمنٹ (Well Sinking Department) ہے - پہلے ریوینیو ڈپارٹمنٹ
کے تحت تھا اب حکومت مقامی کے تحت آگیا ہے - مختلف اداروں اور مختلف ایجنسیوں کے
کے تحت واٹر سپلائی ہورہا ہے - لوکل گورنمنٹ نے کتنا کیپیٹل اکسپنڈیچر کیااور وہاں کے
ریٹس کیا ہیں نہیں معلوم -میں سنا ہوں ہاف انچ پائپ کے لئے چند جگہوں پر سوا پانچ روپیے
حالی تک مہینہ ٹیکس لیاجارہا ہے - حیدرآباد سٹی میں توہاف انچ پائپ کے لئے ماہانہ صرف
ایک روپیہ لیتے ہیں - سٹی کے فیگرس دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ سٹی میں
قریب قریب ۲۳ ہزار کنکشنس ہیں - جن میں سے ۱۵۸۰۰ بغیر میٹر کے ہیں اور
صرف ۹ ہزار میٹر کے ہیں - یہ بغیر میٹر کے جو پائپس ہیں وہ باغ بغیچوں کے لئے
زیادہ پانی استعمال کرتے ہیں اسلئے جو پروپوزل (Proposal) آیا ہے اور
حکومت اسکو اپنے ہاتھ میں لینا چاہتی ہے تو میں اسکو ولکم (Welcome)
کرتا ہوں - کیونکہ جب ہم آمدنی کے لحاظ سے دیکھتے ہیں تو میٹر کے کنکشنس سے
صرف ۶ لاکھ کی آمدنی ہوتی ہے اور بغیر میٹر کے کنکشنس سے صرف ۲ لاکھ کی آمدنی
ہوتی ہے جنکی تعداد زیادہ ہے لیکن آمدنی کم ہے - اسکو یونیفارم بیسس (Uniform
Basis) پر لانے کے لئے کچھ ٹیکس لگایا جا رہا ہے اور یہ اسلئے بھی کیا
جارہا ہے کہ ڈسٹرکٹ کے ٹیکس میں کمی کی جائے اور یہاں کچھ زیادتی کی جائے
کیونکہ ڈسٹرکٹ کے لوگ یہ کہتے ہیں کہ جملہ آمدنی لیجاکر حیدرآباد شہر میں
خرچ کرتے ہیں - لیکن یہ تو اس وقت کی بات ہے جبکہ یہاں بڑے لوگ یعنی جاگیردار
اور ہائیر آفیسرس (Higher Officers) رہتے تھے آنریبل ممبرس کو
شائد یہ بات یاد ہوگی کہ اورنگ آباد کے سپرنٹنڈنگ انجینیر حیدرآباد میں رہتے تھے -
بیدک سشن حیدرآباد میں تھا - صرف آفیسرس کی سہولت کے لئے انکے آفیسس کو یہاں
منتقل کیا گیا تھا - گذشتہ زمانہ میں یہ ہوتا تھا کہ اگر کوئی انگلینڈ جاکر واپس
آجائے تو ان کے لئے پوسٹ دیا جاتا تھا - اسطرح پوسٹ کے لئے آدمی نہیں ہوتے تھے
بلکہ آدمی کے لئے پوسٹ کرئیٹ (Create) کیا جاتا تھا اب وہ زمانہ گیا -
اسلئے اب اضلاع کے لوگوں کی کنوینینس (Convenience) اور کمفرٹ
(Comfort) کے لئے وہاں پیسہ خرچ ہونا چاہئے اسلئے میں یہ ضروری
سمجھتا ہوں کہ اس ٹیکزیشن بل کو پاس کیا جائے - اور تین چار لاکھ روپیے جو
اکسچکر سے جا رہے ہیں کم از کم اسکو روکا جائے -

گورنمنٹ جو کیپیٹل اکسپنڈیچر ہے اسکو کم کرے - میونسپل کارپوریشن اگر
حیدرآباد واٹر ورکس ڈپارٹمنٹ کو لینا چاہتی ہے تو خوشی سے لے لیکن ساتھ ہی اسکو
لائبلیٹی (Liability) بھی لینا پڑیگا - ایسا نہونا چاہئے نگرانی
میونسپل کارپوریشن کرے اور اخراجات گورنمنٹ برداشت کرے -

ابھی ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ میٹرس کے سلسلہ میں مشکلات بھی پیش آنے والے ھیں ۔ موٹر گاڑیوں کو میٹر لگانے کی جب گورنمنٹ نے کوشش کی تھی اسوقت بھی بہت پروٹسٹ (Protest) کیا گیاتھا ۔ مگر جب ھم ایک چیز کو سسٹمٹائز (Systematize) کرنا چاھتے ھیں اسکو یونیفارم کرنا چاھتے ھیں تو اس کا کچھ نہ کچھ طریقہ رھنا چاھئے ۔ لیکن اسبارے میں میرا اتنا ھی سجیشن (Suggestion) ھے کہ جب میٹر کنزیومر (Consumer) کی کسٹ پر لگاتے ھیں تو انسٹالمنٹ (Instalment) کی بیسس رکھی جائے اور انہیں سہولت دیجائے ۔ لیکن بہرحال انہیں قیمت دینا پڑیگا ۔

اسکے بعد غریبوں کو پانی دینے کے لئے جو سہولتیں ھیں اسبارے میں میں یہ کہونگا اور جہاں تک میری معلومات ھیں ساٹھ فیصد پانی اسٹانڈ پوسٹ پر ھی خرچ ھوتا ھے ۔ جب خرچ کرنے والوں میں سے ھر ایک پر ٹیکس نہیں لگا سکتے توکم ازکم اوس لوکالیٹی پر ٹیکس لگانا چاھئے ھم ان پر کلکٹیو ٹیکس لگا سکتے ھیں کیونکہ وھی بہت سا پانی خرچ کرتے ھیں ۔ جب یہ اصول طے کیا گیا ھے کہ نو پرافٹ نو لاس بیسس پراس اسکیم کو چلانا چاھئے تو کچھ نہ کچھ کنٹریبیوشن (Contribution) انہیں بھی دینا چاھئے اور یہ انکی حیثیت سے بڑھکر بھی نہیں رھے گا ۔

آخر میں میں یہ عرض کرنا چاھتا ھونکہ آپ واٹر سپلائی کو کمرشیل بیسس پر نہیں چلاسکتے ۔ اگر آپ اسکو ایک بزنس سمجھکر چلائینگے تو یہ اسکیم کامیاب نہیں ھوگی چند روز کے لئے کچھ سب ونشن (Subvention) یا گرانٹ دینا ھی پڑیگا ۔ اگر میونسپالیٹی اس کام کو انجام دے تو اسے بھی ایسا ھی کرنا پڑیگا اور اگر گورنمنٹ اپنے اختیار میں رکھے تو بھی بجٹ سے اور اکسپنڈیچر (Over expenditure) میٹ (Meet) کرنا پڑیگا ۔

گورنمنٹ آف انڈیا سے ھم کچھ لون (Loan) کیاپیٹل اسکیمس یعنی ریزروائر وغیرہ بنانے کے لئے حاصل کرسکتے ھیں ۔ اس میں اور بھی بہت سی باتیں آسکتی ھیں یعنی جو رقم ھو اسکو سٹی اور ڈسٹرکٹس کے لئے ڈسٹریبیوٹ کرنا ، کارپوریشنس کو دینا ۔ ڈسٹرکٹ میونسپالٹیز کو دینا اور ول سنکنگ کے لئے پرائررٹی فکس اپ (Priority fix up) کرنا ۔ ان ساری باتوں کے لئے میں چاھتا ھوں کہ ایک ھائیر پاور واٹر سپلائی بورڈ (Higher Power Water Supply Board) قائم کرنا چاھئے ۔ کل ھی ھم نے یہ ڈسکس کیا ھے کہ منسٹرس کو پالیسی بنانا چاھئے اور آفیسرس اسکو اکزیکیوٹ (Execute) کریں ۔ اسلئے یہ معمولی کام منسٹیریل لیول (Ministerial level) پر ھوں تو زیادہ فائدہ مند نہیں ھوگا اسلئے صلاحیت سے کام انجام دینے کے لئے ایک واٹر سپلائی بورڈ قائم ھو جائے تو وہ ولیجس اور ڈسٹرکٹ ٹاؤنس (District towns) کی اسکیمس کو چلانے میں مدد دیگا ۔ اس بورڈ کی سخت ضرورت ھے اور اگر آج اس بات کو نہیں مانینگے تو آئندہ اسکو ماننا پڑیگا ۔ اتنا کہتے ھوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

* شری عبدالرحمن (ملک پیٹھ) :- مسٹر اسپیکر سر - پانی کی سر براھی کا مسئلہ نہایت ھی اھم ھے کیونکہ یہ روزمرہ کی ضروریات میں سب سے پہلی چیز ھے - اور اسی اعتبار سے ھمیں اس مسئلہ کو دیکھنا ھے - آج اگرچیکہ پانی کی سر براھی سے حکومت کو نقصان ھو رھا ھے - تقریباً تین ساڑھے تین لاکھ کا نقصان ھو رھا ھے لیکن میں سمجھتا ھوں کہ گورنمنٹ کو اسے نقصان نہ سمجھنا چاھئے کیوں کہ ھر مہذب حکومت کا یہ فرض ھوتا ھے کہ اپنے عوام کی اپنی رعایا کی بعض ضروریات کی تکمیل کرے - ان ضروریات کی تکمیل میں پانی کی سربراھی بھی ھے - اس اعتبار سے ھم اس یر آمدنی کا اور خرچ کا حساب جس طرح اور مدات کے بارے میں کرتے ھیں ویسا نہیں کرسکتے - پھر بھی ھم اس ساڑھے تین لاکھ کے نقصان کو کسی نہ کسی طرح سے پورا کرسکتے ھیں - لیکن اس کا وہ طریقہ نہ ھونا چاھئے جو اس بل میں بتلایا گیا ھے - اس نوبت پر میں آج کے حالات میں اس کی مخالفت کرتا ھوں - معزز ممبر فرام سکندرآباد نے اس پر روشنی ڈالی ھے اورکچھ سفارشات یا تجاویز حکومت کے سامنے رکھے ھیں میں ان کی پوری پوری تائید کرتا ھوں اور حکومت سے مطالبہ کرتا ھوں کہ آئندہ بجٹ سشن تک غور کرنے کے لئے اس کو ملتوی کیا جائے یا نہیں توکم ازکم ایک سلکٹ کمیٹی کے حوالہ کیا جائے تاکہ اس بل کے نتائج و عواقب پر غور کیا جاسکے ابھی ابھی میرے ایک ساتھی ممبر نے اس بل کے تعلق سے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ بل ایسی حالت میں پیش ھوا ھے جب کہ ھم بہت مصروف ھیں ھمیں اس بل پر کافی توجہ دینے کے لئے وقت ھی نہیں ملا - لیکن اب چونکہ یہ بل آچکا ھے اور سرکاری بنچس کے ایک معزز ممبر نے ایک تجویز پیش کی ھے اس لئے میں توقع کرتا ھوں کہ آئندہ بجٹ سشن تک اس بل کو ملتوی کیا جائیگا -

* شری جے - بی - متیال راؤ :- مسٹر اسپیکر سر - اس بل پر بحث کے وقت میں دو چار سجسشنس (Suggestions) آنریبل منسٹر فار لوکل گورنمنٹ کو دینا چاھتا ھوں - ساتھ ساتھ جیسا کہ آنریبل ممبر آف دی اپوزیشن نے کہا کہ اس بل کو ملتوی کیا جائے یا اس کو سلکٹ کمیٹی کے حوالہ کیا جائے میں اس کی ضرورت محسوس نہیں کرتا - میں نے آنریبل منسٹر صاحب سے ان کی اسپیچ کے دوران میں یہ کوئسچن کیا تھا کہ آیا اس بل کے تحت کنٹونمنٹ ایریا کو بھی شامل کیا گیا ھے یا نہیں - مجھے اس لئے پوچھنا پڑا کیوں کہ میں کنٹونمنٹ کا رھنے والا ھوں اور وھاں کا ریپریزنٹیٹیو (Representative) بھی ھوں جس میں کنٹونمنٹ شامل ھے - کنٹونمنٹ کے لوگوں کو خاص کر دھوپ کالے میں پانی کے لئے بہت تکلیف اٹھانا پڑتا ھے - میں منسٹر صاحب سے بیان کرنا چاھتا ھوں کہ جب وھاں ملٹری تھی تو (برٹش گورنمنٹ کے زمانہ میں بھی اور حیدرآباد گورنمنٹ کے زمانہ میں بھی) کچھ ٹرمس اینڈ کنڈیشنس (Terms & Conditions) تھے اور ان کے تحت ھی واٹر سپلائی ھوتا تھا - وھی سسٹم آج بھی چل رھا ھے - لیکن اب نہ برٹش گورنمنٹ رھی اور نہ گورنمنٹ آف حیدرآباد آج ھندوستانی حکومت ھے جس میں حیدرآباد شامل ھے تو اس سلسلہ میں بھی

کنٹونمنٹ کے لئے کوئی ڈفرنس (Difference) نہ ہونا چاہئے - آپ کے ٹرمس اینڈ کنڈیشنس چاہے کچھ بھی ہوں لیکن ایک رپریزنٹیٹیو کی حیثیت سے مجھے یہ کہنا ہے کہ حیدرآباد اور سکندرآباد کے لوگوں کو جس طرح پانی کی سہولتیں دی جاتی ہیں ویسی ہی سہولتیں کنٹونمنٹ کے لوگوں کو دیں - یہاں قابل ذکر بات یہ ہے کہ وہ پانی نہ لیتے ہوئے بھی ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ آپ کہیں گے کہ یہ کیسی عجیب بات ہے پانی نہ لیتے ہوئے بھی انہیں ٹیکس دینا پڑتا ہے۔ چونکہ میں تفصیلات اپنے ساتھ نہیں لایا ہوں اس لئے پوری تفصیلات هاؤز کے سامنے نہیں رکھ سکتا - لیکن مجھے اب یہ کہنا ہے کہ کنٹونمنٹ کے لوگ رپریزنٹ کرنے کے باوجود انہیں واٹر سپلائی برابر نہیں کی گئی - میں سمجھتا ہوں کہ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ حیدرآباد اور سکندرآباد میں جیسے الکٹڈ باڈیز (Elected Bodies) ہیں ویسے وہاں نہیں ہیں - سکندرآباد کنٹونمنٹ میں آج بھی نامینیٹڈ رپریزنٹیٹیوز ہیں اور وہ جنتا کا کام ٹھیک ڈھنگ سے نہیں کر رہے ہیں - چنانچہ نوبت آئی کہ ڈسٹرکٹ کانگریس پارٹی اور ساتھ ساتھ وارڈ کانگریس والوں نے پنڈت جی اور ڈیفنس منسٹری کے پاس رپریزنٹیشن کیا تو اب کنٹونمنٹ میں بھی الکشن ہونے والا ہے - میں جانتا ہوں کہ کنٹونمنٹ میں الکشنس ہونے سے پانی کا مسئلہ حل نہیں ہوجائیگا - بلکہ جب وہاں بھی الکٹڈ باڈیز بن جائیں گے تو گورنمنٹ کے پاس موثر طریقہ سے رپریزنٹیشن ہو سکے گا - لیکن میں چاہتا ہوں کہ اس سے پہلے ہی گورنمنٹ اسٹپس (Steps) لے اور سکندرآباد اور حیدرآباد کے لوگوں کو جیسی واٹر سپلائی کی سہولتیں ملتی ہیں وہی کنٹونمنٹ کے لوگوں کو بھی دی جائیں ہمارے پاس کی سڑکوں کو بھی وسعت دینی چاہئے - برٹش گورنمنٹ کے زمانہ میں حیدرآباد گورنمنٹ سے کنڈیشنل اگریمنٹ (Conditional agreement) ہوا تھا - ہم دیکھتے ہیں کہ بلارم میں اسکول بلڈنگس پر کوئی توجہ نہیں ہوئی اور نہ سڑکوں پر کوئی توجہ دی جاتی ہے - ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ کنٹونمنٹ میں رہنے کی وجہ سے کسی ولیج میں رہتے ہیں جہاں هندوستانی سرکار نہیں ہے - اس لئے میں ٹھنڈے دل سے اس جانب غور کرنے کے لئے آنریبل منسٹر صاحب کا دھیان آکرشت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ ہماری طرف بھی کچھ دھیان رکھیں۔ اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

* شری انا راؤ گن مکھی (افضل پور) :- مسٹر اسپیکر سر - اس بل میں جو اصول بیان کئے گئے ہیں ان سے کسی کو اختلاف نہیں ہوسکتا - ہمارے لوکل باڈیز کارپوریشن میونسپالٹیز کے ذمہ کچھ خاص فنکشنس (Functions) ہیں - جیسے سیانیٹیشن (Sanitation) ہائیجن (Hygiene) هلتھ وغیرہ - اس بل کے پیش کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کانسٹی ٹیوشن کے لحاظ سے واٹر سپلائی کو اپنے ہاتھ میں لینا چاہتی ہے - اس بل کے مختلف دفعات سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اس کے ایریا کو وقتاً فوقتاً اکسٹنڈ (Extend) کیا جاسکتا ہے - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس بل کو ڈسٹرکٹس کے لئے بھی اکسٹنڈ کیا جائیگا - اور کیا یہ اسٹاپ گیپ ارینجمنٹ (Stop Gap arrangement)

ہے - اگر میونسپل کارپوریشن ایسا انتظام نہیں کرسکتی اسلئے حیدرآباد گورنمنٹ کچھ دنوں کے لئے اسکو اپنے تحت لے رہی ہے تو واقعی طور پر یہ بل خیرمقدم کے قابل ہے - اور اگر اس کا مقصد یہ ہے کہ گورنمنٹ اٹانمس باڈیز (Autonomous bodies) کے اختیارات چھین کر اپنے قبضہ میں لے تو یہ درست نہیں ہوگا - اورنگ‌آباد کے سوا سارے میونسپالٹیز واٹر سپلائی کا کام چلا رہے ہیں - پیور واٹر (Pure Water) ملنا انتہائی ضروری ہے - اس کے لئے حیدرآباد کو جس قدر اہمیت دیجاتی ہے اتنی ہی اہمیت ڈسٹرکٹس کو بھی دیجانی چاہئے - اگر گورنمنٹ اٹانمس باڈی کے اختیارات اپنے قبضہ میں لینے کی نیت سے یہ بل پاس کروانا چاہتی ہے تو اسکو ٹھیک نظر سے نہیں دیکھا جاسکتا - آنریبل ممبر فار سکندرآباد نے کہا چاہے کمرشیل کنسرن (Commercial concern) ہو یا سمی کمرشیل ہو اس کو نو پرافٹ نو لاس بیسس پر چلانا چاہئے - لیکن یہ ایک اٹانمس باڈی کا فرض ہے - اس کو گورنمنٹ نے اپنے ہاتھ میں لیکر میونسپالٹی کے اختیارات کو چھینا ہے - اس میں سکندرآباد کو خاص طور پر شامل نہیں کیا گیا - سکندرآباد میں بلک سپلائی (Bulk Supply) کی جاتی ہے اس کو گورنمنٹ حاصل کرتی ہے - خود کنزیومرس (Consumers) سے سکندرآباد میونسپالٹی اپنا ٹیکس وصول کرتی ہے - شہر حیدرآباد میں پی - ڈبلیو - ڈی کے تحت واٹرورکس ہے - حیدرآباد میونسپل کارپوریشن نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ واٹر سپلائی اور ڈرینج ہمارے حوالہ کئے جائیں - لیکن ڈرینج چونکہ خرچ کا محکمہ ہے - اس‌لئے اسکو اپنے پاس ہی رکھکر واٹر سپلائی حوالہ کرنے ایگری (Agree) کیا - ممکن ہے وہ اپنی اس اسکیم سے دستبردار ہوئے ہوں ایسی صورت میں گورنمنٹ کو مدد کرنی چاہئے - سٹی کی ضروریات بھی گورنمنٹ کو پورے کرنا چاہئے - اس ایکٹ کو ہمیشہ کے لئے اسٹیاٹیوٹ بک (Statute book) میں نہ رکھنا چاہئے کارپوریشن ایکٹ میں واٹر ورکس کے لئے پراویژن موجود ہے - اور اسطرح جب دو تین سال کے بعد کارپوریشن کی فینانشیل پوزیشن اچھی ہو جائے گی تو یہ ان کو دینا ہی پڑیگا - کیونکہ یہ اس کی کانسٹی ٹیوشنل ذمہ داری ہے - آنریبل ممبر فار سکندرآباد نے جو تجویز رکھی ہے کہ اٹانمس باڈیز کے اختیارات ان ہی کو رہنے چاہئیں گورنمنٹ اس قسم کے اختیارات اپنے ہاتھ میں لیکر ساری ذمہ‌داری اپنے پر نہ لینا چاہئے - سارے میونسپالٹیز کا جو کوآرڈینیشن (Co-ordination) ہونے والا ہے اسکے لحاظ سے واٹر بورڈ ترتیب دینا چاہئے جو سارے میونسپالٹیز کو ایسے قواعد کو گیارنٹڈ کرے - حیدرآباد گورنمنٹ سے کارپوریشن کو امداد دلانے کا اختیار ایک بورڈ کو دینا چاہئے - اس کی بجائے اگر یہ اختیار واٹرسپلائی اتھارٹی (Water Supply authority) کو دیں تو وہ اپنے انگیجمنٹس (Engagements) کی وجہ اسطرف دھیان نہیں دے گی - واٹر ورکس اسنشیل سرویس (Water works essential service) میں میونسپالٹیز (Municipalities) ہی افیکٹیولی (Effectively) سیانیٹیشن کام کرسکتے ہیں

کام کرسکتے ھیں ۔ صاف پانی کی فراھمی کا مسئلہ صرف حیدرآباد کی حد تک ھی نہیں بلکہ ھر جگہ کے لئے اھمیت رکھتا ھے ۔ اسلئے اس پر وسعت کے ساتھ غور کرنا چاھئے ۔

بل میں ریٹس (Rates) کے بارے میں جو پروپوز کیا گیا ھے اس کو میں ولکم (Welcome) کرتا ھوں ۔ ڈسٹرکٹ میں جہاں ساڑھے چار روپئے وصول کئے جاتے ھیں وھاں حیدرآباد میں ایک روپیہ ھے ۔ حیدرآباد کو اسطرح کا ٹریٹمنٹ (Treatment) دینے کی وجہ سے ڈسٹرکٹس کے ریٹس بڑھے ھوئے ھیں ۔ اس کو پر کرنے کے لئے جو واٹر ریٹس فکس (Water rates fix) کئے جائینگے ان سے حیدرآباد واٹر سپلائی میں سلف سفیشنسی (Self-sufficiency) آسکیگی ۔ ورنہ حیدرآباد کے لئے سبسیڈی (Subsidy) بھی دیتے جائیں اکسٹنشن (Extension) بھی کریں اور اپنے خزانے کو ڈفیسٹ (Deficit) رکھیں تو ٹھیک نہوگا ۔ ھم دیکھتے ھیں کہ ڈسٹرکٹس میں نہ تو ڈرینج کا انتظام ھے اور نہ پانی کا ھی ٹھیک انتظام ھے ۔ گورنمنٹ کافی پیسہ فراھم نہیں کرسکتی ۔ اور اسکے نتیجے کے طور پر ملیریا کالرا وغیرہ جیسے امراض پھیل جاتے ھیں ۔ واٹر سپلائی ٹھیک ھوتو ڈرینج کا انتظام بھی ٹھیک رہ سکتا ھے ۔ ھرڈسٹرکٹ میں پانی کی کمی کی وجہ سے ھی ڈرینج سسٹم ٹھیک نہیں رھتا ۔ میں کہونگا کہ گورنمنٹ جو واٹر بورڈ تشکیل دے اس کے ساتھ ساتھ میونسپالٹیز اور اٹانمس باڈیز کے اختیارات کو نہ چھینے ۔ میں امید کرتا ھوں کہ یہ بل اسٹاپ گیپ ارینجمنٹ ھے اور ھر وقت گورنمنٹ کے اسٹیاٹیوٹ بک میں نہ رھیگا ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- مسٹر اسپیکر سر ۔ میں ان آنریبل ممبرس کا جنھوں نے اس بل کا سواگت کیا اور ساتھھی تمام آنریبل ممبرس کا شکریہ ادا کرتا ھوں ۔ اس سلسلہ میں تین چار نکات پیش کئے گئے ۔ بعض سجیشنس دیئے گئے ۔ بعض آنریبل ممبرس نے کہا کہ واٹر بورڈ بنانا چاھئے ۔ آنریبل ممبرقوام کریم نگر نے چار پانچ چیزیں پیش کیں ۔ میں ترمیمات کے موقع پر ان کا تفصیلی جواب دونگا ۔ اس وقت میں یہ کہونگا کہ انہوں نے جو اعتراض کیا ھے وہ غلط فہمی پر مبنی ھے ۔ ایک اعتراض کا جواب فسٹ ریڈنگ کے موقع پر ھی دینا چاھتا ھوں ، کیونکہ کچھ آنریبل ممبرس غلط فہمی میں مبتلا نظر آتے ھیں ۔ یہ کہا گیا کہ تمام اضلاع کے لئے ایک ھی قانون کیوں نہیں بنایا گیا ۔ حیدرآباد اور سکندرآباد کے لئے ایک قانون بنا ھے ۔ اس کا جواب آخر میں تقریر کرنے والے آنریبل ممبر کی تقریر میں آچکا ھے ۔ واٹر سپلائی کرنے کا انتظام لوکل باڈیز کے ذمہ ھوتا ھے اور ھمیں یہ کام انہیں کے سپرد کرنا چاھئے ۔ ایسی صورت میں تمام اضلاع کے لئے ایک ھی قانون کی ضرورت نہیں ھوتی ۔ ھمارے پاس میونسپالٹیز بل ھے ۔ کارپوریشن بل بھی ھے ۔ ان میں واٹر سپلائی کے لئے الگ الگ چیپٹر (Chapter) ھے ۔ اس میں اس کا مکمل

ڈھانچہ ، فینانس اور اڈمنسٹریشن سب موجود ہے اور وہاں واٹر سپلائی کا کام لوکل باڈیز سے متعلق ہو جائیگا ۔ خود ۱۹۵۰ء کے قانون میں بھی اس کا چیپٹر ہے ۔ گو اس میں ڈفکٹ ہے ۔ کارپوریشنس کا نیا بل جو ایوان میں انٹروڈیوس کیا گیا ہے اس میں ان مشکلات کو رفع کیا گیا ہے ۔ اور اس لحاظ سے تمام چیزیں ریگولرائز (Regularise) ہو جائینگی ۔

یہ صحیح ہے کہ جیسا ابھی ایک آنریبل ممبر نے اپنی تقریر میں فرمایا ، کارپوریشن اور حکومت میں اس بارے میں تبادلہ خیال ہوا تھا اور ڈرینج و واٹر سپلائی کو لینے کے بارے میں کارپوریشن نے رضامندی کا اظہار کردیا تھا ۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے کہ ایسا ڈرینیج چونکہ زیادہ خرچے کا محکمہ ہے اسلئے کارپوریشن لینے کے لئے رضامند نہیں ہے ۔ ایسا نہیں ہے ۔ مشکل جوھو رھی ہے وہ یہ ہے کہ ایک نیشنل اسپارٹنس (National importance) کا مسئلہ ہے ۔ اس لئے نہایت احتیاط کے ساتھ ان مسائل کا حل دریافت کرنا پڑتا ہے ۔ ریزروائرس کے تعلق سے ٹکنیکل اڈوائزرس (Technical Advisers) کا خیال یہ ہے کہ ریزروائرس پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ۔ کے تحت رھنا چاھئے ۔ اور فلٹر بیڈس (Filter beds) اور ڈسٹربیوٹری سسٹم (Distributary system) کو کارپوریشن کے تفویض کردیں ۔ بلک واٹر سپلائی (Bulk water supply) جس طرح سکندرآباد میں دو هزار دیئے جاتے ھیں نارمل کنزمپشن (Normal Consumption) .....

شری اناراؤ گن مکھی :— ڈسٹرکٹ میں یہ انتظام پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ۔ کے ذمہ ہے یا کسی اور کے ذمہ ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے :— کس کا انتظام ؟

شری انا راؤ گن مکھی :— ریزروائرس کا ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے :— ریزروائرس کی دشواریاں نہیں ھیں ۔ انہوں نے کہا ہے کہ ریزروائرس ھمارے ذمہ کردئے جائیں تو وہ انہیں ذمہداری کے ساتھ چلاسکینگے ۔ یہ انہوں نے مان لیا ہے ۔ نارمل طور پر حیدرآباد میں پانی کی جو میٹرڈ اینڈ ان میٹرڈ (Metered & unmetered) مقدار استعمال کی جارھی ہے اوس کو کیا لکولیٹ (Calculate) کریں تو ۲ ۔ آنے کے حساب سے ۲۰ لاکھ روپیہ دینا پڑتا ہے ۔ اور اس کے مقابلہ میں جو ٹکسیس وصول ھوتے ھیں وہ مقدار کافی نہیں ھیں ۔ نتیجہ یہ ھوگا کہ ڈیفیسٹ (Deficit) کو پورا کرنے کے لئے امداد دینا پڑیگا ۔ کارپوریشن کا معاملہ ہے ، چاھے پانی دے یا نہ دے کہکر حکومت ذمہداری سے بری نہیں ھو سکیگی ۔ اگر ان کو ڈیفیسٹ آتا ہے تو اوس رقم کو مہیا کرنے کے لئے وسائل نکالنے پڑینگے ۔ ظاھر ہے کہ جب تک ان میں اتنی طاقت نہ پیدا ھوجائے جب تک ان کے مالی حالات درست نہ ھوجائیں اس وقت تک

ان کی مرضی کے خلاف اس چیز کو ان پر ٹھونسنا عوام کے لئے فائدہ بند نہیں ہوگا ۔ اس لئے انہوں نے اس کے امپلیکیشن (Implication) کو اسٹاپ گیاپ لیجسلیشن (Stop gap legislation) کرنے کے لئے موقع لیا ہے ۔ در اصل جب وہ ذمہ داری اٹھا نے کے قابل ہوجائیں گے تو واٹر سپلائی کا انتظام ان کے حوالے کردیا جائیگا ۔ اس ایکٹ میں ہم نے اس کی گنجائش رکھی ہے ۔ دوسرے یہ کہ حکومت یہ سمجھتی ہے کہ کارپوریشن سے متعلق اگر یہ ہوجائے تو یہ ایکٹ حیدرآباد شہر سے غیر متعلق ہوجائیگا ۔ اس لئے دونوں بلس میں اس کی گنجائش رکھی گئی ہے ، کیونکہ کسی کو محروم کرنے کا ارادہ نہیں ہے ۔ میونسپل بل واٹر سپلائی کے لئے موجود ہے ۔ نو پرافٹ ۔ نو لاس (No profit no loss) کی بیسس پر چلایا گیا ہے ۔ جہاں تک میونسپالٹیز کا تعلق آتا ہے ان کا انتظام ایک بورڈ کرتا ہے ۔ اس سے واٹر سپلائی کو کوآرڈینیٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ ایک اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ حیدرآباد و سکندرآباد کے لئے بورڈ کیوں بنایا گیا ۔ حیدرآباد کے لئے اس لئے بنایا گیا کہ کارپوریشن کے تحت واٹر سپلائی اسکیم نہیں ہے ۔ یہ ایک سادھا سیدھا سا جواب ہے ۔ دوسرا پوائنٹ آنریبل ممبر فار سکندرآباد نے یہ ریز (Raise) کیا کہ واٹر بورڈ اس طرح قائم کیا جائے وغیرہ ، وغیرہ ۔ میں ایک امریکن آتھرڈبلیو ۔ ڈی ۔ مانرو کی لکھی ہوئی کتاب کا ایک اقتباس پڑھکر سنانا چاھتا ہوں ۔ جو عام ٹنڈنسی (Tendency) امریکہ اور انگلینڈ میں ہے وہ یہ ہے کہ واٹر ڈپارٹمنٹ ایک کمشنر اور سپرنٹنڈنگ انجینیر کے تحت رہے اور پورے پاورس ہلتھ منسٹر کو دے دئے جائیں کیوں کہ محکمہ اسینشیل سرویس (Essential Service) کی تعریف میں آتا ہے ۔ اس میں پالیٹکس (Politics) کو لانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ واٹربورڈ قائم کرنے کی تجویز ایک پرانا خیال ہے ۔ اس کو مہذب ممالک نے ترک کردیا ہے ۔ جو تھیری (Theory) سنہ ۱۹۱۸ع میں وھاں ترک ہوگئی ہے اوسے سنہ ۱۹۵۴ع میں ہم کیوں جاری رکھیں ؟ ڈاکٹر منرو نے سنہ ۱۹۱۸ع میں ایک کتاب لکھی تھی ۔ اوس کا ایک اقتباس میں آپ کو پڑھکر سنانا چاھتا ہوں ۔ وہ یہ ہے :-

"In many cities the water department is still in charge of a board, usually made up of three or five members. Only in smaller communities are these now elected by popular vote; in the larger ones, as a rule, they are appointed. There are so many objections to the board system as applied to the management of this department that the general tendency is to get away from it."

Shri V. B. Raju : My intention was not of such a board; it may be something like the Railway Board and the Electricity Board that is suggested under the Government of India Electricity Act.

شری گوپال راؤ اکبوٹے :— ممکن ہے وہ اس بیسس پر آتا ہو - پھر بھی زیادہ فرق نہیں پڑتا ہے - کیونکہ ایک بورڈ کے تحت دینے کی بجائے باسٹن - نیویارک سٹی میں ایسے بورڈس قائم تھے اور اسکو انہوں نے اکسپلوڈ (Explode) کردیا اور ضرورت اسکی سمجھی کہ ایک انجینیر کے تحت اسکو کردیا جائے - سنہ ۱۹۴۵ع کے ایکٹ کے لحاظ سے انہوں نے منسٹری آف ہلتھ کو کئی پاورس دینا مناسب سمجھا کیونکہ اس میں نیشنل امپارٹنس (National importance) کا سوال ہے اور اسکو اسینشیل سرویس (Essential Service) سمجھا جاتا ہے - اسلئے بورڈ کو ابالش کرکے منسٹر کے تحت کمشنر اور انجینیر کو کردیا گیا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ان حالات میں انکی اکسپلوڈیڈ تھیوری (Exploded theory) سے گریز کرنا مناسب ہوگا - البتہ انکا دوسرا جو سجیشن ہے وہ ٹھیک ہے کہ کیا پیٹل اکسپنڈیچر میں سے ڈیپریسیئیشن (Depreciation) نکالنا چاہئے - اسکے بعد میں نہیں سمجھتا کہ کوئی اعتراض ہوسکتا ہے -

ایک سوال کنٹونمنٹ سے متعلق بھی کیا گیا ہے کہ کیا کنٹونمنٹ کو بھی سکندرآباد کے واٹر سپلائی اسکیم میں شریک رکھا گیا ہے ؟ سکندرآباد میں بلک سپلائی کا سسٹم ہے - فی‌الحال ساڑھے دس لاکھ کی آبادی کو زیادہ مقدار میں پانی مہیا کرنے میں دشواری ہو رہی ہے - اوسکے‌لئے ایک اسکیم زیر غور ہے - اسکیم کے منظور ہونے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ جو مشکلات ہیں وہ سب ختم ہو جائینگی - میں سمجھتا ہوں کہ میری تقریر نے تمام چیزوں کو کور (Cover) کرلیا ہے اور اگر کچھ چیزیں باقی رہگئی ہیں تو وہ آنریبل ممبر فار کریم‌نگر کے امنڈمنٹ کے سلسلہ میں آتی ہیں - اسلئے جب وہ امنڈمنٹس پیش ہونگے تو میں اونکا جواب اوسی وقت دونگا -

Mr. Speaker: The question is:

"That L. A. Bill No. XXXIV of 1954, the Hyderabad City Water Supply Bill, 1954, be read a first time."

The motion was adopted.

The House then adjourned for recess till Half Past Five of the Clock.

The House re-assembled after recess at Half Past Five of the Clock.

[*Mr. Speaker in the Chair*]

Shri Gopal Rao Ekbote: I beg to move:

"That L. A. Bill No. XXXIV of 1954, the Hyderabad City Water Supply Bill, 1954, be read a second time."

Mr. Speaker : The question is :

"That L. A. Bill No. XXXIV of 1954, the Hyderabad City Water Supply Bill, 1954, be read a second time."

The motion was adopted.

Clauses 2 and 3.

Mr. Speaker : The question is :

"That clauses 2 and 3 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clauses 2 and 3 were added to the Bill.

Clause 4.

Shri Ch. Venkatrama Rao : I beg to move:
"That in line 3, omit "by the consumers at their own cost"

Mr. Speaker : Amendment moved.

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ :- مسٹر اسپیکر سر - میں نے اپنی بحث کے دوران میں فسٹ ریڈنگ کے موقع پر یہ بتانے کی کوشش کی کہ مڈل کلاس - لوئر مڈل کلاس یا مزدور طبقہ اپنے کاسٹ پر اپنی طرف سے میٹر رکھنے کے قابل نہیں - میں نہیں جانتا کہ اوس میٹر کی قیمت کیا ہے اور نہ ہی منسٹر صاحب نے بحث کے دوران میں اسکو واضح کیا - میں سمجھتا ہوں کہ اسکی قیمت معقول ہوگی - الکٹرک میٹر کی قیمت ایک سو روپیہ ہوسکتی ہے -

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- ۵۰ یا ۶۰ روپیہ ہوتی ہے -

شری سی ایچ وینکٹ رام راؤ :- یہ قیمت بھی آج لوئر مڈل کلاس یا مزدور طبقہ دینے کے قابل نہیں ہے - اس میں انسٹالمنٹس پر لینے کے متعلق بھی کوئی پراویژن نہیں ہے - ایسی حالت میں پچاس ساٹھ روپیہ یکمشت داخل کرنا مشکل ہے - آنریبل منسٹر بار بار یہ کہتے رہے کہ ہم یہ کوشش کررہے ہیں کہ ہر گھر میں نل پہنچ جائے - مگر ہر گھر کا وہی اسٹینڈرڈ یا وہی لیول نہیں ہوسکتا کہ ہر شخص نل رکھ سکے آپ کی خواہش تو اچھی ہے لیکن اس پر عمل کرنے کے لئے لوگوں میں استطاعت نہیں ہے - الکٹرسٹی ڈپارٹمنٹ کی جانب سے میٹرس لگائے جاتے ہیں البتہ اوسکے متعلق ڈپازٹ رکھنا پڑتا ہے - یہاں بھی حکومت ہر گھر میں پائپ لگانا چاہتی لیکن اوسکا بار لوگ برداشت نہیں کرسکتے - اوسکے علاوہ اس بل میں کوئی ایسا پراویژن نہیں کہ انسٹالمنٹ کے ذریعہ آہستہ آہستہ ادا ہوسکے - اس لئے حکومت اگر فی الوقت اس بار کو برداشت کرلے تو بہتر ہوگا اور منسٹر صاحب کی خواہش بھی پوری ہوسکتی ہے کہ

ہر گھر میں نل پہنچ جائے - اس لئے میری خواہش یہ ہے کہ حکومت اس کی کاسٹ خود برداشت کرے -

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- مسٹر اسپیکر سر - اس سلسلہ میں صرف ایک ہی عذر ہے جو کیا جارہا ہے - وہ یہ کہ بعض لوگوں میں اسکی سکت نہیں رہتی کہ وہ (۵۰) یا (۶۰) روپیہ کا میٹر خرید سکیں - لیکن اس بل میں ایک کلاز (۴) وہی ہے جو انیبلنگ کلاز (Enabling clause) ہے - ظاہر ہے کہ کوئی حکومت کسی پر اس قسم کی زبردستی نہیں کرسکتی کہ ہر شخص میٹر لے - البتہ

Persecution mixed with a little coercion.

کا طریقہ اختیار کیا جاسکتا ہے - گراجولی (Gradually) اس کو کیا جاسکتا ہے - یعنی جسکی آمدنی ہزار روپیے ہے وہ یکمشت رقم ادا کرے - پانچ سو روپیہ تک جنکی آمدنی ہے وہ دو تین سال میں ادا کریں - سو دو سو روپیہ جنکی آمدنی ہے وہ تین چار سال میں ادا کریں - اسطرح کی سہولتیں دیجاسکتی ہیں - دوسرے ممالک میں بھی جہاں میٹر سسٹم نافذ ہے وہاں میٹر ٹیکس گراجولی وصول کیا گیا تھا - اور کئی سہولتیں دیگئی تھیں - اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جہاں میٹر سسٹم رکھا گیا ہے وہاں لوگ کافی عادی ہوگئے ہیں اور وہ اس کو پسند کر رہے ہیں کہ میٹرڈ واٹر سسٹم (Metered water system) کے طریقہ سے جو پانی فراہم کیا جاتا ہے وہ زیادہ فائدہ مند اور کم خرچ والا ثابت ہوتا ہے - اگر ایک جنرل واٹر ٹیکس فلاٹ ریٹ (Flat rate) کے طور پر لگا دیں تو لوگوں کو اور زیادہ نقصان ہوتا ہے - اسکے برخلاف اگر انیشیلی (Initially) تھوڑا سا پیسہ خرچ کریں تو لانگ رن (Long run) میں کنزیومرس کو فائدہ ہوتا ہے اور میٹر کا خرچہ بھی نکل جاتا ہے - فلاٹ ریٹ میں پانی جو استعمال ہوتا ہے اوس پر زیادہ قیمت لگ جاتی ہے - لیکن میٹر لگانے کے بعد جتنا پانی وہ خرچ کریں اوتنا ہی پیسہ دینا پڑتا ہے - اس لئے کمرشیل اوٹ لک (Commercial outlook) رکھنے والے لوگ میٹر سسٹم کے فائدہ سے انکار نہیں کرسکتے ، کیونکہ اون کو لانگ رن میں فائدہ ہوتا ہے - میں اس کا اطمینان دلا سکتا ہوں کہ اس سلسلہ میں کوئی زبردستی کسی پر نہیں کی جائیگی بلکہ گراجولی زیادہ میٹرس دینے کی کوشش کی جائیگی - اور جیسا کہ میں نے کہا وہی طریقہ اختیار کیا جائیگا - میں سمجھتا ہوں کہ اس اطمینان کے بعد آنریبل ممبر قرام کریم نگر اپنی ترمیم کو واپس لےلینگے -

Mr. Speaker: The question is:

"That in line 3, omit: "by the consumers at their own cost"

The motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That clause 4 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clause 4 was added to the Bill.

Clauses 5, 6, 7 *and* 8.

Mr. Speaker : The question is:

"That clauses 5 to 8 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clauses 5 to 8 were added to the Bill.

Clause 9.

Mr. Speaker : There is an amendment to omit the clause. It cannot be moved, but can be discussed.

**Shri V. D. Deshpande :* I stand to oppose the clause. Clause 9 reads :

"The Government may by notification, order the levy of general water tax, according to the rate fixed from time to time, on houses that do not have private pipe connections."

अिसमें यह कहा गया है कि जिन घरों में प्रायव्हेट पाअिप लाअीन नहीं हैं, और जिन घरों में प्रायव्हेट कनेक्शन न हों अुनपर भी गव्हर्नमेंट वॉटर टॅक्स लगा सकती है। अैसा कोअी आदमी आज के जमाने में नहीं हो सकता है जो कि अपने घर में वॉटर पाअिप न लगाये। हर शख्स की यह अिच्छा रहती हैं कि अपने घर में पानी और लाअिट का अितेजाम ठीक तरह से हो। लेकिन कुछ लोग अैसे होते हैं जिनके माशी हालात अिस तरह की अिजाजत नहीं देती की वे अपने घरों में अलग वॉटर लाअीन लगा सकें। अैसे लोगों पर भी टॅक्स लगाना जो कि वॉटर पाअिप अपने घर में अलग से नहीं लेते हैं मुनासिब नहीं होगा अैसा मेरा ख्याल है। मुल्क में अैसे छोटे तबके के लोग आज भी मौजूद हैं जो किसी तरह अपने घर में वॉटर पाअिप लाने का अितेजाम नहीं कर सकते। और वे यदि जनरल नल से पानी भरते हैं तो अुन पर भी आप जनरल वॉटर टॅक्स आयद करना चाहते हैं। अितनाही नहीं बल्कि आपने जो यह बिल आज लाया है अुसमे यह भी गुंजायश दीख पडती है कि आज जो वॉटर टॅक्स २ रुपया और ५ रुपया है अुसको भी बढाने की गुंजायश अिस बिल में रखी गयी है। और अैसा दीखता है कि गव्हर्नमेंट अिस टॅक्स को भी बढाना चाहती है। वॉटर टॅक्स में अिजाफे की वजह से और आपने जो मीटर लगाना लाजमी करार दिया है अुसकी वजह से, छोटे घरों वाले जो गरीब तबकें के लोग हैं वह अिच्छा होते हुअे भी अलग पाअिप लाअीन नहीं ले सकेंगे। और अैसी सूरत में यह सवाल पैदा होता है कि अैसे गरीब लोगों पर जनरल वॉटर टॅक्स लगाना कहां तक मुनासिब है। अैसा टॅक्स लगाना में मुनासिब नहीं समझता हूं। जैसा कि कहा गया है कि यह अक अैसा काम है जो नो प्राफिट नो लॉस (No profit no loss) की बेसेस पर चलाया जाना चाहिये।

लेकिन मैं कहना चाहता हूं कि वॉटर यह अेक सोशल अेमिनिटी (Social amenity) है। अुसकी हर अिनसान को जरूरत होती है। जिस तरह से लाअीट, हवा बगीचे सडकें यह सोशल अेमिनिटीज हैं, और हर शख्स को यह चीजें मिलनी चाहियें अुसी तरह से वॉटर भी अेक सोशल अेमिनिटी है। और वह हर शख्स को मिलनी चाहिये, अैसा मेरा ख्याल है। अिस के लिये कुछ खर्चा करना भी पडे या कुछ नुकसान भी सहना पडे तो अुसे हुकूमत को सहना चाहिये। और हुकूमत का यह फर्ज है अैसा मेरा ख्याल है। अिस लिये अिस तरह से जो अलग पाअिप लाअिन अपनी माशी हालत अच्छी न होने के कारण नहीं ले सकते हैं अुन्हें जनरल वॉटर टॅक्स लगाना ठीक न होगा। अिस लिये जनरल वॉटर टॅक्स लगाने के बारे में जो क्लॉज ९ है अुसे डिलिट (Delete) करने के लिये मने कहा है। अुमीद है कि मिनिस्टर साहब अिसे मंजूर करेंगे और वह क्लॉज को डिलिट करेंगे।

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- مسٹر اسپیکر سر- اس کلاز کی مخالفت اس بنیاد پر کی جاتی ھے کہ سوشیل امینیٹیز (Social amenities) پرووائڈ کرنا گورنمنٹ کا فرض ھے- اس لحاظ سے جنرل واٹر ٹکس لینے کی کوئی ضرورت نہیں - میں آنریبل لیڈر آف دی اپو زیشن کے معلومات کے لئے بتلاسکتا ھوں کہ سکندرآباد اور اضلاع میں جنرل واٹر ٹیکس لیا جاتا ھے- لیکن حیدرآباد میں نہیں لیا جاتا - اس دوعملی کو ختم کرنا ھے- کیونکہ اس دو عملی کو برقرار رکھنے اور امتیاز کرنے کی کوئی وجہ نہیں ھے - واقعہ یہ ھے کہ ٦٠ فی صد لوگ اسٹانڈ پوسٹ سے پانی لیتے ھیں - حالانکہ ان میں سے ایک کافی پرسنٹیج اپنے پاس نل لینے کی سکت رکھتا ھے- اگر آپ چاھتے ھیں کہ اس خسارہ کو جنرل ریوینیو سے پورا کیا جائے یا یہ کہ ڈسٹرکٹ پر زیادہ بار ڈال کر یہاں خرچ کیا جائے تو یہ اور بات ھے - واٹر ٹکس کے تین سسٹمس ھیں - فلاٹ ریٹ سسٹم - میٹر سسٹم - میژرمنٹ سسٹم (Measurement system) - ان میں سے فلاٹ ریٹ سسٹم پر حکومت کا کافی خرچ ھوتا ھے - جو نل لیتے ھیں ان پر تو ٹکس کی ذمہ داری کافی بڑے پیمانے پر عائد کرتے ھیں - لیکن وہ لوگ جو باوجود سکت رکھنے کے نل نہیں لیتے ان کو ویسے ھی چھوڑ دینا کیا ان جسٹس (Injustice) نہ ھوگا ؟ اور اس سے اضلاع سکندرآباد اور حیدرآباد میں ڈسکریمینیشن (Discrimination) بھی ھوتا ھے- یہ کسی طرح سوشیل جسٹس کی تعریف میں نہیں آتا - ان حالات میں میں کہونگا کہ کلاز ۹ کی مخالفت نہ کرتے ھوئے اس کو پاس کیا جائے-

Mr. Speaker: The question is:

"That clause 9 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clause 9 was added to the Bill.

Clause 10.

**Shri V. D. Deshpande:* Mr Speaker, Sir, I rise again to oppose clause 10: much more so because clause 9 has been

approved by the house and my opposition to it has not had the agreement of the House. It was argued by the Minister concerned that there should be social justice and from that point of view, because there is general water tax in district towns and other places, therefore, Hyderabad should also fall in line. I would have rather suggested that Hyderabad ought to have given lead in that respect and thereby some amenities should have been provided to the people in the districts. It will take little more or probably little longer for the Government to realise that certain social amenities have to be provided to the common man. Amenities of supply of water, amenities of lights, amenities of libraries, amenities of medicines and all these matters are considered to be social amenities, and will compensate the low pay of the common man and give him certain facilities. It is from this point of view that I had opposed the general water tax. Now, in view of the fact that the Government is imposing general water tax, and, at the same time, there is going to be special individual water tax, I feel this imposition of meter system has no basis. Why do we want that there should be meters? We want the meters because the supply of water should be rationed and also the expenses should be met. But when the Government has found out a way to meet this situation by levying a general water tax, I do not see any reason why the Government should take up the scheme of imposing meters on the people as such. Generally it is felt-and it is the general experience-that it is the big families or the houses which have many people, that use more water. Because of economic situation, more families consisting of a large number of persons will be using more water, and this introduction of meter will put them to difficulty; and it is they, in fact, who will be affected much more. It is because of that I had suggested that there should be no general water tax. If there is no general water tax, the imposition of meter system would not be a hardship. In that case people would have chosen not to take private connections for their houses, or if they had the capacity, they would have done it. But now they have to take private connections into their houses and if they are not in a position to take private connections, they will have to pay general water tax if all these things are there, it will be burdening the exchequer of low income groups too much and, therefore, I feel that the imposition of this meter system does not fit in and cannot be called to provide social amenities to the low income groups. Therefore, Sir, I feel that this clause which says :

" The consumers shall, within the time specified in the notification under section 4 fix at their own expenses meters for all private pipe connections" is not justified and should be deleted.

***Shri Anna Rao Ganamukhi :** Mr. Speaker Sir ; the reasons that are put forth by the leader of the Opposition in opposing this clause, I think, are not justified. This clause only imposes a restriction on the use of water so that it may prevent waste—and also uneconomic waste—by the people who consume water. It is seen in Hyderabad and elsewhere that water is wasted as no ceiling or restriction is imposed. In Hyderabad especially, we see that there is no departmentalisation or the Government or the Water Supply Department does not provide a separate system for raw-water and filtered-water. Filtered-water is used for washing, flushing, for drinking and for all purposes this water is consumed by the people. Therefore, it is very essential that meter system should be introduced and a strict watch should be kept on the use of water as Government spends a lot of amount on filtering process, in adding chlorine and other things. Hence, if no restriction is imposed on water supply, then, I think, the people will be wasting water without regard to the economic use of water. Therefore, the meter system which is proposed in the bill is very sound and I support it wholeheartedly.

* شری بی ۔ ڈی ۔ دیشمکھ :- مسٹر اسپیکر سر ۔ دفعہ (۴) میں جو اختیار دیا گیا ہے اس کے لحاظ سے یہاں یہ پراویژن بھی رکھا جارہا ہے کہ اگر کوئی کنزیومر (Consumer) میٹر نصب کرنے کے لئے آمادہ نہ ہو تو اس کا کنکشن بند کیا جائیگا ۔ پانی کا مسئلہ ایسی امینیٹیز (Amenities) سے تعلق رکھتا ہے جو فری آف چارج (Free of charge) سپلائی (Supply) ہونا چاہئے لیکن حکومت اس کے لئے کنزیومرس سے ٹکس وصول کرتی ہے ۔ ایسی صورت میں خود حکومت پر یہ فرض عائد ہو جاتا ہے کہ وہ کنزیومرس کے پاس اپنے صرفہ سے میٹر لگائے کلاز (۱۰) میں کنزیومر کے لئے میٹر نصب کرلینے ایک میعاد رکھی گئی ہے ۔ اس میعاد میں وہ نصب نہ کرے تو اس کی سپلائی منقطع کردی جاتی ہے ۔ یہ بہت زیادہ سختی ہے اس لحاظ سے دفعہ (۱۰) رکھنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ یہ کہا گیا کہ اکانمی کے تحت میٹر لگانا ضروری ہے کیونکہ فلٹر (Filter) پر کافی اخراجات عائد ہوتے ہیں اور پانی کا غیر ضروری صرفہ نہ ہونا چاہئے ۔ آپ کو چاہئے تھا کہ فلٹرڈ (Filtered) اور ان فلٹرڈ (Unfiltered) واٹر کے علحدہ علحدہ انتظامات کرتے تا کہ لیوٹریز (Lavatories) گارڈننگ وغیرہ میں فلٹرڈ واٹر کی بجائے ان فلٹرڈ واٹر استعمال ہو اور غیر ضروری صرفہ نہ ہو ۔ لیکن وہ تو نہیں کیا جاتا ۔ اگر

ویسا کیا جاتا تو آپ مالک مکان یا کرایہ‌دار جو بھی کنزیومر ہو اس سے بآسانی وصول کرسکتے تھے - لیکن یہ انتظامات تو نہیں کئے جاتے اس کے برخلاف مختلف پابندیاں عائد کی جاتی ہیں - میں یہ خواہش کرونگا کہ اس دفعہ (۱۰) کو حذف کیا جائے -

شری گوپال راؤ اکبوٹے :— مسٹر اسپیکر سر - میں سمجھتا ہوں کہ کلاز (۱۰) کی دو وجوہات کے تحت مخالفت کیگئی - لیکن یہ صحیح نہیں ہے - کلاز (۴) منظور ہوچکا ہے - اس کا سب کلاز (۲) یہ ہے -

"The authority may, by notification order—

(2) The fixing of meters, departmentally or otherwise at the cost of the consumers.

یہ منظور ہوچکا ہے - اسکی منظوری کے بعد کلاز (۱۰) کی مخالفت کرنا کوئی معنی نہیں رکھتا.......

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—दफे १० की जरूरत ही क्या है ?

شری گوپال راؤ اکبوٹے - کلاز (۴) کی منظوری کے بعد یہاں مخالفت نرم پڑجاتی ہے - اس میں کوئی قوت نہیں رہتی - کلاز ۱۰ یہ ہے کہ -

"The Consumers shall, within the time specified...."

ایک مرتبہ آپ نے گورنمنٹ کو اختیار دیدیا ہے - اس کلاز کے تحت وہ نوٹس دیگی - سہولتیں دیگی - اگر کلاز ۱۰ نکالدیں تو آپ کے مقصد کے بالکل برخلاف اسکا اثر ہوگا - اس کلاز کے تحت تو گورنمنٹ پر پابندی عائد ہوتی ہے کہ وہ نوٹس دے مہلت دے ، حالات پیدا کرے - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن یہ کہتے ہیں کہ ....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—क्लाज चार में साफ साफ है कि

"the fixing, within such time as may be specified in the said notification,"

यानी जिसमें टाजिम भी आ गया है।

شری گوپال راؤ اکبوٹے :— ٹائم کا سوال نہیں ہے - اس کی وجہ سے دوسری سہولتیں پیدا ہوتی ہیں - کلاز (۴) یہ ہے :—

"The fixing, within such time as may be specified in the said notification, by the consumers at their own cost, of meters on all pipe connections......"

یہ سب کلاز (۱) ہے جسکا تعلق واٹر پائپ کنکشنس سے ہے - اور سب کلاز ۲ یہ ہے :—

fixing of meters departmentally or otherwise at the cost of the consumer.

سب کلاز ۲ کیلئے ٹائم کا کوئی سوال نہیں ہے - کلاز ۱۰ کا تعلق کلاز (۴) سب کلاز ۲ سے ہے - یہ سسٹماٹئز (Systematise) کرنے والا کلاز ہے

اور جیسا کہ میں نے پہلے کہا عام طور پر ان ممالک میں بھی جہاں کہ عام طور پر تعلیم یافتہ لوگ ہیں اور جہاں تعلیم عام ہے یہ طریقہ رکھا گیا ہے اور اس وقت جیسی بحث یہاں کی جارہی ہے ویسی ہی بحث وہاں بھی اوس وقت کیگئی تھی - یہاں جو گریڈڈ طریقہ رکھا جارہا ہے وہ سائنٹیفک ہے - مجھے معاف کریں میں منرو کی کتاب کے ایک پیسیج (Passage) کا پھر حوالہ دینا چاہتا ہوں - ۱۹۱۸ع میں جو تصفیہ ہوا اسکا آج ۱۹۵۴ ع میں ہم پھر انوبھئو (अनुभव) کررہے ہیں - چنانچہ انہوں نے ایک جملہ یہ لکھا ہے -

" It is quite true that a popular prejudice against the meter system exists in many cities but much of this feeling arises from the crude and unscientific system...."

لہذا میں سمجھتا ہوں کہ یہ اتنا سائنٹیفک سسٹم ہو چکا ہے کہ دوسرے ممالک میں بھی اسکو اپریشیٹ (Appreciate) کیا جارہا ہے کیونکہ یہی ایک شیورانیڈ سرٹن (Sure and certain) طریقہ ہے جس سے معلوم ہوسکتا ہے کہ جتنا پانی خرچ کیا جاتا ہے اسی کا ٹکس دیا جاتا ہے - ورنہ موجودہ صورت یہ ہے کہ جو جتنا پانی خرچ کررہے ہیں ان سے پروپورشنیٹلی (Proportionately) اتنا پیسہ نہیں لے رہے ہیں - وہ پانی زیادہ خرچ کرتے ہیں اور پیسہ کم دیتے ہیں - یہ ناجائز ہے - اسلئے میں آنریبل ممبرس سے درخواست کرونگا کہ وہ اس کلاز کی زیادہ مخالفت نہ فرمائیں -

Mr. Speaker : The question is :

" That clause 10 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clause 10 was added to the Bill.

Clause 11.

Shri Ch. Venkat Ram Rao : Sir, I beg to move :

" That in lines 7 and 8, omit : 'on payment of the prescribed testing fees before reinstallation'."

Mr. Speaker : Amendment moved.

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ :- مسٹر اسپیکر - کلاز ۱۱ میں ڈپارٹمنٹ کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ اگر کسی گھر کے مالک کو جسکا میٹر یا پائپ اچھی حالت میں نہیں ہے اور پانی بہہ جارہا ہے تو ڈپارٹمنٹ اکانمی کی خاطر اور حفظ ماتقدم کے طور پر نوٹس دیگا - میٹر ٹھیک کام نہیں کررہا ہے تو مالک اسکو درست کرائے - لیکن اگر مالک اسکو ریزنیبل ٹائم (Reasonable time) میں درست کرادیتا

ہے تو بھی اوس سے ٹسٹنگ فیس لیجائیگی ۔ جب وہ اپنی طرف سے میٹر کو درست
کرادیتا ہے یا ڈپارٹمنٹ سے کروالیتا ہے اور وہ ٹائم کے اندر کروالیتا ہے تو اوس سے
ٹیسٹنگ فیس لینا کہاں تک مناسب ہے ؟ اوس پر یہ بار عائد نہ کرنا چاھئیے ۔ اسلئے
میں نے یہ امنڈمنٹ دیا ہے ۔ اسی قسم کے دو اور امنڈمنٹس الگ الگ کلازس میں ہے ۔
انکا بھی مطلب یہی ہے کہ اگر مالک مکان وتھ ان دی ٹائم (Within the time)
نوٹس کی تعمیل کرتا ہے تو اوس سے ٹسٹنگ فیس نہ لی جائے ۔

* श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—स्पीकर सर, अभी ऑनरेबल मिनिस्टर साहब ने कहा कि जो चीज दूसरे मुमालिक में १९१८ में हुअी है अुसके बारे में १९५४ में हमारे यहां अेतराज क्यों किया जा रहा है ? मेरा भी अुनसे यही कहना है कि जो सोशल फैसिलिटीज (Social facilities) १९४५ में लेबर गव्हर्नमेंट के तहत अिंग्लैंड में दी गअी हैं, और दूसरे मुमालिक में अुसके भी पहले दी गयी हैं, वही १९५४ में हमारे हिंदुस्तान में देने से क्यों अिनकार किया जा रहा है ? साफ साफ मामला है कि हमारी डेमॉक्रसी देरी से शुरू हुअी है और अुसका लाजमी नतीजा हमारे सामने है। जो बडे बडे मुमालिक अिंडस्ट्रियली बहुत डेव्लप्ड हैं, जो अनअेम्प्लायमेंट के वक्त लोगों को डोल (dole) देते हैं और जहां अैसे सवालात पैदा नहीं होते कि अगर किसी को अेम्प्लायमेंट न मिले तो हुकूमत यह नहीं कहती कि हमारे अूपर जिम्मेदारी नहीं है, हमारे पास फायनान्स नहीं है। अैसे देशों का अगर कुछ बातों में आप मुकाबला करते हैं तो अुनकी जिम्मेदारी भी लेनी चाहिये। अुनका पूरा अिंटीग्रेटेड व्ह्यू लेना चाहिये। जिस तरह शैतान भी बायबल का हवाला देता है वैसे ही हुकूमत जब कोअी चीज अुसके फायदे की होती है तो अिंग्लंड और अमेरिका का हवाला देती है। हम अिसकी अिसीलिये मुखालिफत करते हैं कि सिक्यूरिटी ऑफ वेजेस, राअिट ऑफ लिव्हिंग वेजेस को नहीं माना गया है। जो मामूली अिन्सान है अुसको अपने जराये पर छोड दिया गया है, और अिसी वजह से हम चाहते हैं कि आप अुस पर टॅक्सेस न बढाते चले जायें। गनीमत समझनी चाहिये कि अिसमें अैसा नहीं लिखा गया कि-अुसको जो नोटीस दी जाती है, अुसका जो प्रोसेस होगा और वहां जाने के लिये जो चपरासी भेजना पडेगा अुसका भी सब खर्चा वसूल किया जाय। आखिर अुसको नोटीस देने का खर्चा भी तो गव्हर्नमेंट पर ही पडेगा। अिस तरह से जो बाल की खाल निकाली जा रही है, और तरह तरह से नये नये टॅक्सेस बढाये जा रहे हैं अुस लिहाज से अिस पूरे सेक्शन के बारे में अेतराज किया गया है। मैं नहीं समझ सका की आज के हालात में हुकूमत अिसकी तरफ अितनी बारीकी से क्यों देख रही है। जब कि कोअी वक्त के अंदर अपना मीटर दुरुस्त कर देता है तब भी अुससे फीस क्यों ली जाय ? अुसको अिन्स्पेक्टर जाकर चेक कर सकता है। लेकिन अुसके लिये भी अेक फीस अुससे आप वसूल करना चाहते हैं। टॅक्सेशन का मसला कितनी दूर तक जा रहा है अिसके अूपर गव्हर्नमेंट सोंचे, और जो सजेशन हमने दिया है अुसको कुबूल करे क्योंकि जो टॅक्सेस बढाये जा रहे हैं वे अैसे मुल्क में हैं कि जहां पर लॉव्हिंग वेजेस भी नहीं मिल रहे हैं। अिसलिये अिस अमेंडमेंट को मंजूर करने में हुकूमत को अुजर नहीं होना चाहिये।

* شری اناراؤ گن مکھی :— مسٹر اسپیکر سر ـ جو اعتراضات اس بارے میں کئے جارہے
ھیں وہ میں سمجھتا ھوں کہ ٹکس اور ف (Fee) میں فرق نہ کرنے کی
وجہ سے کئے جارہے ھیں ـ جب ٹکس اپوز (Impose) کیا جاتا ہے تو اوس سے

کسی ایک شخص کو ڈفنیٹ (Definite) فائدہ نہیں ملتا بلکہ اسکا فائدہ تمام لوگوں کو ملتا ہے ۔ اس کے برخلاف جب کوئی '' فی ،، دی جاتی ہے تو وہ کسی ڈفنیٹ سرویس کے لئے دی جاتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میونسپالٹیز جو واٹر ورکس کا کام انجام دینگے انہیں اس بات کے لئے ایک ٹکنیکل اسٹاف رکھنا پڑیگا اور وہ اسکی نگرانی کرینگے کہ ہر جگہ میٹرس اچھی طرح کام کررہے ہیں یا نہیں جب میونسپالٹیز کو واٹر ورکس ڈپارٹمنٹ کا عملہ رکھنا پڑیگا تو اسے انکی تنخواہوں وغیرہ کا بار بھی اٹھانا پڑیگا ۔ لیکن ان اخراجات کا بار جو اس ٹکنیکل اسٹاف کی وجہ سے عائد ہوتا ہے وہ میٹر ھولڈرس پر ڈالنا مناسب نہوگا ۔ ان امپلائز (Employees) کے اخراجات کے لئے اگر میٹر فیس بڑی رکھی جاتی ہے تو یہ مناسب نہیں ہے ۔ اگر اس کو نامینل (Nominal) دو چار آنے رکھتے ہیں تو کوئی بات نہیں لیکن زیادہ فیس نہ رکھی جائے ۔ یہاں '' پرسکرائب ،، (Prescribe) رکھا گیا ہے جس سے امکان یہ ہے کہ پورے اکسپنڈیچر (Expenditure) ٹکس کے سوروپ (स्वरूप) میں کور (Cover) کیا جائیگا ۔ اس لئے میں منسٹر صاحب سے یہ عرض کرونگا کہ فیس کو ٹکس کا سوروپ نہ دیا جائے ۔ جو لوگ میٹر خریدتے ہیں وہ خود اپنی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہیں اور میٹر کی دیکھ بھال کرتے رہتے ہیں ۔ اگر وہ ٹھیک طور پر ورک نہیں کرتا ہے تو اوسے درست کرائینگے اس لئے چار آٹھ آنے کی نامینل فیس پارشل سرویس کے لئے لی جائے تو میں اس سے اگری (Agree) کرتا ہوں ۔ اس لئے رولس بناتے وقت اس چیز کا خاص طور پر خیال رکھا جائے فیس کی تعریف ہی یہ ہے کہ جتنی سرویس لی جائے اس کے اخراجات برداشت کریں ۔ یہ عام ٹیکس کی طرح نہیں ہونا چاہئیے ۔ ہم لینڈ ریوینیو وصول کرتے ہیں تو یہ ضروری نہیں ہے کہ پورا لینڈ ریوینیو محکمہ مال پر صرف کریں کیونکہ یہ ایک ٹکس ہے اور ٹکس کے لئے ڈفینیٹ ریٹرنس (Definite Returns) دینا لازمی نہیں ہے ۔ اس لئے اگر منسٹر صاحب کا یہ منشا ہے کہ رولس بناتے وقت فیس کم لی جائیگی تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ اگر زیادہ فیس لی جائے تو یہ مناسب نہوگا ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- مسٹر اسپیکر سر ۔ اس کلاز کی جو مخالفت کی جارہی ہے مجھے افسوس ہے کہ ....

श्री. व्ही. डी. देसपांडे :—पूरे क्लॉज की मुखालिफत नहीं की जा रही है; लेकिन जो फीस आखिर में रखी जा रही है सिर्फ उसकी मुखालिफत की जा रही है।

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- اس کلاز کی پارشیلی جو مخالفت کی جارہی ہے افسوس ہے کہ میں اس کو قبول نہیں کرسکتا ۔ اس میں بنیادی طور پر کچھ غلط فہمی ہورہی ہے ۔ جہاں میٹرس لگائے جاتے ہیں وہاں عام طور پر یہ تجربہ رہا ہے کہ وقتاً فوقتاً انکو ٹسٹ (Test) نہ کیا جائے تو وہ ان اکیوریٹ (Inaccurate) ہوجاتے ہیں ۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے وہ سلپ (Slip) ہوجاتے ہیں اور ان

سے بعض وقت زیادہ اور بعض وقت کم پانی کا حساب ملتا ہے - عام طور پر ایسی درخواستیں آئی ہیں - یہ نہیں ہے کہ حکومت بلا وجہ انسپکٹر کو بھیجتی ہے اور زبردستی فیس لیتی ہے - اس لحاظ سے یہ چیز خود میٹر ہولڈرس کے فائدہ کے لئے ہے اگر میٹر اکیوریٹ کنزمپشن نہیں بتلا رہا ہے ، کچھ زیادہ ان اکیوریسی آگئی ہے یا پیسیج آف واٹر (Passage of water) زیادہ مقدار میں ہورہا ہے تو وہ اشخاص خود اپلائی کرتے ہیں کہ اس کو درست کیا جائے - اس وقت انسپکٹر کو بھیجتے ہیں یا بعض صورتوں میں میٹرس کم بتلاتے ہیں اور اونرس کا کنزمپشن زیادہ ہوتا ہے تو ایسی صورت میں نوٹس دیکر انکا انسپکشن کرتے ہیں -

ایک اور چیز جو آنریبل ممبر نے کہی ہے وہ یہ ہے کہ یہ فی (Fee) ریشنل (Rational) اور ریزنیبل (Reasonable) ہونی چاہئیے اور ایک بیوپاری کی طرح سارے کے سارے اخراجات نکالنے کی کوشش نہ کی جائے - ایسی بات نہیں ہے - ٹسٹنگ فی (Testing fee) اوتنی ہی ہوگی جس پر کسی کو اعتراض نہو - دیگر صوبجات میں جو طریقہ رائج ہے اوس کو ملحوظ رکھا جائیگا اور جو سرویس دی جاتی ہے اوس کے لحاظ سے فی عائد کی جائیگی - اور اس کے بارے میں ٹکنیکل اڈوائس لی جائیگی کہ کتنے کام کے لئے کیا فیس وصول کی جانی چاہئیے - اس کے متعلق یہ سمجھنا کہ حکومت کچھ اگریسیو اسٹپ (Aggresive Step) لے رہی ہے صحیح نہیں ہے - لانگ رن میں کنٹینیوس یوز (Continuous use) کی وجہ سے جب میٹرس خراب ہوجاتے ہیں تو پانی کا ویسٹیج (Wastage) شروع ہوجاتا ہے اور اسکا اثر خود اونر (Owner) پر پڑنے کا احتمال ہوتا ہے - یہ اونر کے فائدے کے لئے ہے - اس لئے مجھے امید ہے کہ آپ یہ امنڈمنٹ وتھ ڈرا (Withdraw) کرلینگے . .

شری انا راؤ گن مکھی :— پہلے اپنے عملے سے درست کراکے بعد میں فیس لیں تو اچھا ہوگا - لیکن ٹسٹنگ (Testing) کی فیس لینا چاہئیے ، مناسب نہیں ہے - پہلی مرتبہ وزٹ (Visit) کرنے کی فیس نہیں لینا چاہئیے -

شری گوپال راؤ اکبوٹے :— ٹسٹنگ اس لئے کی جاتی ہے کہ . . . . . .

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—स्पीकर सर, आनरेबल मिनिस्टर कुछ चीजें कन्फ्यूज कर रहे हैं। हमने नहीं कहा कि नोटीस नहीं दी जानी चाहिये, या दुरुस्त करने के लिये वक्त नहीं देना चाहिये और रूल्स की पाबंदी के लिये अुसको लाजमी नहीं करना चाहिये कि वह टेस्ट कर लें। सवाल यह है कि नोटीस देने के बाद वक्त के अंदर वह दुरुस्त करता है और हुकूमत को बतलाता है की अुसको टेस्ट किया जाय तो अुसके बाद हुकूमत के लोग आये और टेस्ट करें तो अुसके लिये भी फिर से फीस ली जा रही है, जब कि वह वॉटर टैक्स बाकायादा देता आरहा है। अैसी सूरत में गव्हर्नमेंट की जो मशीनरी है या अुसका जो खर्च बर्दाश्त किया जाता है वह आखिर किसलिये किया जाता है? अिस तरह से हुकूमत की मशीनरी का खर्चा फीस के जरिये से अुस पर डाला जायगा तो मैं समझता हूं कि वह रॅशनल (Rational) नहीं समझा जायगा, और हमारा अपोजीशन

अिसी हद तक है कि टेस्ट करने के लिये जो फीस लागायी जा रही हैं वह गलत है। यह कहा जा सकता है कि अगर अिस फीस को न लगाया जाय तो वह टेस्ट ही नहीं करा लेगा ! लेकिन मैं समझता हूं कि अिसके लिये दूसरी दफा १९ है जिसमें साफ कहा गया है कि अगर कोअी वॉटर को वेस्ट (Waste) करता है तो अुसके लिये सजा होगी, जुर्माना भी रखा गया है। अिसलिये म समझता हूं कि अिस क्लॉज के ये लाअिन्स "On payment of the prescribed testing fees before re-installation " डिलीट करनी चाहिये । असली दफा से हमको अेतराज नहीं है ।

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- میں سمجھتاھوں کہ میری تقریر میں کوئی کنفیوژن (Confusion) نہیں تھا - میں اس ڈبل تھنکنگ (Double thinking) کو ختم کرنے کے لئے کچھ وضاحت کرنا چاھتا ھوں - پانی کا ویسٹ (Waste) نہ ھونے دینے کے لئے پرائمریلی (Primarily) ورکنگ آرڈر (Working order) میں رکھنے کی ذمہ داری اونر پر رکھی گئی ھے - اگر یہ معلوم ھوجائے کہ پانی ویسٹ ھورھا ھے تو اس کو ٹسٹ کرانے کی ذمہ داری اونر پر عائد کی گئی ھے - اوس کے بعد ڈپارٹمنٹ کو دیکھنا پڑیگا کہ کانسٹینٹلی (Constantly) میٹر ورک کررھا ھے یا نہیں - ٹسٹنگ کا سوال اوس وقت آتا ھے جب میٹر میں کوئی خرابی پیدا ھوجاتی ھے - اگر کسی میکانک سے بھی وہ درست کرالیں تو اون کو اخراجات دینا پڑیگا - جو اخراجات ڈپارٹمنٹ سے کئے جائینگے وہ اتنے واجبی ھونگے کہ اس پر کسی کو اعتراض کا موقع نہ ھوگا - اس لئے میں سمجھتا ھوں کہ اس پر زیادہ شک و شبہ کی گنجائش نہیں ھے -

Mr. Speaker: The question is:

"That in lines 7 and 8, omit: 'on payment of the prescribed testing fees before reinstallation'."

The motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That Clause 11 stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 11 was added to the Bill.

Clauses 12 to 14

Mr. Speaker: The question is:

"That Clauses 12 to 14 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clauses 12 to 14 were added to the Bill.

Clause 15.

Shri Ch. Venkatrama Rao : I beg to move :

"Omit lines 20 to 22".

Mr. Speaker : Amendment moved.

شری سی ایچ ۔ وینکٹ رام راؤ :- مسٹر اسپیکر سر۔ کلاز ۱۵ کا جو سب کلاز (۲) ھے اوس کو اومٹ کرنے کے لئے میں نے امنڈمنٹ پیش کیا ھے ۔ سب کلاز ۲ کے متعلق کچھ کہنے سے پہلے میں عرض کرونگا کہ چونکہ کلاز ۱۶ میں بھی اس قسم کی فیس عائد کی گئی ھے اس لئے اس کے ساتھ اس کو بھی رکھیں تو مناسب نہ ھوگا ۔ چونکہ میں اس میں امنڈمنٹ لایا ھوں اس لئے اوس کے متعلق امنڈمنٹ لانا مناسب نہیں سمجھا ۔

جب کوئی نل یا میٹر خراب ھوتا ھے تو اوس کو ٹسٹ کرنے کے لئے ٹسٹنگ فی (Testing fee) لی جاتی ھے ۔ ٹسٹنگ فی لینے کا کلاز تو اب پاس بھی ھوچکا ھے ۔ کلاز ۱۵ میں بتایا گیا ھے کہ عائد کردہ شرائط کے تحت مقررہ مدت کے اندر کوئی شخص ٹکس ادا نہ کرے اور اس کو درست نہ کرائے یا ایریرس (Arrears) ادا نہ کرے تو حکومت کو اختیار ھوگا کہ نل کاٹ دے ۔ اس کے بعد جب اونر ان شرائط کی تکمیل کردے اور ٹکس وغیرہ داخل کردے تو کٹنگ فی (Cutting fee) کے ساتھ ساتھ ری اوپننگ فی (Re-opening fee) بھی آپ مانگ رھے ھیں ۔ میں مثال کے طور پر یہ کہونگا کہ اگر آپ کو چار آنے کٹنگ فی لینا ھے تو آٹھ آنے لیجئے ۔ آٹھ آنے لینا ھے تو ایک روپیہ لیجئے لیکن کٹنگ فی اور اوپننگ فی کے نام سے الگ الگ لینا ریزنیبل (Reasonable) نہیں ھوگا ۔ اس میں یہ تو نہیں بتایا گیا ھے کہ کٹنگ فی اور اوپننگ فی کتنی لینگے ۔ بہرحال آپ کٹنگ فی جتنی بھی لینا چاھتے ھیں اوس سے دگنی فی لے لیجئے لیکن کٹنگ اور اوپننگ کے لئے علحدہ علحدہ فی لینا مناسب نہیں ھے ۔ اس طرح بار بار لینا مناسب نہیں ھے ۔ اس لئے میں نے یہ امنڈمنٹ لایا ھے امید ھے کہ اس کو قبول کیا جائیگا ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- چونکہ کٹنگ فی (Cutting fee) لیتے ھیں لھذا ری اوپننگ کی فیس نہ لی جائے ، یہ کہا جارھا ھے ۔ آنریبل ممبر یہ سمجھ رھے ھیں کہ ایک گناہ کی دو سزائیں دی جارھی ھیں ۔

کلاز ۱۵ میں تین صورتیں بتائی گئی ھیں ۔ ایک تو یہ کہ ریٹ (Rate) یا چارجس کی رقم نہ دیں تو نوٹس کے بعد (۳۰) روز کی مہلت دی جاتی ھے اور اگر تیس

روز کے اندر بھی داخل نہ کرے تو کٹنگ کی جاتی ہے ۔ دوسرے یہ کہ ہدایات کی خلاف ورزی کرے ۔ تیسرے یہ کہ پانی کا نا جائز استعمال کیا جارہا ہو ۔ ان صورتوں میں نل کاٹا جاتا ہے ۔ کٹنگ کے لئے بھی اخراجات کرنا پڑتا ہے اور ری اوپننگ میں بھی اخراجات ہوتے ہیں ۔

ایک ایسا آدمی جو خلاف ورزیاں کرتا ہے اور پیسے نہیں دیتا اوس کا نل کاٹنے میں حقیقت میں جو پیسے ڈپارٹمنٹ کے خرچ ہوتے ہیں اوس پر کیوں نہ عائد کئے جائیں اور وہ کیوں معاف کئے جائیں ، میری سمجھ میں نہیں آیا ۔ ری اوپننگ میں بھی اخراجات کرنے پڑتے ہیں ۔ ایسے آدمی سے رعایت کی کیا وجہ ہے جو مسلسل قانون کی خلاف ورزیاں کرنے کا عادی ہو ؟ اس کو اپنے افعال کی سزا بھگتنا پڑیگا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس بارے میں اس کے ساتھ ہمدردی کرنے کی کوئی وجہ ہوسکتی ہے ......

شری سی ایچ ۔ وینکٹ رام راؤ :- کلاز ۱۹ میں یہ سب چیزیں آسکتی ہیں ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- کلاز ۱۹ میں فراڈ (Fraud) کا سوال ہے ۔ یہاں یہ نہیں ہے ، بلکہ نیت یہ ہے کہ اگر کوئی پیسے نہیں دیتا ہے یا مسلسل خلاف ورزیاں کرتا ہے ، تو اوس کے ساتھ رعایت کی ضرورت نہیں ہے ۔ اوس کو اپنے افعال کی سزا بھگتنی چاہئیے ۔

Mr. Speaker: The question is:

"Omit lines 20 to 22".

The motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That Clause 15 stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 15 was added to the Bill.

Clauses 16 *to* 21.

Mr. Speaker: The question is:

"That Clauses 16 to 21 stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clauses 16 to 21 were added to the Bill.

Clause 22.

Shri V. D. Deshpande : I beg to move :

"That in line 6 for 'hundred' substitute 'fifty'."

Mr. Speaker : Amendment moved.

*श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मिस्टर स्पीकर सर, मैंने अिंडियन पीनल कोड का जो कुछ मुतालिया किया था आज अिस बिल को देखने के बाद मुझे वह बार बार याद आ रहा है। हर स्टेप पर सजाअें, फाअिन्स और रुकावटें रिस्ट्रिक्शन अिस कानून में हैं अैसा अगर कहा जाय तो मुबालगा न होगा। और अिस कानून की जो १९५४ की लेटेस्ट अेडीशन हाअुस के सामनें लाअी गअी है वह न लाअी जाती तो अैसा हम कभी न कह सकते। लेकिन अैसा मालूम होता है कि अितनी मेटीक्यूलसली (Meticulously) और बारीकी के साथ हर चीज को अैक्ट में रखा गया है। मैं समझता हूं कि वह अुन्हीं मुमालिक का अक्स हो सकता है जो अुस दर्जे पर पहुंचे हैं। मिनिस्टर साहब ने हर चीज में ताअीद की है। हर चीज पर पाबंदीयां और खर्च आयद किया है, और जैसा कि ऑनरेबल मेंबर फॉर अफझलगूर ने कहा मुझे यह शक हो रहा है कि पूरे अमले का खर्च अलग अलग तरीके से अिस वाटर टॅक्स के सिलसिले में लोगों पर लगाया जाय तो ताज्जुब की बात न होगी। मुझे सिर्फ अितना कहना है कि आपने जो हर स्टेप पर कुयूद आयद किये हैं और कम से कम अुसको जो सजाअें देना हैं अुनके बारे में कुछ थोडा सा सोच विचार करना चाहिये। अदालत में भी यह होता है कि जब अलग अलग तरीके से पाबंदियां होती हैं तो आखरी सजा में सोंचा जाता है। अितनी पाबंदीयां लगाने के बाद और अलग अलग तरीके से फिटिंग, कटिंग, टेस्टिंग वगैरा के टॅक्सेस लेने के बाद भी यहां सौ रुपये का फाअिन लगा दिया गया है। अिसकी मिकदार कम कर दी जाय तो ज्यादा नुकसान नहीं होगा। क्योंकि वह बेचारा कदम कदम पर दिक्कतों का मुकाबिला करते करते अिस स्टेज तक पहुंचनेवाला है। अिसलिये सौ रुपये जुर्माने की रकम मैं मुनासिब नहीं समझता। अिसके बजाय वह ५० रुपये रखी जाय तो कोअी ज्यादा फर्क होनेवाला है अैसा मैं नहीं समझता। अगर अितना किया जाय तो वह बेचारा शहरी किसी तरह से आपके वॉटर वर्क्स डिपार्टमेंट के कयूद की वजह से कम पानी पीकर और सीधासादा होकर आपके कुयूद का जरूर पालन करेगा। मैं अुम्मीद करता हूं कि यह तरमीम मंजूर की जायगी।

* شری سری پت راؤ نواسیکر :— مسٹر اسپیکر سر۔ جو امنڈمنٹ پیش ہوا ہے اس سلسلہ میں لیڈر آف دی اپوزیشن نے فرمایا کہ اس قانون میں جہاں دیکھئیے سزائیں نظر آرہی ہیں۔ ٹکسس نظر آرہے ہیں۔ میں تو نہیں سمجھتا کہ ایسا ہے۔ صحیح بات یہ ہے کہ اگر ایک ہی فعل کے لئے بار بار سزا رکھی جاتی تو وہ قابل اعتراض بات تھی۔ جہاں ٹکس فیس دینا پڑتی ہے وہ سروس کرنے کے بعد معاوضہ کے طور پر گورنمنٹ لیتی ہے اس کو سزا نہیں کہا جاسکتا۔ البتہ اس میں سو روپیہ جو رکھے گئے ہیں میں بھی سمجھتا ہوں کہ وہ زیادہ ہیں۔ اوس کو اگر کم کرنے سے آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کو

سٹسفیکشن (Satisfaction) ہوتاھےتو میں بھی تائید کرتا ھوں دوسری چیز یہ ھے کہ سو روپیۂ زیادہ اس وجہ سے ھیں کہ اوس کو سزا سمجھا گیا - اس لئیے اس کو کم کرنے کی ضرورت ھے - اس لئیے میں امنڈمنٹ کی تائید کرتا ھوں اور سمبر انچارج آف دی بل سے خواھش کرتا ھوں کہ وہ اس کو منظور فرمائیں -

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- میں سمجھتاھوں کہ اس سلسلہ میں مجھے تقریر کی ضرورت نہیں پڑیگی - ادھر اور اودھر کے دونوں اصحاب جب خواھش کررھے ھیں تو میں اوس ترمیم کو قبول کرتا ھوں -

شری انا راؤگن مکھی :- سو روپیہ جرمانہ ھی لیا جائیگا یا ایک روپیہ بھی کیا جاسکیگا ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے :- ''ناٹ اکسیڈنگ ھنڈرڈ روپیز'' (Not exceeding hundred rupees) تھا - اس کے بعدبھی کوئی فرق نہیں پڑتا - خلاف ورزیاں ھونگی تو پانچ روپیہ ، دس روپیہ جیسی بھی صورت ھو جرمانہ کیا جائیگا -

Mr. Speaker: The question is:

"That Clause 22, as amended, stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 22, as amended, was added to the Bill.

Clauses 23 and 24.

Mr. Speaker : The questions :

"That clauses 23 and 24 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clauses 23 and 24 were added to the Bill.

Mr. Speaker : The question is :

"That Short Title, Extent, Commencement and Preambe stand part of the Bill."

The motion was adopted.

The Short Title, Extent, Commencement and Preamble were added to the Bill.

Shri Gopalrao Ekbote : I beg to move :

" That L. A. Bill XXXIV of 1954, the Hyderabad City Water Supply Bill 1954 be read a third time and passed

Mr. Speaker : The question is :

" That L. A. Bill No. XXXIV of 1954, the Hyderabad City Water Supply Bill 1954 be read a third time and passed."

The motion was adopted.

L. A. Bill No. XXXII of 1954, the Hyderabad Houses (Rent, Eviction and Lease) Control (Amendment) Bill 1954.

Shri K. V. Ranga Reddy : I beg to move :

" That L. A. Bill XXXII of 1954, the Hyderabad Houses (Rent, Eviction and Lease) Control (Amendment) Bill 1954. be read a first time.

Mr. Speaker : Motion moved.

شری کے - وی - رنگاریڈی :— مسٹر اسپیکر سر - اصل قانون حال هی میں پاس هوا تها اب جو ترمیات میں پیش کررها هوں وہ بعض متروکات واقع هونے کی وجه سے پیش کررها هوں - اوس میں کچھ ٹائپ کی غلطیاں هوئی تهیں - کچھ لکھنے میں هوئی تهیں - اونکو دور کیا جارها هے مطلب میں کوئی فرق نہیں هے - دفعه (۳۲) میں جو امنڈمنٹ میں پیش کررها هوں وہ اس وجه سے پیش کررها هوں که دفعه مذکور کے ضمن (۱) (۲) وغیرہ ترتیب‌وار درج نہیں کئے گئے تهے - صرف انکو ترتیب‌وار بنانے کے لئے یه ترمیم لائی گئی هے - اس سے مطلب میں کوئی فرق نہیں هوتا - اس قانون کے پہلے جو حکم رنٹ کنٹرول تها اوسکے تحت ایک زمانے سے عملیات هورهے تهے - وہ منسوخ هوگیا - اسکی وجه سے اس کے تحت جتنے عملیات هوئے هیں وہ ناقابل اعتراض قرار پائیں اس کے پیش نظر دفعه (۳۲) کے احکام وضع کئے گئے تهے - لیکن ترتیب میں جو غلطی هوئی تهی اوسکا سلسله ملانے کے لئے یه ترمیم لائی گئی هے - مطلب میں کوئی فرق نہیں هوتا -

دوسری ترمیم ضمیمه کے متعلق هے - اوس میں قصبه لاتور مترک هوگیا تها جو اس ضمیمه میں شریک کیا گیا هے - پہلے جب یه قانون بنا تو اوس میں یه قصبه متروک هوگیا تها - اگر چیکه قانون هذا کے دفعه (۱) کی رو سے حکومت جهاں کهیں مناسب سمجهے اس قانون کو نافذ کرسکتی هے لیکن اسکو محدوداً نافذ کرنے کی وجه سے اس سے پہلے کے حکم رنٹ کنٹرول کے تحت جو عملیات وهاں هوئے تهے وہ جائز قرار نہیں

پائینگرے ۔ اس لئے اس قصبہ کو ضمیمہ میں شریک کیا گیا ہے ۔ دفعہ (۳۲) کی تائیر کے لحاظ سے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ سابقہ حکم رنٹ کنٹرول کے تحت جو عملیات ہوئے یا جن عہدہ‌داروں نے اختیارات استعمال کئے وہ جائز ہیں ۔ چنانچہ اس امر کے پیش نظر کہ لاتور میں قبل ازیں حکم رنٹ کنٹرول کے تحت جو عملیات کئے گئے وہ بھی جائز قرار پائیں لاتور کو ضمیمہ میں شریک کرنے کی ضرورت ہوئی ۔ اس سلسلہ میں بہت سے مقامات پر اس قانون کو نافذ کرنے کے متعلق ترمیمات آئی ہیں کپل میں بھی اس قانون کو نافذ کرنے کی خواہش کیگئی تھی میں اسکو صاف کردینا چاہتا ہوں ۔ کپل میں نافذ کیا گیا ہے ۔ دفعہ (۱) میں یہ جزو تھا کہ " یہ قانون قانون بنام نگرانی کرایہ امکنہ بابتہ سنہ ۵۴ ع " سے موسوم ہوسکیگا اور فوراً نافذ ہوگا اس کا اطلاق رقبہ‌جات مصرحہ ضمیمہ پر ہوگا ۔ سرکار کو اختیار ہوگا جہاں اسکی ضرورت سمجھے بذریعہ اعلان نافذ کرے ۔ لاتور جس کا ذکر میں نے کیا ہے وہاں جو سابقہ عملیات ہوئے ہیں اونکو جائز قرار دینے اور جن عہدہ‌داروں نے اون احکام کے تحت عمل کیا ہے اون پر کوئی ذمہ‌داری عائد نہ ہونے دینے کی خاطر اس قصبہ کو اس ضمیمہ میں شریک کیا گیا ہے ۔ دفعہ (۱) کے تحت حکومت اس قانون کو جہاں چاہے وہاں وقتاً فوقتاً نافذ کرسکتی ہے ۔ ان ہی دو ترمیمات کے لئے یہ بل پیش کیا گیا ہے ۔ اس میں کسی کو اعتراض نہیں ہوسکتا ۔ چونکہ میری ترمیمات سے مطلب میں کوئی فرق نہیں پڑتا اس لئے یہ مرممہ بل بجنسہ منظور ہونا چاہئے ۔

* شری جے ۔ آنند راؤ ۔ اس سے پہلے ہاؤزس (رنٹ ایوکشن اینڈ لیز) کنٹرول بل مدون کیا گیا تھا اوس میں کچھ خامیاں تھیں اوس پر کافی بحث مباحث ہوئے ۔ اور بالاخر یہ مان لیا گیا تھا کہ اس قانون کی وجہ سے کرایہ‌داروں کو بعض سہولتیں ملتی ہیں ۔ یہ اختلاف ہوسکتا ہے کہ ہم جو سہولتیں چاہتے تھے وہ نہیں دی گئیں لیکن اس سے کچھ نہ کچھ فائدہ ضرور ہوا ۔ حیدرآباد کے جن شہروں میں اس قانون کو نافذ کرنا چاہتے ہیں اوسکی ایک لمبی چوڑی فہرست دیگئی ہے ۔ اس کی وجہ سے کرایہ‌داروں کو فائدہ پہونچیگا ۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ بھی کہا جارہا ہے کہ جو امنڈمنٹس دیئے ہیں اونکو فی‌الحال انکلوڈ (Include) کرنے کی ضرورت نہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون سے صرف ان ہی دو چار شہروں کو استفادہ کا موقع نہیں ملنا چاہئے جن کا ذکر کیا گیا ہے بلکہ دوسرے تعلقات اور مقامات پر بھی اس کا اطلاق ہونا چاہئے ۔ کیونکہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ بعض تعلقات پر اور مستقر کے مقامات پر مکانوں کی قلت کی وجہ سے عوام کو تکلیف ہورہی ہے ۔ امیر طبقہ چھوٹے چھوٹے مکانات تعمیر کرکے کافی کرایہ لیتے ہیں ۔ خصوصاً ضلع کریمنگر میں مکانات کا جو کرایہ ہے اور یہاں شہر میں جو کرایہ ہے اون دونوں میں کوئی فرق نہیں ۔ دوکانات کے کرایوں میں فرق ہوسکتا ہے ۔ کیونکہ حیدرآباد اور سکندرآباد اور نلگنڈہ اور کریمنگر میں بزنس کا لحاظ کرتے ہوئے کرایہ میں ضرور فرق ہے ۔ لیکن

مکانوں کے کرایہ میں فرق نہیں ہے - یہاں تو نل اور لائٹ کی بھی سہولتیں ہیں - زیادہ طلبہ مستقر پر تعلیم حاصل کرنے کے لئے آنے کی وجہ سے ڈسٹرکٹس اور تعلقات میں مکانات کی بہت قلت ہوگئی ہے - ایک ہی مکان میں مالک مکان بھی رہتا ہے اور تین تین آدمیوں کو کرایہ پر بھی دیتا ہے - اسکی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ کالجس اور مدرسوں کے لئے جتنے ہاسٹلس کی ضرورت ہے وہ پوری نہیں ہے یہاں شہر میں ایک آدھ ہاسٹل ضرور ہے جو قابل لحاظ نہیں - ہر ضلع میں ہاسٹلس کی ضرورت ہے - جو اسٹوڈنس پڑھنے کے لئے وہاں آتے ہیں اونہیں آٹھ آٹھ دس دس روپیہ کرایہ دینا پڑتا ہے - کریم نگر میں اسٹوڈنٹس جو کرایہ مکانات کا دیتے ہیں وہ حیدرآباد کے کرایہ سے بڑھکر ہے- تعلقہ سرسلہ اور جگتیال کا بھی یہی حال ہے- کالجس میں پہلے کی بہ نسبت زیادہ طلبہ شریک ہورہے ہیں- اس لئے اس قانون کو وہاں کے تعلقوں اور ضلعوں سے بھی لاگو کیا جانا چاہئے - دواخانوں میں بھی پیشنٹس (Patients) کے لئے کافی انتظام نہ رہنے کی وجہ سے تکلیف ہوتی ہے - دیہات سے جو مریض آتے ہیں وہ خانگی مکانات میں ٹھیرنے پر مجبور ہوتے ہیں یہ چونکہ ایک ان اوائڈ ایبل (Unavoidable) چیز ہے اس لئے من مانے کرایہ لے رہے ہیں - دواخانوں میں مریضوں کو سہولتیں نہ ملنے کی وجہ سے وہ لوگ گھر گھر جوتیاں چٹخاتے پھر رہے ہیں - ہم اس سلسلہ میں بعد میں امنڈمنٹ بھی لارہے ہیں - کاماریڈی اور پدا پلی اور جگتیال وغیرہ میں بھی یہی حال ہے - اس لئے ہر تعلقہ میں اس قانون کو نافذ کرنا چاہئے - ممکن ہے دو چار تعلقے ایسے ہوں جہاں زیادہ کرایہ نہ ہو- لیکن اس قانون کے وہاں لاگو کرنے سے کم از کم یہ تو ہوگا کہ مالکان مکان وہاں زیادہ کرایہ نہیں لے سکینگے - اگر یہ نہیں ہوسکتا ہے تو کم از کم فی‌الحال ایسے مقامات پر جہاں میونسپالیٹیز ہیں یعنی جہاں کی آبادی ۱۰ ہزار سے زیادہ ہے یا جو بزنس سنٹر ہے وہاں نافذ کیا جائے - میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ریوینیو منسٹر میری سوچنا پر غور کرینگے -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— اضلاع میں کرائے دن بدن بڑھ رہے ہیں اور مکانات نہیں مل رہے ہیں اس کے مد نظر یہ قانون بنایا گیا ہے - یہ صرف حیدر آباد سٹی کے لئے نہیں بنایا گیا ہے - آنریبل ممبر نے کریم نگر کی تمثیل دی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ انکی نظر ضمیمہ پر نہیں پڑی - یہ پورے اضلاع میں نافذ ہے اور اضلاع کے سوا ایسے تمام تعلقات میں بھی اس کو نافذ کیا گیا ہے جہاں مکانات کی قلت ہے اور کرایہ بڑھایا جارہا ہے - اس کے باوجود دفعہ (۱) ضمن (۳) جس کو میں ابھی پڑھکر سنایا اوس کے تحت سرکار کو اس کا اختیار ہے کہ جہاں کہیں وقتاً فوقتاً ضرورت ہو نافذ کرے - میں پہلے عرض کرچکا ہوں کہ یہ قانون نافذ ہوکر عرصہ ہوا - اور اب جہاں کہیں بھی مکانات کی قلت ہے یا کرائے بڑھ رہے ہیں تو اس کو نافذ کرینگے - چنانچہ اس وقت میرے پاس سات آٹھ آبادیوں میں نافذ کرنے کی نسبت درخواستیں وصول ہوئی ہیں -

میں نے کلکٹرس سے انفرمیشن منگوایا ہے وہاں سے جوابات آتے ہی اس قانون کو وہاں بھی نافذ کیا جائیگا - اس لئے ضمیمہ میں اب کسی آبادی کو شریک کرنے کی خواہش قبل از وقت ہے - ورنہ ویسے تو آپ ہر وقت اسکی خواہش کرسکتے ہیں اور اوس وقت اس قانون کو وہاں نافذ کیا جاسکتا ہے لیکن ترمیم کرکے ہم نے لاتور کو خاص طور پر اس لئے شریک کیا ہے کہ وہاں رنٹ کنٹرول آرڈر پہلے سے نافذ تھا اور اس کے تحت متعدد احکام دئے گئے تھے - اگر اب اس قانون کو لاتور سے متعلق نہ کیا جائے تو گذشتہ دئے ہوئے احکام ختم ہوجائینگے اور رنٹ کنٹرولر پر دعوی ہوسکیگا - ممکن ہے کہ اس پر فوجداری بھی کی جائے اس لئے خاص طور پر لاتور کو اس میں رکھا گیا ہے - ورنہ کسی ضلع یا تعلقہ میں اس کو نافذ کرنا ہو تو اس کو اسمبلی میں پیش کرنے کی ضرورت نہ تھی - بلکہ دفعہ (۱) ضمن (۳) کے تحت سرکار کو کسی مقام پر بھی اس قانون کے نافذ کرنے کا اختیار تھا - اس لئے جیسی یہ ترمیم ہے - اس کو بجنسہ منظور کرنے کی میں معزز ممبران سے اپیل کرتا ہوں -

Mr. Speaker: The Question is:

"That L. A. Bill No. XXXII of 1954, the Hyderabad Houses (Rent, Eviction and Lease) Control (Amendment) Bill, 1954, be read a first time"

The motion was adopted.

Shri K. V. Ranga Reddy: I beg to move.

"That L. A. Bill No. XXXII of 1954, the Hyderabad Houses (Rent, Eviction and Lease) Control (Amendment) Bill 1954, be read a second time"

Mr. Speaker: The Question is:

"That L. A. Bill No. XXXII of 1954, the Hyderabad Houses (Rent, Eviction and Lease) Control (Amendment) Bill 1954, be read a second time".

The motion was adopted.

Clause 2.

Mr. Speaker: The question is:

"That Clause 2 stand part of the Bill"

The motion was adopted.

Clause 2 was added to the Bill.

Clause 3.

Shri J. Anand Rao : I beg to move :

"That after line 39 add : " 34. Peddapalli (Karimnagar District). 35. Jagtial (Karimnagar District)."

Mr. Speaker : Amendment moved.

Shri Ch. Venkatrama Rao : I beg to move :

"That line 47 add : " 42. Koppal (Raichur District)
43. Kamareddy (Nizamabad District).'

Mr. Speaker : Amendment moved.

* شری جے - آنند راؤ :- مسٹر اسپیکر سر - میں نے اپنی تقریر میں اس سے پہلے یہ وجہ بتلائی کہ تعلقہ کریم نگر - پداپلی اور جگتیال نہ صرف تعلقات کی تعریف میں آتے ہیں بلکہ یہ بڑے بزنس سنٹرس ہیں اور وہاں میونسپالٹیز بھی ہیں - آنریبل منسٹر کو یہ غلط فہمی نہ ہونا چاہئیے کہ پہلے وہاں قانون نافذ تھا لیکن اب نہیں ہے - میں نے پہلے بھی کرایوں کے تناسب کو بتلاتے ہوئے یہ کہا تھا کہ اضلاع کے مکانات کے کرایوں میں اور ان تعلقات کے مکانات کے کرایوں میں کوئی خاص فرق نہیں ہے - جیسا کہ آنریبل منسٹر نے فرمایا اس ایکٹ کو ہر اس مقام پر جہاں حکومت ضروری سمجھے نافذ کیا جاسکتا ہے - میں اس کو ولکم (Welcome) کرتا ہوں اور ساتھ ہی آنریبل منسٹر کو مبارکباد دیتا ہوں لیکن جہاں جہاں کرائے بڑھے ہوئے ہیں ان تمام مقامات کو یکے بعد دیگر یا ایک دم اس قانون کو وہاں بھی نافذ کرنا چاہئیے - ایکن فی الحال ان تین مقامات کو اس شیڈول میں شریک کرلیا جائے تو مناسب ہوگا کیونکہ وہ بڑے بزنس سنٹر ہیں - وہاں میونسپالیٹیز ہیں - ضلع کے بعد ان تعلقات کو ترجیح دی جاتی ہے اور وہاں کرایوں میں اضافہ کی وجہ سے اسٹوڈنٹس - پیشنٹس اور مڈل کلاس کے لوگوں کو دقت ہورہی ہے - اس لئے آنریبل منسٹر کو میری ترمیم ماننے میں زیادہ اعتراض نہ ہونا چاہئیے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ :- اسپیکر سر - گذشتہ سشن میں جب یہ بل یا تھا اس وقت بھی میں نے ان سٹیز کو رکھا تھا - اوس وقت کے منسٹر نے وعدہ کیا ھا کہ اس ضمن میں سوچ رہے ہیں - شائد میں بھول رہا ہوں تو آنریبل منسٹر قار کل گورنمنٹ اسکی پلیڈ کررہے تھے - انہوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ اس میں کچھ سپل طے کررہے ہیں اور گنجان آبادی والے مقامات پر اس کو لاگو کرینگے - ین اب اس کو اس وجہ سے نہیں مانا جاسکتا کہ فی الوقت ہائیکورٹ میں رٹ پیش ہے اس ب کچھ دقت ہورہی ہے - اس طرح اپیل کرتے ہوئے انہوں نے ان سٹیز کو نہ رکھا -

میں نے اس نقطه نظر سے که حکومت اس پر سوچ رهی هے اس کو واپس لے لیا - لیکن اب نہیں معلوم که آبادی کے پرنسپل پر رکھا جارها هے یا بزنس سنٹرس میں اس کو لاگو کیا جارها هے - لیکن یه واقعه هے که یه تعلقات بڑے بزنس سنٹر هونے کے علاوہ وهاں کی آبادی بھی بہت بڑی هوئی هے - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کو کبل سے ایک وائر بھی آیا هے - یه کہا گیا هے که جب سے رنٹ کنٹرول آرڈر ختم هوا هے لوگوں کو مکانات سے بیدخل کیا جارها هے - میں نے سنا هے که حکومت کے ایک منسٹر کے پاس بھی اسی قسم کا وائر آیا هے - اس نقطه نظر سے یه ترمیم پیش کی گئی هے اور اس سے پہلے بھی جگتیال - پداپلی - کیل اور کاماریڈی میں رنٹ کنٹرول آرڈر نافذ تھا - ان کو اب اس نئے بل میں چھوڑ دیا گیا هے - جب هم نے پہلے هی امنڈمنٹ پیش کیا تھا تو اوس وقت یه کہا گیا تھا که هم اس پر سوچ رهے هیں لیکن کیا اب بھی حکومت اپنے وعدہ سے پھر جائیگی اور ان بڑے بزنس سنٹرس کو اس شیڈول (Schedule) میں شامل نه کریگی -

اس کے علاوہ ابھی منسٹر صاحب فرمارهے تھے که میں نے کلکٹرس کو لکھا هے اور جیسے هی جواب آئیگا اون مقامات کو بھی اس میں انکلوڈ کرینگے - میں آنریبل منسٹر صاحب سے پوچھنا چاهتا هوں که کیا کلکٹر هی انفرمیشن کا سورس (Source) هے - هم مناسب سجیشنس دیتے هیں تو انہیں کیوں قبول نہیں کیا جاتا کیا کلکٹرس سے جوابات نہیں آئینگے تو ان مقامات کو شریک نہیں کرینگے - اگر آپ کلکٹرس کے جوابات هی کو صحیح مانتے هیں تو اون سے پہلے هی مشورہ کرنا تھا اور ان مقامات کو اس میں شریک کرتے هوئے یه قانون پیش کرنا تھا - اس لئے میں حکومت سے اور ایوان سے یه گذارش کرتا هوں که ان مقامات کو شریک کرنے کی ضرورت هے -

شری اناجی راؤ گوانے :- اسپیکر سر - جو امنڈمنٹ آنریبل ممبر جے - آنند راؤ نے پیش کیا هے اس میں میں امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ کے طور پر بسمت نگر اور سانوت کا اضافه کرنا چاهتا هوں -

Mr. Speaker : Amendment to amendment moved.

شری جے - آنند راؤ :- میں اس کو قبول کرتا هوں -

* شری انا جی راؤ گوانے :- میں نے جو دو ٹاؤنس (Towns) کا اضافه کیا هے اسکے پیچھے یه وجه هے که ان دونوں کی پاپولیشن (Population) ۱۸ تا ۲۰ هزار کی هے - یه دونوں بڑے بزنس سنٹرس هیں جہاں کاٹن کا بہت بیوپار هوتا هے - یہاں موز وغیرہ بھی زیادہ هوتا هے اور اسکے علاوہ یہاں میونسپالٹیز بھی هیں ، میں یه کہنا چاهتا هوں که آنریبل منسٹر نے جو اصول اس کلاز کے تحت رکھا هے وہ صاف نہیں هے - کیونکه پورنا جہاں کی آبادی نسبتاً کم هے اور جو اتنا بڑا بزنس سنٹر

بھی نہیں ہے اسکو تو اس میں شامل کیا گیا ہے لیکن بڑے بڑے شہروں کو نظر انداز کیا گیا ہے - وھاں مکانات کے لئے جھگڑے ھوا کرتے ھیں اور کرایے بھی بڑھے ھوئے ھیں - جب بڑے سٹیز (Cities) کے لئے جو بزنس سنٹرس ھیں اور جہاں کی پاپولیشن زیادہ ہے ان کے لئے یہ قانون بنایا گیا ہے تو میں نہیں سمجھتا کہ ان مقامات کو چھوڑنے کی کوئی وجہ ھوسکتی ہے - اسلئے میں آنریبل منسٹر سے رکوسٹ (Request) کرونگا کہ وھاں کے لوگوں کو بھی اس قانون کا فائدہ دینے کے لئے انکو شیڈول میں شریک کرلیا جائے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अध्यक्ष महोदय, श्री. सी. अेच. वेंकटरामराव साहब ने जो अमेंडमेंट पेश की है अुसमें में अमेंडमेंट टू अमेंडमेंट के तौर पर दो गांवों का और अिजाफा करना चाहता हूं। वे दो गांव हैं अुमरगा और अुमरी।

Mr. Speaker : Amendment to Amendment moved.

شری سی ایچ - وینکٹ رام :— میں امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ قبول کرتا ھوں -

*श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अुमरगा अुस्मानाबाद, और अुमरी नांदेड जिले में आता है। अिन दो नामों का में अिजाफा करना चाहता हूं।

पहले मुझे यह अर्ज करना है कि जब अिस अॅक्ट के सिलसिले में हाअुस में बहस हो रही थी अुस वक्त कहा गया था कि लातूर को रखा नहीं गया है, बाद में हम अिन्क्लूड करेंगे। अुस वक्त आॅनरेबल मिनिस्टर साहब ने दलील पेश की थी कि हम को हक है अिसलिये हम अुसको कभी भी अिन्क्लूड कर सकते हैं, अभी अिन्क्लूड करने की जरूरत नहीं है। कम से काम आज़ वे कबूल कर रहे हैं कि अुसी वक्त अिन्क्लूड करना चाहिये था क्योंकि अिसके पहिले से वहां कंट्रोल अॅक्ट लागू हुवा है। और जो कुछ हुकूक अुनको मिले थे अुनको कायम रखने के लिये अिसकी जरूरत थी। अिसके लिये वहां के व्यापारियों ने भी रिप्रेजेंटेशन किया। मेरे पास अुनके टेलिग्राम्स आये थे, और मैंने अुनकी नुमाअिंदगी भी की। मैंने आपके डिपार्टमेंट को भी अुसके बारे में लिखा था। लातूर अितना बडा शहर होने पर भी अुसको कैसे अिन्क्लूड नहीं किया गया यह अेक बडे आश्चर्य की बात है। हमारे प्रदेश में जितने व्यापारी सेंटर्स हैं अुनमें लातूर को नहीं भुलाया जा सकता। लेकिन अिस अॅक्ट में अुसको कैसे भुलाया गया मालूम नहीं। यह कोअी सेहवन चीज थी या जान-बूझकर की गअी थी यह नहीं कहा जा सकता। खैर गलती तो हुअी। और अब अिसको अिन्क्लूड किया जा रहा है। कोप्पल के सिलसिले में भी हुकूमत ने नोटीफिकेशन जारी कर के अुसकी कीमत मान ली है। अिसके बारे में भी मेरे पास टेलीग्राम्स आये हैं और कोअी वजह नहीं है कि अिस लिस्ट में अुसको अिन्क्लूड न किया जाय। आज के खास हालात में, बिझिनेस बढने की वजह से या म्युनिसिपालिटीज शहरों में होने की वजह से या जगह जगह पर डेव्हलपमेंट शुरू होने की वजह से कुछ मुकामात को अहमियत आ रही है। अुमरगे में अेक प्राअिव्हेट हायस्कूल है और डेव्हलपमेंट के सिलसिले में भी कुछ आमेला है। अिस वजह से वहां के रेंटस भी बढ रहे हैं और मकानात मिलना मुश्किल हो रहा है। अुमरी कपास का सेंटर है। वहां पर भी यही दिक्कत महसूस की जा रही है। अिन चीजों का खयाल रखा जाय तो आज की लिस्ट में अुन नामोंका अिजाफा करना जरूरी है।

परभनी के अेक ऑनरेबल मेंबर ने बस्मतनगर और मानवत के बारे में जो कहा अुसकी मै ताअीद करता हूं। अुन जगहों पर जाने का मुझे मौका मिला हैं। वहां पर घरों की किल्लत है और किराये बढने की वजह से लोगों को दिक्कतों का मुकाबला करना पड रहा है। अिन तम.म चीजों की वजह से लिस्ट को बढाने में ऑनरेबल मूव्हर साहब को अंतराज नही होना चाहिये। क.म.रेड्डी के सिलसिले में मुझे कहना है कि वह भी अेक बडा सेंटर होते हुअे भी अुसको किस तरह से भुलाया गया। खास तौर पर दवाखाने से अुसकी जो अहमियत है अुसको देखते हुअे लिस्ट में अुसको अिन्क्लूड किया जाना चाहिये।

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— اسپیکر سر - قانون کس مقام پر نافذ کرنا چاہئے اس کے لئے بڑی آبادی یا چھوٹی آبادی کو دیکھکر تصفیہ نہیں کیا جاتا - یہ قانون اس مقام پر نافذ کیا جائیگا جہاں مکانات کی قلت ہے اور روز بروز کرائے بڑھتے جا رہے ہیں خواہ وہاں آبادی کم ہو یا زیادہ - میں تو یہ دیکھ رہا ہوں کہ یہ قانون اس وقت جو حیدرآباد میں نافذ ہے کیا اسکو بھی ختم کرنے کی ضرورت تو نہیں ہے کیونکہ دو چار مہینے پہلے جس ملگی کا کرایہ ۴۰ روپیے تھا اسکو ۳۰ کردیا گیا ہے اور اوسکے بعد ۳۰ روپیے کردیا گیا - اوسکے بعد ۲۵ بلکہ ۲۰ کردیا گیا ہے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—क्या यह मलगी आनरेबल मिनिस्टर साहब की है ?

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— ہاں ہاں میرے بھی ہیں اسلئے میں باوثوق طور پر کہہ رہا ہوں اور دوسرے بہت سے لوگوں کے بھی جانتا ہوں - میرے اگر ہیں تو آپکو بہت زیادہ اطمینان ہوگا کیونکہ میرے کہنے میں زیادہ صداقت ہے - پہلے مکانات کہیں نہیں ملتے تھے لیکن آج " ٹولٹ " (To let) کی تختیاں نظر آتی ہیں - اضلاع کے تعلق سے جہاں کہیں اس قانون کی ضرورت محسوس کی جائے اسکو نافذ کیا جائیگا - چند صاحبان نے چند مقامات کا ذکر کیا ہے - میں ان مقامات کے کلکٹرس سے دریافت کیا ہوں - ایک آنریبل ممبر نے یہ اعتراض بھی کیا کہ کیا کلکٹر کی رائے سے ہماری رائے زیادہ مرجح نہیں ہے - محل موقع کے لحاظ سے مرجح ہوا کرتی ہے ہر وقت نہیں - یہاں ہم اسمبلی میں دیکھتے ہیں کہ ۹۴ ممبر ایک طرف اور پچاس ممبرس دوسری طرف ہوں تو اوس ایک ممبر کی رائے کی وجہ سے پچاس کی رائے کو کامیاب کرنا پڑتا ہے - ۹۴ ممبروں کی رائے کو نظر انداز کرنا پڑتا ہے - برخلاف اسکے ایک کلکٹر کہتا ہے کہ یہاں مکانات کی قلت ہے تو ہمیں ماننا پڑیگا - وہاں کے دو تین لوگوں کی رائے کو دیکھنے کی ضرورت نہیں پڑتی - اگر کلکٹر صحیح تحقیقات کر کے رپورٹ دے تو ہمیں اسی کی رائے کو صحیح ماننا پڑتا ہے -

دوسرے یہ کہ یوں تو ہم اسکو پورے ملک میں نافذ کرتے لیکن اخراجات کا سوال ہے - ہر کلکٹر یا ڈپٹی کلکٹر اس قانون کے تحت تصفیہ نہیں کرسکتے بلکہ انفصال کا جو عہدہ دار تجربہ رکھتے ہیں انکو وہاں رکھنا پڑیگا - اسلئے مجبوری ہے - لیکن

جہاں ضرورت ہے وہاں خود آنریبل ممبرس بتلائیں یا کلکٹر بتلائے یا وہاں کے لوگوں کی طرف سے ریپریزنٹیشنس (Representation) آئے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ جگیتال پداپلی وغیرہ سے ریپریزنٹیشنس آئے ہیں تو وہاں نافذ کیا جائیگا ۔ لیکن میں نے فی الحال کلکٹر سے رپورٹ منگوائی ہے تاکہ یہ معلوم ہو کہ وہاں اس قانون کو نافذ کرنے کی ضرورت ہے یا نہیں ۔

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ:— مسٹر اسپیکر سر- قبل اسکے کہ میں اس رپورٹ کے بارے میں کچھ کہوں اسکی ضرورت محسوس کرتا ہوں کہ اس رپورٹ کی ضرورت کیوں ہوئی اسکے متعلق کچھ کہوں- جب جنرل الکشن ہوئے اور اسمبلی قائم ہوئی اور اسکے ایک دو اجلاس ہوئے اور یہاں کرپشن کے تعلق سے متعدد سوالات کئے گئے تو حکومت اسکے جواب میں کہتی رہی کہ کرپشن نہیں ہے ایکن بالآخر حکومت کو یہ تسلیم کرنا پڑا اور اسکے نتیجہ میں یہ انٹی کرپشن انکوائری کمیشن (Anti-corruption Enquiry Commission) بٹھایا گیا- جس کی رپورٹ آج ایوان کے سامنے پیش ہے- میں زیادہ تفصیل میں نہ جاتے ہوئے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ انٹی کرپشن کمیشن نے جو پروسیجر (Procedure) اختیار کیا ہے اوسکی وجہ سے جتنی کارکردگی ہونی چاہئے تھی نہیں ہوئی انہوں نے حیدرآباد کے ایم- پیز (M. P's.) ایم- ایل- ایز (M.L.A's.) اور منوسپل کونسلرس (Municipal Councillors) سے تعلقات پیدا کئے اور کوئسچنیرس (Questionnaires) مرتب کرکے اوسکے جوابات حاصل کرتے ہوئے ایک رائے قائم کئے ہیں- حقیقت میں کرپشن کن کن جگہوں پر ہے اوسکو معلوم کرنے کیلئے انہیں دیہات کے کسانوں تک بھی پہنچنا چاہئے تھا- فیکٹریز کے مزدوروں اور کامن مین (Common men) تک بھی انہیں جانا چاہئے تھا- میں یہ نہیں کہتا کہ انہوں نے دوسرے جو ذرائع

اختیار کئے ھیں وہ اختیار نہ کرنے چاھئے تھے۔ بلکہ ان ذرائع کے ساتھ ساتھ انہیں یہ بھی اختیار کرنا چاھئے تھا۔ لیکن معلوم نہیں کہ وہ حیدرآباد سے آگے بڑھنا کیوں پسند نہیں کئے ؟ رورل پلیسس (Rural places) تک بھی انہیں جانا چاھئے تھا۔ یہی نہیں بلکہ حیدرآباد سے باھر چائینا (China) میں جو سکسس فل میژرس (Successful measures) اختیار کئے گئے ھیں اوس پروسیجر (Procedure) کو یہاں بھی اسٹڈی (Study) کرکے اون میژرس (Measures) کو یہاں بھی اپلائی (Apply) کرتے تو اس سے کسی قدر زیادہ فائدہ ہوسکتا تھا۔ اسلئے میں کہونگا کہ جو پروسیجر اختیار کیا گیا ھے بہرحال وہ ناکافی ھے۔ میں یہ کہونگا کہ کمیشن نے اسکو تسلیم کرلیا ھے کہ کرپشن موجود ھے۔ ونکے الفاظ اس سلسلہ میں یہ ھیں۔

"These evils have now become more wide in extent, more open in form, and have steadily pervaded almost all sections of our society".

اس سے ایوان کو بخوبی معلوم ہوگیا ہوگا کہ سماج میں کرپشن کس طرح پھیل گیا ھے۔ موجودہ سماج میں کرپشن جس طرح پھیل گیا اوسکے متعلق کمیشن نے جوکچھ کہا ھے میں سمجھتا ھوں کہ وہ بہتر ھے۔

حد یہاں تک پہنچ گئی ھے کہ کرپشن کے متعلق اس طرح کہا گیا ھے کہ وہ تو لینے والے کا معمول ھے۔ جو انکا حق ھے وغیرہ وغیرہ میں کم از کم کمیشن کو اس سلسلہ میں مبارکباد دیتا ھوں کہ انہوں نے اسکو تسلیم کرلیا ھے کہ رشوت ستانی کی حد ھوگئی ھے۔ قبل اسکے کہ میں دیگر ڈیٹیلس (Details) میں جاؤں کیسس میں جو ڈیلے (Delay) ھوتا ھے اوسکے متعلق کمیشن نے جو کچھ کہا ھے اوسکو کوٹ (Quote) کرونگا وہ کہتے ھیں کہ

"Delay in disposal of cases itself encourages corruption."

یعنی جب کبھی کسی پر کیس (Case) پٹ اپ (Put up) کیا جاتا ھے تو اوس میں ڈیلے جان بوجھ کر کیا جاتا ھے۔ اور یہ چیز خود کرپشن کو انکریج (Encourage) کرتی ھے۔ کمیشن نے کلیرلی (Clearly) اس کو جو پیش کیا ھے میں اوس کو اپریشیئیٹ (Appreciate) کرتا ھوں۔ میں سمجھتا ھوں کہ یہ سب سے بڑی ایول (Evil) ھے جو بڑھ رھا ھے۔ جب کوئی شخص کسی کیس کو وقت پر ختم نہیں کرتا اور اس میں ڈیلے کرتا ھے تو دوسرے آدمی ، تیسرے آدمی اور چوتھے آدمی کو بھی اس میں ڈیلے کرنے کی

جرأت ہوتی ہے اور وہ اس سے فائدہ اٹھاتا ہے ۔ مثلاً گزشتہ سال تلف مال کے سلسلہ میں کریم نگر میں (٦٤) ہزار کا مس اپروپریشن (Misappropriation) ہوا کانگریس کی جانب سے اس کے متعلق ریپریزنٹیشن کیا گیا اور خود میں نے بھی تین سوالات اس سلسلہ میں کئے ۔ لیکن اب تک انکوائری (Enquiry) ہورہی ہے ۔ ایک سال گزر جاتا ہے لیکن انکوائری ہورہی ہے ۔ انکوائری کے ٹریس (Trace) بھی نہیں مل سکے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دوسرے شخص تلف مال میں مس اپروپریشن کرتا ہے ۔ تیسرا کرتا ہے چوتھا کرتا ہے ۔ کیسس میں جو ڈیلے ہوتا ہے وہ خود کرپشن کے بڑھانے میں مدد دیتا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ اس سلسلہ میں کوئی مدت رکھدینے سے مسئلہ حل نہیں ہوسکتا لیکن ڈیلے کو دور کرنے کے لئے ایسے میژرس (Measures) اختیار کئے جانا چاھئیں کہ کیسس جلد ڈسپوز (Dispose) ہوسکیں ۔

Frequent tours by Ministers and Deputy Ministers.

کمیشن نے اس پر بھی نکتہ چینی کی ہے ۔ ٹورس کے سلسلہ میں جو سربراہی کی جاتی ہے اوس کی وجہ سے بھی کرپشن پیدا ہوتا ہے ۔ ادھر اور اودھر کے سب ھی آنریبل ممبرس جانتے ہیں کہ دس دس پندرہ پندرہ منٹ کے لئے دورہ ہوتا ہے لیکن انتظامات دس پندرہ دن پہلے سے ھی کئے جاتے ہیں ۔ اسی سلسلہ میں کئی روپیے خرچ کئے جاتے ہیں وہ بھی دوسری جگہ سے آتے ہیں ۔ میرا منشاء یہ نہیں کہ دورہ نہیں کرنا چاھئیے ۔ لیکن جب دورہ کیا جاتا ہے اوس کا مقصد بھی حاصل ہونا چاھیئے ۔ اگر اچانک دورہ کیا جائے تو فوائد کافی حاصل ہوسکتے ہیں ۔ لیکن پہلے سے ھی پروگرام بھیجکر دورہ کرنے سے فائدہ حاصل نہیں ہوتا ۔ تو اس پر بھی حکومت کو سوچنا چاھئیے اور کم از کم غیرضروری دورے بند کرنے چاھئیں ۔ یہ بھی ایک اچھی چیز ہے کہ وہاں جو خرچہ ہوتا ہے وہ منسٹر خود برداشت کریں وہاں ڈپارٹمنٹ کو کسی کا انتظام کرنے کا موقع نہ دیں ۔ ڈپارٹمنٹ کے رولس کے سلسلہ میں کمیشن نے یہ بتلایا ہے کہ اس میں '' افس '' (Ifs) '' بٹس '' (Buts) '' اگر '' ۔ '' مگر '' اور '' چنانچہ '' وغیرہ جیسے الفاظ بھرے رہتے ہیں یہ بھی کرپشن کا موقع پیدا کرتے ہیں کرپشن کرنے ہیں رولس میں ان الفاظ کے رہنے سے بچ جاتے ہیں ۔ اس لئے اس سلسلہ میں کمیشن نے جو کچھ کہا ہے وہ موزوں ہے ۔ کئی رولس ختم کئے جاسکتے ہیں اور کئی رولس کو ری اناکٹ (Re-enact) کیا جاسکتا ہے ۔ نظام کے زمانے میں جو رولس بنائے گئے تھے اور جو اب بنائے گئے ہیں دونوں میں فرق نہیں ہے ۔ دوسری چیز یہ ہے کہ جب کوئی کیس گورنمنٹ سرونٹ کے خلاف پٹ اپ (Put up) کیا جاتا ہے تو آنریبل منسٹر یا حکومت جو بھی مناسب سمجھتے ہیں بچانے کی کوشش کرتے ہیں ۔ یا تو اوس کو ہیڈ آف دی ڈپارٹمنٹ (Head of the Department) بچا لیتا ہے یا پھر منسٹر بچالیتے ہیں ۔ ایک سے زیادہ کیسس کے ضمن میں یہ بتایا جاسکتا ہے ۔ خود کمیشن نے اس سلسلہ میں کہا ہے کہ کس طرح حکومت یا ہیڈ آف دی ڈپارٹمنٹ کی طرف سے ڈسکریمینیشن

(Discrimination) برتا جاتا ہے - ڈپٹی کلکٹر کو معطل کرنے کی بجائے تحصیلدار کو معطل کیا جاتا ہے - کلکٹر کو معطل کرنے کی بجائے ڈپٹی کلکٹر کو معطل کیا جاتا ہے - اس کی وجہ سے بھی کرپشن کو انکریجمنٹ (Encouragement) ملتا ہے - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس طرف زیادہ غور کرنے کی ضرورت ہے - مثال کے طور پر میں بتاسکتا ہوں کہ گزشتہ مرتبہ جب ملکوٹے صاحب نئے طور پر پی - ڈبلیو - ڈی کے منسٹر ہوئے تھے اوسی وقت میں نے کریم نگر سے متعلق ایک کیس اون کے سامنے رکھا تھا کہ ایک انجینیر ایک کام کے سلسلہ میں دو مرتبہ (۲۲۵۰) روپیہ کے چک جاری کئے - انہوں نے کہا تھا کہ -

"I have taken it seriously, I am going to enquire".

وغیرہ وغیرہ - چھ سات مہینے ہوگئے مگر اب بھی انکوائری جاری ہے - پھر آخر میں ایک کلرک کو ڈیگریڈ (Degrade) کیا گیا - انجینیر جو ذمہ دار تھا اوسکو تو بحال رکھا گیا لیکن سزا دیگئی کلرک کو - ایک آنریبل ممبر نے اس سلسلہ میں ایک ڈیٹیل رپورٹ پیش کی جس میں کئی جگہ یہ ثابت کیا گیا کہ کسطرح ڈسکریمینیشن برتا جارہا ہے - مثلا جیل کی مثال لیجئے - ایک سندھی ڈپٹی جیلر کی پوسٹ پر اپائنٹ ہوتا ہے - چند دنوں کے اندر جیلر اور پھر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بن جاتا ہے - یہاں کا کوئی آدمی ہوتا ہے وہ اوپر جانے کی بجائے نیچے آتا لیکن سندھی چھ مہینے میں ہی تین زینے طے کرتا ہے - اس سلسلہ میں جی - اے - ڈی - اور پبلک سرویس کمیشن مخالفت کرتا ہے لیکن اسکے باوجود وہ بچے رہتے ہیں یہ کیا قصہ ہے - کیوں ڈسکریمینیشن برتا جاتا ہے - میں نے جو مثالیں بتائی ہیں اون سے معلوم ہوا کہ کافی کرپشن بڑھ رہا ہے - اس لئے حکومت کو چاہئے کہ فوراً اس طرف توجہ کرے کمیشن نے اس سلسلہ میں لانگ ٹرم (Long-term) اور شارٹ ٹرم میژرس (Short-term measures) ۱۲ اور ۶ جو بتائے ہیں اون میژرس کی میجارٹی کو قبول کرنے میں مجھے کوئی عذر نہیں ہے - مگر جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے جو پروسیجر اڈاپٹ (Adopt) کیا گیا ہے وہ ناکافی ہے جسکی وجہ سے وہ دیگر اقدامات کا ذکر نہیں کرسکے اور میں یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو ۱۲ اور ۶ میژرس بتائے گئے ہیں اگر وہ اختیار کرلئے جائیں تو کیا ہمارے سماج میں سے کرپشن نکل سکتا ہے - میں تو نہیں سمجھتا کہ کرپشن ہمیشہ کے لئے چلا جائیگا - یہ اوسی وقت دور ہوسکتا ہے جبکہ موجودہ فیوڈل اور سرمایہ دارانہ ڈھانچہ کو تبدیل کیا جائے - یہ میں مانتا ہوں کہ ان اقدامات سے کچھ فائدہ ضرور ہوگا لیکن جب تک پرسنل انٹرسٹس اور مفادات حاصلہ ہمارے سماج کے ڈھانچہ میں رہینگے اوس وقت تک یہ کرپشن جاری رہیگا -

[*Shri B. D. Deshmukh (Chairman) in the Chair*]

میں ایک مثال دیتا ہوں - الکشن ہوا اور پاپولر منسٹری آئی - اوس وقت یہ جھڑپ ہوئی کہ کس گروپ کے منسٹر ہوں - پہلے تو (۱۳) آدمیوں کی کیبینٹ بنائی گئی - لیکن جب

یہاں کے آنریبل ممبرس کا دباؤ ـ سنٹرل گورنمنٹ کا دباؤ ہوا یا اور کوئی وجہ ہوئی کہ اونکو جھکنا پڑا ـ اپنے پرسنل انٹرسٹ کو کم کر کے ـ نویٹزم (Nepotism) کو کم کر کے اوس کو (۱۰) تک گھٹایا گیا ـ لیکن پھر جب پرسنل یا گروپ انٹرسٹ بڑھنے لگا تو پھر (۱۶) منسٹریاں قائم کی گئیں ـ اوپر سے نیچے تک اور نیچے سے اوپر تک فیوڈل سسٹم موجود ہے ـ مفادات کے درمیان ایک ٹگ آف وار (Tug of war) چل رہا تھا ـ چیف منسٹر اپنا انٹرسٹ چاہتے ہیں ـ دوسرا گروپ اپنا انٹرسٹ چاہتا ہے ـ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آخر میں (۱۶) منسٹریاں قائم ہوجاتی ہیں ـ ہر ڈپارٹمنٹ میں بھی یہی حال ہے ـ جب منسٹری میں یہ حال ہے تو ہر ہیڈ آف دی ڈپارٹمنٹ بھی یہی کوشش کرتا ہے کہ اپنے اپنے آدمیوں کو لے ـ چنانچہ (I. G. P. Jail) بھونانی صاحب نے ایک پروپوزل پیش کیا تھا کہ ۱۲ سپرنٹنڈنٹ کی پوسٹس قائم کی جائیں ـ تا کہ سندھیوں کو اوس میں بھرا جاسکے ـ اس لئے ڈپارٹمنٹس میں بھی اپنے اپنے لوگوں کو بھرنے کی خاطر نئی نئی اسکیمیں پیش کی جاتی ہیں ـ کیبینٹ سے لیکر پٹیل پٹواری تک اور چھوٹے چھوٹے کارکس تک ہر شخص اپنا اپنا انٹرسٹ پیش نظر رکھتا ہے ـ اسی لئے میں کہتا ہوں کہ موجودہ سماج کا ڈھانچہ جب تک نہیں بدلیگا کرپشن پوری طرح جانے والا نہیں ـ لیکن اس کے باوجود بھی کمیشن نے میژرس بتائے ہیں اگر اوس کو مان لیا جائے تو کافی فائدہ ہوگا ـ کرپشن کمیٹی کی جانب سے یہ میژرس بتائے گئے ہیں ـ

Propaganda, Ethics, Teaching, Burrakatha, Songs.

وغیرہ وغیرہ ـ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے جو میژرس بتائے گئے ہیں میں اون کے خلاف نہیں ہوں لیکن یہ کہونگا کہ جو میژرس بتائے گئے ہیں وہ بھی ناکافی ہیں ـ مثلاً ایتھکس کے ذریعہ کیا ہوسکتا ہے ؟ نظام کے زمانہ میں بھی اخلاقیات اور دینیات وغیرہ کے سبق دئے جاتے تھے لیکن اوس کا نتیجہ کیا ہے ـ آج جو مرچنٹس ہیں ـ جو اسٹوڈنٹس ہیں ـ جو ڈاکٹرس ہیں ـ جو وکیل ہیں وہ سب اوسی کی پیداوار ہیں ـ اور ہم بھی ہیں ـ تو کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ایتھکس پر ہی پورے معاملہ کا دارومدار رکھا نہیں جاسکتا ـ مورلس (Morals) بھی کئی قسم کے ہوسکتے ہیں ـ آپ کے کانگریس کا مورل الگ ہے ـ انڈیویجول مورل الگ ہے ـ گاندھین مورل الگ ہے ـ پولیٹیکل مورل الگ ہے ـ یہ سب الگ الگ مورلس ہیں ـ کونسے مورل کے بیسس دینا چاہئے ـ آپ کا پولیٹیکل مورل یہ ہوتا ہے کہ جب کبھی الکشن ہوتا ہے تو مخالف کو جوتا مارکر الکشن جیتا جاتا ہے ـ میں مورلس اور اوس کے سبق دینے کے خلاف نہیں ہوں لیکن یہ الگ الگ مورل ہوسکتا ہے ـ اس لئے میں کہونگا کہ مورل سے کسی حد تک فائدہ ہوسکتا ہے ـ

دوسرے مجھے یہ بھی عرض کرنا ہے کہ اکزیکیٹیو پالیسی بنانا اور اڈمنسٹریشن رن (Administration run) کرنا یہ دو چیزیں الگ الگ ہیں ـ یہ کہا جاتا ہے ـ اس سے میں ڈفر (Differ) کرتا ہوں اور مجھے یہ آلٹرنیٹیو پروپوزل (Alternative proposal)

دینا ہے کہ سرویسس کو کمپلیٹلی (Completely) ری آرگنائز (Reorganise) کرنا چاہئے - جو بیوروکراسی (Bureaucracy) ہے اس کو نکالنا چاہئے - پولیس ایکشن حیدرآباد میں ہوا لیکن جس طرح کہ اودھر کے ایک ممبر فرما رہے تھے بعض دماغوں میں ابھی پولیس ایکشن نہیں ہوا ہے تو اس کے لئے ری آرگنائزیشن کرنا چاہئے - اور ٹائم ٹو ٹائم کیبینٹ کی طرف سے سکریٹریٹ چک اپ کرنا چاہئے - میں سمجھتا ہوں اب بھی جو پالیسی ہوتی ہے وہ اکزیکیٹیو ھی رن کرتی ہے - کیبینٹ نام کو ہے زیادہ وقت نہیں ہے ورنہ میں تفصیل سے اس پوائنٹ پر ڈسکس کرتا - میں دوسرے سجسشنس کی طرف بھی حکومت کی توجہ مبذول کراتے ہوئے ان کو قبول کرنے کے لئے کہونگا - لیکن اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے ایک اور چیز میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ کمیشن کی طرف سے جو بھی سجیشن دئے گئے ہیں وہ پھر بھی بہترھیں - ابھی ایک آنریبل ممبر فرما رہے تھے کہ اگر کسی کو موجودہ کمیشن کے بتائے ہوئے کمیٹی یا کمیشن کے کہنے کے مطابق کسی شخص کو کورٹ کے تفویض کیا گیا اور کورٹ چھوڑ دے اور موجودہ حکومت کے خلاف دعوی کر بیٹھے کہ مجھے پورے معاوضہ کے ساتھ بحال کیا جائے لیکن میں نہیں سمجھتا کہ یہ صحیح ہوسکتا ہے - جب موجودہ قوانین ناکافی ہیں تو انہیں ری انیکٹ (Re-enact) کرنا چاہئےاور ہم ایسا قانون بناسکتے ہیں جن کے ہونے کے بعد پھر ملزم بحال نہیں ہوسکتے - میں چاہتا ہوں کہ کمیشن اتنا پاور فل ہو جتنا کہ سپریم کورٹ ہوتا ہے - پبلک سرویس کمیشن کے رکمنڈیشن کی طرح ان کے احکامات یا سفارشات رد نہ کیا جانا چاہئے - ایک آنریبل منسٹر جس طرح کہہ رہے تھے کہ ایک الگ ڈپارٹمنٹ اس کے لئے قائم کیا جائیگا اور جو ڈائرکٹ منسٹر صاحب کے تحت رہیگا - میں آنریبل منسٹر سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ نظام کے زمانے میں جو اکزیکیٹیو کونسل تھی اس کے تحت بھی ایک اینٹی کرپشن ڈپارٹمنٹ دو سال تک قائم رہا لیکن اوس سے کیا فائدہ ہوا - کیا آپ اوس ہسٹری کو دھرانا چاہتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ کمیشن بنانے کا سجیشن اچھا ہے لیکن پبلک سرویس کمیشن کے جیسے پاورس ہیں ویسے پاورس اس کے لئے کافی نہیں ہونگے بلکہ اوس کو پورے پورے پاورس ہونا چاہئے جیسے سپریم کورٹ کے ہیں -

دوسرے یہ کہ اس کمیشن کو ڈسٹرکٹ کے مسائل پر رائے دینے کے لئے ہر ڈسٹرکٹ میں ایک اڈوائزری کمیٹی بنائی جائے - مجھے اس کے لئے بھی آلٹرنیٹیو سجیشن (Suggestion) دینا ہے - انجینیرس جب ورک الاٹ (Work allot) کرتے ہیں تو جیسا کہ خود کمیشن نے رپورٹ کی ہے دس فیصد بجٹ کرپشن میں چلا جاتا ہے - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ورک الاٹ کرنے کے لئے لوکل اڈوائزری باڈیز سے مشورہ کرکے لوکل کنٹراکٹرس کو ھی دیا جائے - مجھے یہاں دھرانے کی ضرورت نہیں ہے کہ لوکل کنٹراکٹرس کو کیوں دینا چاہئے لوکل لوگوں کو اپنے ضلع کو اچھا بنانے یعنی اپنے گھر کو اچھا بنانے کی زیادہ فکر رہتی ہے اس لئے لوکل کنٹراکٹرس کو دیا جائے تو زیادہ فائدہ ہوسکتا ہے - اگر وہ آگے نہیں آتے ہیں تو دوسروں کو دیا جا سکتا ہے -

اس کے بعد امپلائمنٹ اکسچینج کے ضمن میں مجھے یہ کہنا ہے کہ اس کی شاخیں ہر ضلع میں کھولی جائیں۔ ہر ضلع میں ایک ایک برانچ ہو تو اڈوائزری باڈیز جنہیں بنانے کے لئے میں نے کہا ہے وہ اور برانچ کے لوگ بیٹھکر اپوائنٹمنٹ کے لئے تجویز پیش کر سکتے ہیں ۔ اس سے نپوٹیزم اور کرپشن میں کمی ہوسکتی ہے۔

پرزنٹ پٹیل پٹواری سسٹم کے ضمن میں مجھے زیادہ عرض کرنا نہیں ہے ۔ سجیشن میں تو یہ بتلایا گیا ہے کہ ان کو کافی سہولتیں نہیں ہیں لیکن میں سمجھتا ہونکہ کن کن طریقوں سے پٹیل پٹواری کرپشن کرتے ہیں کمیشن اس کو نہیں جان سکا ۔ ہم جانتے ہیں کہ اس میں بہت زیادہ کرپشن ہے اس لئے اس طریقہ کو ختم کرکے ان کو ایک پیڈ کلرک (Paid Clerk) کے طور پر رکھا جائے تو اس سے کرپشن میں کمی ہوسکتی ہے ورنہ نہیں ۔

مجھے اور ایک چیز یہ کہنا ہے کہ نظام کے زمانہ کے بوسیدہ قوانین '' افس '' اینڈ '' بٹس '' کے ساتھ اور غیر معمولی کامپلیکیشنس (Complications) سے بھرے ہوئے ہیں ان میں اسکی گنجائش ہے کہ کرپشن کرنے کے باوجود آسانی سے بچ سکتے ہیں ممکن ہے کہ بعض قوانین ایسے نہوں لیکن اسمبلی ان سب قوانین کو ری انیکٹ کرے ۔

ڈفرنس آف پے (Difference of pay) کے بارے میں مجھے یہ کہنا ہے کہ ایک شخص کی تنخواہ ٥ - ٦ روپیے ہوتی ہے دوسرے کی ٣٠ - ٣٥ ہوتی ہے اور تیسرے چیف سکریٹری کی ٣٧٠٠ ہوتی ہے ۔ یہ حال کبتک رہیگا ۔ کیا یہ کرپشن کی وجہ نہیں بن رہی ہے ۔ اگر آپ چاہیں تو گزیٹیڈ اور نان گزیٹیڈ آفیسرس کو زیادہ سے زیادہ سوشیل امینیٹیز دیسکتے ہیں ۔ لیکن بہرحال وائڈ ڈفرنسیس (Wide differences) کو ختم کرنا چاہئے ۔ میں پورے سوشلسٹ بیسس پر تو سجسٹ نہیں کررہا ہوں ۔ موجودہ تنخواہوں میں ایک تا پندرہ کا فرق رکھئے یا ایک تا بیس کا بھی فرق رکھئے اور جبتک آپ ایسا نہیں کرتے یہ کرپشن جانے والا نہیں ہے ۔

ساتھ ساتھ مجھے یہ بھی عرض کرنا ہے کہ جب کسی کیس میں پرائمافیسی ملجاتی ہے اور کیس کمیشن کو جاتا ہے تو اسکی خوب پبلیسٹی کیجئے کہ فلاں تحصیلدار نے ایسا کیا ہے ۔ اسکی حد سے زیادہ پبلیسٹی کیجئے تاکہ دوسروں کو ہمت نہ ہوسکے کہ آئندہ اسطرح کرنے سے اوس کا بھی وہی حال ہوگا ۔

آخر میں مجھے اتنا ہی عرض کرنا ہے کہ جو بھی میژرس کمیشن کی طرف سے پیش کئے گئے ہیں اور آلٹرنیٹیو کے طور پر میں نے اور دیگر آنریبل ممبرس نے جو سجیشن دئے ہیں انکو مان لیا جائے ۔ اور انکو ایک ساتھ آنسٹلی امپلیمنٹ (Honestly implement) کیا جائے ۔ میں نہیں کہتا کہ آپ امپلیمنٹ نہیں کرائینگے لیکن اگر امپلیمنٹیشن میں آنیسٹی کا دخل ہو تو کچھ نہ کچھ ضرور فائدہ ہوگا ۔ ہوسکتا ہے کہ

دس ۔ پانچ یا کم از کم دو فیصد کرپشن گھٹے ۔ لیکن مجھے شبہ ہے کہ آنیسٹی کو دخل نہ رھیگا ۔ جو رولس اینڈ ریگولیشنس ہیں وہ خود ایسے ہیں کہ جن سے کرپشن (Corruption) ہوسکتا ہے ۔ اور جبتک انکی ترمیم نہیں کی جاتی پورا کرپشن دور نہیں ہوسکتا ۔ لیکن پھر بھی جو سجیشن بتلائے گئے ہیں ان پر عمل کیا جائے تو کچھ کرپشن دور ہوسکتا ہے کچھ کرپشن ختم ہونے کے بعد جو باقی رھیگا اسکو دور کرنے کے لئے ہم پھر سوچ سکتے ہیں اسلئے ایوان اور خاص طور پر منسٹر کنسرنڈ اس پر زیادہ توجہ دیں ۔

* شری انا راؤگن مکھی (افضل پور) :— اس رپورٹ کے بارے میں ابتک جو رائے زنی ہوئی اور جو آئندہ ہونے والی ہے وہ زیادہ تر اسی رپورٹ سے لیگئی ہے ۔ اس میں ہر ممبر اپنی طرف سے مزید کچھ رائے پیش کررھا ہے ۔ میں نے جہاں تک اس رپورٹ کو دیکھا ہے اور اس میں جو ریمیڈیز (Remedies) بتلائے گئے ہیں وہ میں سمجھتا ہوں کہ واقعی طور پر قابل ستائش ہیں اور انکی واقعی طور پر گورنمنٹ پوری پوری تعمیل کرے تو بہت کچھ کرپشن ، بھرشٹا چار کم ہوسکتا ہے ۔ اودھر کے ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ سرویسس کا ایک فیوڈل (Feudal) ڈھانچہ ہے اور جبتک فیوڈل ایزم نہ جائے کرپشن بھی نہیں جاسکتا ۔ اس سے میں سمجھتا ہوں کہ اودھر کے ممبرس ہی متفق ہوسکتے ہیں ادھر کے نہیں ۔ کیونکہ سرویسس کی ایک بالکل علحدہ کلاس ہے ۔ اگر انکو فیوڈل لوگوں کی جماعت سمجھتے ہیں تو وہ آپکی نظر میں کرپٹ ہوسکتے ہیں لیکن سرویسس میں جو ہماری برادری کے لوگ ہیں جو ہمارے بھائی ہیں وہ آپکی طرف سے بھی ہیں اور ہماری طرف سے بھی ہیں اور تمام طبقات کے لوگ اس میں شامل ہیں ۔ آج ہمیں یہ سوچنا نہیں ہے کہ پبلک کس حد تک کرپٹ ہے ۔ پبلک سرویس کمیشن نے یہ بتلایا ہے کہ زیادہ تر ذمہ داری پبلک پر ہی ہے کیونکہ کسی معاملہ پر غور کرتے وقت جب ڈیلے (Delay) ہوتی ہے تو لوگ پیسہ یا اورکوئی لالچ دیکر کام نکالنا چاہتے ہیں ۔ اسطرح پرائمری (Primary) یا اصل ذمہ داری تو سرویسز پر عائد ہوتی ہے اور سکنڈری (Secondary) ذمہ داری پبلک پر عائد ہوتی ہے ۔ اگر ڈیلے کو کم کیا جائے تو اس کی نوبت ہی نہیں آتی ۔ ہمیں ساری مشنری ڈیلے کو دور کرنے میں کام میں لانا پڑیگا ۔ ہمیں اس بات پر دھیان دینا نہیں ہے کہ اس کے لئے ابتک حیدرآباد میں کون کون سی کمیٹیاں بنیں اور انہوں نے کیا کیا کام کیا ۔ بلکہ ہمیں دیکھنا ہے کہ اس وقت ہم کیا کرسکتے ہیں ۔ اس جانب کے ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ پبلک سروس کمیشن کو زیادہ اختیارات دئے جائیں ۔ لیکن وہ تو ایک کنسلٹنگ باڈی (Consulting body) ہے ۔ جو اتھارٹی (Authority) اپوائنٹمنٹ کرتی ہے وہی ڈسمس (Dismiss) بھی کرسکتی ہے ۔ البتہ یہ ہوسکتا ہے کہ کسی کے لئے شہادت زیادہ لیجائے ۔ تحقیقات کے لئے ایک ٹریبیونل (Tribunal) یا باڈی بنائی جائے جس کے سامنے شہادت آیا کرے ۔

اس میں یہ تصور بھی ہے کہ اسپلائر (Employer)جو چارج لگانے والا ہوتا ہے وہی پراسیکیوٹر (Prosecutor) اور وہی جج نہ بنے - ایک ایسی کمیٹی ہونی چاہئے جس پر کسی کا اثر نہو - اسی صورت میں اسپلائی کے ساتھ نا انصافی ہونے کا اندیشہ نہیں رہ سکتا - رپورٹ میں جو کمیشن یا باڈی بنانے کی سفارش کی گئی ہے اس کے لئے وہ یقیناً قابل مبارک باد ہے - لیکن اس میں بھی کچھ مشکلات پیدا ہوتی ہیں - رپورٹ میں یہ کہا گیا ہے کہ ایکس برانچ اور ٹرایبیونل آف انکوائری کو ختم کرکے اسکی جگہ ایک باڈی بنائی جائے - یہاں ہاؤس کے سامنے دو چیزیں غور طلب ہیں - ایک یہ کہ جہاں کہیں ایسی الليگل گراٹیفیکیشن (Illegal gratification) یا کرپشن کی صورت نظر آتی ہے تو اس پر فوجداری ذمہ داری عائد ہوتی ہے - اور اس کو پریونشن آف کرپشن ایکٹ (Prevention of Corruption Act) کے تحت چالان کرنا پڑتا ہے - ایسی صورت میں یہ تفتیش کرنے والی کمیٹی پراسیکیوٹر نہیں بنتی - سنٹر کا جو قانون لاگو کیا گیا ہے اس کے ساتھ فوجداری کا چالان انکے سامنے نہیں ہوتا - چالان تو مجسٹریٹ کے سامنے ہوتا ہے - ایسی صورت میں ایسا کوئی نہ کوئی آلہ رہنا چاہئے چاہے وہ ایکس برانچ ہو یا کوئی اور آفیسر اس کے لئے مقرر کرکے مدد دیجائے - لیکن ایک پراسیکیوٹر ہونا ہی چاہئے - اور اسکو ہائی پاور دیکر چالان پیش کرکے الزام کی تحقیقات کرنے کا اختیار دینا چاہئے - یہ هلپ فل (Helpful) ثابت ہوگا - ورنہ کمیشن کے سامنے صرف ڈسپلینری ایکشن(Disciplinary action) کے کیسس آئیں تو وہ کورٹ تو نہیں ہے - ٹریبیونل آف انکوائری ایکٹ کے تحت جو ٹریبیونل ہوتا ہے اسکے تحت سنٹرل ایکٹ کا چالان عدالت میں جاتا ہی نہیں ہے - میں گورنمنٹ کو یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ جہاں تحصیلدار اورگزیٹیڈ آفیسرس کو نوٹس پر دستخط کر کے دیتے ہیں اور وہ کیس ٹریبیونل آف انکوائری میں جاتا ہے - حالانکہ اسکو فوجداری میں جانا چاہئے - اسکی بجائے ڈسپلینری ایکشن کے لئے ٹریبیونل آف انکوائری میں بھیجا جاتا ہے - یہ کس حد تک صحیح ہے - ایسے کتنے کیسس ہیں جن میں فوجداری نوعیت کے جرائم ہیں - لیکن اس کے باوجود ٹریبیونل آف انکوائری میں بھیجا گیا - یہ ٹرایبیونل کیا ہے - اسکو زیادہ سے زیادہ ضابطہ فوجداری اور دیوانی کے کچھ ڈاکومنٹس اور ایویڈنسس (Evidences) کے پاورس دیئے گئے ہیں - وہ زیادہ سے زیادہ یہ رائے دے سکتی ہے کہ سروس سے ڈسمس کیا جائے - اسکو تعزیری سزا دینی ہوتی ہے لیکن محکمہ بہت نرم دلی سے کام لیتا ہے - اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سرکار کو اپنے ملازمین سے بہت محبت ہے - اسلئے انہیں سپرد فوجداری کرنے یا فسٹ کلاس مجسٹریٹ کے سامنے بھیجنے کی بجائے ٹریبیونل میں بھیجتے ہیں - اگر ہمیں اپنی سرویسز کو افیشینٹ بنانا ہے تو ایک کمیشن کا قیام ضروری ہے - البتہ ایکس برانچ ہو یا چیف سکرٹری کے پاس ایسا برانچ رہے کہ جو بھی پبلک کی درخواست آتی ہے اس پر تحقیقات کرکے اسکو عدالت میں بھیجا جائے - ٹریبیونل آف انکوائری کا نام تو بہت بڑا ہے لیکن وہ صرف ڈسپلینری ایکشن لے سکتی ہے - صرف رائے دیتی ہے -

کیونکہ اپوائنٹنگ اتھارٹی (Appointing authority) ھی ڈسمس کرنے کا اختیار رکھتی ھے - ھمیں یہاں تین چیزیں دیکھنا ھے - ایک تو یہ ھے کہ ڈپارٹمنٹل رولس کی خلاف ورزی ہوتی ھے - دوسرے یہ کہ بعض سیریس (Serious) کیسس ھوسکتے ھیں جنکی سزا ڈسمسل (Dismissal) ھوسکتی ھے - اور تیسرے فوجداری نوعیت کے مقدمات ھوتے ھیں - جو چھوٹے چھوٹے ڈپارٹمنٹل خلاف ورزیاں ھوتی ھیں وھاں ویسی ھی کارروائی ھوتی ھے - فوجداری کارروائی کی نوعیت کی صورتیں بھی ھوتی ھیں - یہ سب کمیشن کے سامنے آنے چاھئیں - اگر کہیں کوئی شدید خلاف ورزی ھوتی ھے یا کوئی رڈ ٹیپزم (Red Tapism) ھوتا ھے تو ویسے کیسس بھی ڈسپلینری ایکشن کے لئے ڈسمسل یا ڈی موشن (De-motion) کے لئے کمیشن کے سامنے بھیجے جائینگے - فوجداری نوعیت کے لئے ایک اعلی باڈی ھونی چاھئے - یہاں ایک ھائی پیڈ آفیسر (High paid officer) کو رکھنے کی سفارش کی گئی ھے - یہ شبہ پیدا ھوسکتا ھے کہ یہی پراسیکیوٹ کرنے والا ھے اور یہی سزا دینے والا ھے - میں کہونگا کہ اگر پراسیکیوٹ کرنے والا اور جج ایک ھی ھوتو انصاف کی توقع نہیں ھوتی - جسکے ساتھ انصاف کیا جا رھا ھے اس کو معلوم ھونا چاھئے کہ اس کے ساتھ انصاف ھورھا ھے - اسلئے پراسیکیوٹنگ مشینری علحدہ ھونی چاھئے - اگر ھیڈ آف دی ڈپارٹمنٹ کوئی کیس بھیجیں تو کمیشن کو یہ دیکھنے کا اختیار ھونا چاھئے کہ آیا وہ میجر (Major) خلاف ورزی ھے یا مائنر ھے - یا فوجداری نوعیت کی ھے - اسی طرح سے پینل (Penal) ھوتو ایکس برانچ کے ذریعہ عدالت میں بھجوایا جائے - اس سے کم ھوتو کمیشن کے سامنے آئے - مائنر خلاف ورزیوں کی ڈپارٹمنٹل تحقیقات ھوکر ڈپارٹمنٹ کے ذریعہ ھی سزا دی جانی چاھئے - آج یہ ھورھا ھے کہ کوئی چیز معین نہیں ھے - فوجداری مقدمات کو ٹریبیونل میں بھیجا جاتا ھے شدید خلاف ورزیاں بھی ھوتی ھیں تو ھیڈس آف دی ڈپارٹمنٹ کوئی ایکشن نہیں لیتے رپورٹ میں یہ بتایا گیا ھے - ھمارے طلب کرنے پر وہ کیسس لائے گئے یہ بتایا گیا ھے اسلئے کمیشن قائم ھوتو اسکے سامنے یہ چیزیں رھینگے - عدالت میں چالان ھونا ٹریبیونل کے ذریعہ تحقیقات ھونا لازمی ھے - چھوٹے چھوٹے کارروائیوں کی ڈپارٹمنٹل انکوائری ڈپارٹمنٹ میں ھونی چاھئے - اس طرح کمیشن کو پاور دیا جائے - یہ ایسا کمیشن ھوکہ اس میں آفیسرس رھینگے - اس میں جو چیف جسٹس چیف منسٹر اور پبلک سرویس کمیشن کے چیرمن ان تینوں کو رکھنے کی جو رائے دیگئی ھے وہ بہترین رائے ھے - ایسا سلکشن ھو جائے تو اس انڈپنڈنٹ باڈی کے ذریعہ آفیسس کی مشنری کو بہترین بنانے میں بہت بہترین کام ھوسکتا ھے -

رپورٹ میں یہ بتایا گیا ھے کہ کونسے کونسے ڈپارٹمنٹس میں کسطرح کرپشن ھوتا ھے - ایک یہ ھے کہ پبلک کا پیسہ لیکر اپنا جیب بھرتے ھیں - ایک یہ ھے کہ پبلک جو پیسہ جمع کرتی ھے اس میں اسکو اسکوانڈرنگ (Squandering) ھوتی ھے - اسطرح پبلک منی ویسٹ (Public money waste) ھوتی ھے - ممکن

ہے اس میں کچھ اگزاجریشن ہو لیکن یہ کسی حد تک صحیح بھی ہے - مجھے ایک قصہ یاد آتا ہے کہ کسطرح پبلک کا پیسہ خرچ ہوتا ہے - ایک راجہ تھا اور اسکا ایک منتری تھا دونوں شکار کو نکلے - واپسی میں انہیں ایک دیول میں ٹھیرنے کا اتفاق ہوا - دیول میں ایک پجاری تھا - لیکن دیول میں کوئی بتی نہیں تھی - راجہ نے پوچھا کہ دیول میں چراغ کیوں نہیں ہے - پجاری نے بتایا کہ دیول کی تھوڑی بہت انعامی اراضی ہے - آمدنی اسکے لئے کافی نہیں ہوتی - راجہ نے کہا کہ یہاں چراغ لگانے کا کیا صرفہ ہوگا - پجاری بولا ۵۰ من تیل لگیگا - راجہ نے اپنے منتری سے کہا کہ اچھی بات ہے میں یہاں کا راجہ ہوں اسکا انتظام کردونگا اس نے اپنے منتری سے کہا کہ اس دیول کے لئے ۱۰۰ من تیل منظور کردو - منتری نے کہا مہاراج وہ تو ۵۰ من مانگتا ہے اور آپ ۱۰۰ من دے رہے ہیں - راجہ بولا کہ شہر سے (حیدرآباد سے) یہاں آنے تک وہ ۱۰۰ من ۵۰ من ہی ہو جائیگا - کہنے کا مطلب یہ ہے کہ خزانہ سے منظور تو ہوتا ہے لیکن درمیان میں بہت سا ہڑپ ہو جاتا ہے - اس کو سختی کے ساتھ روکنے کی ضرورت ہے - پولیس ڈپارٹمنٹ میں کرپشن ہوتا ہے ہمارے پاس پولیس کو اس بات کا اختیار ہے کہ کسی شخص کو پکڑ کر ۱۲ گھنٹے اپنی کسٹڈی (Custody) میں رکھ لے - حالانکہ جب تک کہ اس کے خلاف پرائیمافیسی ایویڈنس (Prima facie evidence) نہو ایسا کرنے کا اختیار نہیں ہے - ایک ماہر قانون کا خیال ہے کہ تاوقتیکہ کسی کے خلاف بادی النظری شہادت موجود نہو اسکو گرفتار نہیں کرسکتا - لیکن بادی النظری تو ایک طرف یہاں پولیس کو پورا اختیار دیدیا گیا ہے جسکی وجہ سے کرپشن کے امکانات پیدا ہو جاتے ہیں - موجودہ سوسائٹی کے لحاظ سے ان چیزوں کو موثر طور پر روکنے کی ضرورت ہے - اس رپورٹ میں بھی یہ صاف طور پر بتایا گیا ہے کہ منسٹرس جو پالیسی طے کرتے ہیں اس کو اسپلیمنٹ کرنے والے یہی سرویسز ہیں اس میں ڈیلے ہوتی ہے تو کرپشن کے مواقع پیدا ہوتے ہیں - اس ڈیلے (Delay) کو روکنے کے قواعد نہیں ہیں - قواعد بنانے پر بھی ایک درخواست موصولہ میں ۱۵ دن تک پڑی رہتی ہے - منسٹرس بھی پیچھا کرتے ہیں تو اس کا پتہ نہیں چلتا - مجھے خود اس کا تجربہ ہے - جب تک اسکو نہ روکا جائے پبلک کو شکایت رہیگی -

اس لئے ٹریبیونل کے جو لانگ ٹرم (Long - term) سفارشات ہیں ان پر عمل کرنے کا ایک طریقہ ہوسکتا ہے - اور دوسرا طریقہ اخلاقیات کا - اخلاقیات تو ہم یونیورسٹی میں پڑھتے رہے ہیں - یہ شیعہ لڑکوں کو بھی پڑھایا جاتا ہے - لیکن انسان کی کچھ اس قسم کی طبیعت ہے کہ وہ پڑھتا سب کچھ ہے لیکن عمل نہیں کرتا اور اپنی غرض کا بندہ بن جاتا ہے - حالت یہ ہے کہ جب کوئی نان گزیٹیڈ ملازم غلطی کرتا ہے تو اوسکی چھوٹی چھوٹی غلطی قابل سزا و قابل چالان سمجھی جاتی ہے لیکن جو گزیٹیڈ آفیسر ہوتے ہیں مثلاً تحصیلدار وغیرہ وہ انکوائری ٹریبیونل (Enquiry tribunal) میں بھیجدئے جاتے ہیں - انکو جو سزا دیجاتی ہے وہ بڑی سے بڑی سزا یہ ہوتی ہے کہ برطرف کردیا جاتا ہے - فوجداری مقدمات ان پر نہیں چلائے جاتے

کیونکہ عدالت میں جائیں تو انکی بے عزتی ہوتی ہے اسکا خیال رکھا جاتا ہے - اور
نان گزیٹیڈ ملازمین سے ایسی غلطی ہوتو چالان کردیا جاتا ہے - ٹریبیونل انکوائری
فوجداری نوعیت کے جرائم کرنے کی صورت میں رکھی گئی ہے ایسا معلوم ہوتا ہے - اسلئے
میں عرض کرونگا کہ کمیشن نے جو سفارشات کئے ہیں چار متدین لوگوں کو جن میں
ججس بھی ہوں ایسے لوگوں کا کمیشن بنایا جائے اور تحقیقات کے لئے ایسے لوگوں کو
مامور کیا جائے جیسے کہ ایکس برانچ (Exbranch) ہوتی ہے اسکے
ذریعہ تحقیقات کرائی جائے - اگر گورنمنٹ ان امور پر واقعی طور پر وچار کرے تو میں
سمجھتا ہوں کہ ہمارے ڈپارٹمنٹس سے اور ہمارے ملازمین سرکار سے کرپشن دور ہوجائیگا -
اور آفیشل مشینری اچھی طرح سے چلیگی -

The House then adjourned for recess till Thirty-Five Minutes past Five of the Clock.

The House re-assembled after recess at Thirty-Five Minutes past Five of the Clock.

[*Shrimathi Masooma Begum* (*Chairman*) *in the Chair*]

* شری سید اختر حسین (جنگاؤں) :— میڈم چیرمن - انٹی کرپشن کی جس رپورٹ
پر آج ایوان میں مباحث ہورہے ہیں اوس سلسلہ میں مجھے ایک شعر یاد آتا ہے کہ :—

کیا لطف جو غیر پردہ کھولے
جادو وہ جو سر پہ چڑھکے بولے

جب سے یہ اسمبلی قائم ہوئی اوس وقت سے خاص طور پر حکمران طبقے کو اس
جانب متوجہ کیا جاتا رہا کہ ہمارے دیش کے اندر رشوت ستانی و بدعنوانیاں بڑھ رہی
ہیں لیکن ہمیں ہمیشہ اس قسم کا جواب ملتا رہا کہ یہ الزامات صحیح نہیں ہیں یا
اونکی اہمیت اتنی نہیں ہے جتنی کہ بیان کی جا رہی ہے مگر اس کمیشن کی رپورٹ سے
جو انکشافات ہوئے وہ صاف صاف ہمارے سامنے آچکے ہیں - اس کمیشن کو حکومت نے
مقرر کیا تھا - اس کمیشن نے اپنی رپورٹ کی ابتداً جن الفاظ سے کی ہے وہ خاص طور پر
قابل غور ہیں - کہتے ہیں کہ

"While corruption has existed for long past, it has lately become more widespread and is still on the increase".

یعنی ایک طرف تو اس بات کا اعتراف کیا جاتا ہے کہ ہمارے ملک میں کرپشن
بہت زمانے سے موجود ہے - اوسکے ساتھ ساتھ یہ انکشاف بھی کیا جاتا ہے کہ حال حال
میں کمی کی بجائے اضافہ ہوگیا ہے - آگے چلکر اعادہ کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ

"From the material at our disposal we are convinced that while corruption and malpractices have undoubtedly

existed in the past also, these evils have now become more wide in extent, more open in form, and have steadily pervaded almost all sections of our society".

تو یه اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارے سماج کے اندر اس وقت کرپشن کی جو حالت ہے اوسکی شدت دن بدن بڑھتی ہی جا رہی ہے - اور دوسری طرف ہمارا یہ دعوی ہے کہ ہمارے دیش میں جمہوریت آچکی ہے - اوس عمل اور اس قول میں کسطرح ربط قائم کیا جاسکتا ہے اور کن نتائج پر پہنچ سکتے ہیں اسکی جانب اشارہ کرنے سے پہلے میں زیر بحث رپورٹ کا سرسری جائزہ لینا مناسب سمجھتا ہوں - اس رپورٹ کو ہم آسانی کے ساتھ تین حصوں میں تقسیم کرسکتے ہیں - پہلے حصہ میں کمیشن کے ارکان نے مختلف شہادتوں کے بارے میں ضروری اقتباسات پیش کئے ہیں - دوسرے حصے میں ان شہادتوں کی بنیاد پر کنکلوژن (Conclusion) ہمارے سامنے رکھا گیا ہے اور اسکی بناء پر دو قسم کے سفارشات کئے گئے ہیں - ایک تو لانگ ٹرم ریکمنڈیشنس (Long-term recommendations) ہیں اور دوسرے وہ سفارشات ہیں جن پر فوری عمل کیا جاسکتا ہے - پہلے حصے سے متعلق یہ عرض کرنا ہے کہ زیادہ بہتر ہوتا کہ ارکان کمیشن نہ صرف اون لوگوں سے معلومات حاصل کرتے جو اوپر کے درجے کے ہیں بلکہ عوام تک بھی پہنچنے کی کوشش کرتے تاکہ انہیں زیادہ سے زیادہ مفید مشورے مل سکتے - کمیشن کے ٹرمس آف ریفرنس (Terms of reference) میں اسکا ذکر کیا جاتا اور ان پر یہ ذمہ‌داری عائد کی جاتی اور موجودہ جو حالات ہیں انکی اصلاح کے طریقہ کار کے معین کرنے کا کمیشن کو اختیار حاصل ہوتا تو میں سمجھتا ہوں کہ کمیشن بنیادی اسباب کو ملحوظ رکھتے ہوئے اوس بناء پر اپنے خیالات کا اظہار کرتا اور ایک جامع رپورٹ ہمارے سامنے آسکتی - لیکن ٹرمس آف ریفرنس میں اس قسم کا کوئی اشارہ نہیں ہے اسلئے کمیشن نے بنیادی اسباب کے تلاش کی کوشش تو کی ہے لیکن ساتھ ساتھ کنکلوژن (Conclusion) کے چاپٹر (Chapter) پر غور کرتے ہوئے ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ زور جن بنیادوں پر عائد کیا گیا ہے در اصل وہ بنیادیں نہیں ہیں بلکہ وہ صرف ریفلکٹ (Reflect) کی حیثیت رکھتی ہیں - مثال کے طور پر کنکلوژن کے سلسلہ میں کمیشن نے کہا ہے کہ

"This sad state of affairs, in our opinion, is basically due to a progressive fall in the moral standards of our people in all walks of life."

مجھے اس نکتہ پر اور کنکلوژن پر ایوان کی توجہ مبذول کرانا ہے - اگر کسی عمارت کی بنیاد میں پہلی اینٹ ہی تیڑھی رکھدی جائے تو وہ عمارت مستحکم نہ ہوسکیگی - ہم سب جانتے ہیں کہ ہمارا سماج بنیادی طور پر جاگیر دارانہ سماج ہے - اس جاگیر دارانہ سماج میں مختلف طبقات کے جو رشتے ہیں انکی وجہ سے مختلف قسم کی خرابیاں ہمارے سماج میں پیدا ہوئی ہیں - ٹریژری بنچس کی جانب سے ایک معزز رکن نے یہ بات کہی - مجھے تعجب ہوتا ہے کہ وہ کسطرح اس قسم کے سوچ بچار کرتے ہیں

ہماری سرویسس کا تعلق فیوڈل کلاس سے نہیں ہے ۔ لیکن وہ کسطرح اسکا ذکر کر گئے معلوم نہیں ۔ اگر ہم اپنے سماج میں اسطرح کا اظہار کرتے ہیں تو اسکا اثر کیا ہوگا ۔ پاپولر گورنمنٹ کے جو ارکان کابینہ ہیں کسی قسم کے خاص طبقہ سے تعلق نہیں رکھتے۔ تمام طبقات سے ہٹکر عوام کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ رشوت یا بدعنوانی کا جہاں تک سوال ہے سرویسس سے زیادہ عوام سے وابستہ ہے ۔ اسطرح الگ الگ قانون میں کسی مسئلہ کو تقسیم کرنا بنیادی طور پر غلط ہوگا ۔ ہمیں اس بات پر غور کرنا چاہئیے کہ کرپشن اور مالپراکٹس (Malpractice) جو ہمارے عوام میں موجود ہیں اوسکے بنیادی اسباب کیا ہیں ۔ ظاہر ہے کہ کسی چیز کے بنیادی اسباب کو سماج میں تلاش کرنا ہوگا ۔ سماج کا جائزہ لیں تو معلوم ہوتا ہے کہ فیوڈل (Feudal) سماج سے ہم گزرتے آئے ہیں اور آج بھی اوس فیوڈل سماج کا ڈھانچہ تھوڑی بہت تبدیلی کے بعد باقی ہے ۔ مرض کی صحیح طور پر تشخیص کرکے اوسکے علاج کی طرف آگے بڑھیں تو ہم سماج کو صحت مند کرسکینگے ۔ یہ فیوڈل سماج دو سو سال کا پرانا مریض ہے ۔ اس جانب کمیشن نے بھی اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے لوگوں کے اخلاق خراب ہیں ۔ انہوں نے آسان نسخہ اس مریض کے لئے تجویز کردیا ہے کہ مورل ری آر مامینٹ (Moral rearmament) کی ضرورت ہے ۔ ہمیں معلوم ہے کہ کے ۔ ایم ۔ منشی سے لیکر حیدرآباد کے بعض خاص سماجی کارکنوں نے بھی برابر یہ نعرہ دھرایا ہے ۔ امریکہ سے دوست ممالک میں طالب علموں کو بھیجکر وہ چاہتے ہیں کہ سماج کی اصلاح کریں ۔

یہ مورل ری آرمامینٹ ۔ لوگوں کے اخلاق درست کرنے اور اونکی اصلاح کی کوشش یا یہ ہردئے پری ورتن (हृदय परीवर्तन) یا قلب ماہیت اس قسم کے مضحکہ خیز نعروں کے متعلق آج سے نہیں ہزاروں سال سے تجربہ کرتے چلے آرہے ہیں ۔ میں یہ مانتا ہوں محدود طور پر ایسے اصلاحی اقدامات یا اصلاحی نعروں کا اثر ہوسکتا ہے ۔ چاہے اس کا تعلق بھودان سے ہو یا کسی دان سے ہو۔ اگر کوئی اخلاقی نظریہ پیش کیا جائے تو اوس سے محدود حلقہ ۔ محدود وقت اور عارضی مدت کے لئے ہی فائدہ ہوسکتا ہے ۔ ہم جانتے ہیں کہ آج سے نہیں بلکہ جب سے تاریخ کا ریکارڈ موجود ہے اوس وقت سے اب تک مختلف مذاہب عالم وجود میں آئے جو مسلسل اخلاق اصلاح کی کوشش کرتے رہے ۔ انسانی اخلاق کو درست کرنے کے لئے حضرت عیسی سے لیکر گاندھی جی تک جتنے پیغمبر اور رہنما اور مصلحین گزرے ہیں انہوں نے یہی کوشش کی کہ لوگوں کے اخلاق کی اصلاح ہونا چاہئیے بہت سے واعظ اور ناصح ایسے گزرے ہیں جنہوں نے اس پر زور دیا لیکن اس کے باوجود گاندھی جی کی طویل جدوجہد اور کوششوں کے باوجود اون کے اخلاقی لکچروں کے باوجود اون کے فالوورس اور چیلوں کے برابر نعرے دھرانے کے باوجود میں سمجھتا ہوں کہ اخلاقی حالت پست سے پست تر ہوتی جارہی ہے ۔ جیسا کہ میں نے بھی معزز ایوان کے سامنے اپنے خیال کا اظہار کیا کہ اسکی بنیادی وجہ یہ ہے کہ

هم چونکه اس مسئلہ کو سبجکٹیو(Subjective) طریقہ سے دیکھتے ھیں اور اصلاحی نقطہ نظر سے آگے بڑھاتے ھیں اس لئے پوری طرح سے اصلاح ہونے والی نہیں ۔ اس لئے کہ آج ہم سائنسی دور میں داخل هوچکے ھیں ۔ آج سنہ ۵۴ع میں هم اٹامک انرجی(Atomic energies) کے دور سے گزررہے ھیں۔ اسی دور کا تقاضہ یہ ہے کہ اس مسئلہ پر بھی سائنٹیفیک یا ریاشنل (Rational)طریقہ پر غور کیا جائے۔ لہذا هم اسی نتیجہ پر پہنچتے ھیں کہ سب سے پہلے اس بات کی ضرورت ہے کہ سماج کے اندر جو طریقہ طبقاتی اونچ نیچ ہے اوسکو ختم کرنے کے لئے پرانے سوشیل آرڈر کو بدلا جائے اور ایک سائنٹیفیک یا ریاشنل اپروچ کیا جائے ۔ ھمارے معزز دوستوں اور ساتھیوں کی جانب سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ آپ کا اپروچ الگ ہے اور ھمارا اپروچ الگ ہے ۔ بنیادی طور پر جہاں تک مسئلہ کا تعلق ہے ہم اور آپ متفق ھیں مگر ھمارا اپروچ گاندھی واد ہے ہم آپ کے اپروچ کو تسلیم نہیں کرینگے ۔ لیکن مجھے کہنے دیجئے کہ اگر گاندھی جی آج ھمارے درمیان موجود رھتے تو میں یقین سے کہتا ھوں کہ وہ اس نئے اپروچ کو قبول کرلیتے ۔ کیونکہ ایک خصوصیت اون میں یہ تھی کہ حالات کے تحت وقتاً فوقتاً اپنے آپ کو تبدیل کرتے رھتے تھے ۔ آج جو حالات پیدا ھوگئے ھیں اوس کے تحت ھم دیکھ رہے ھیں کہ گاندھی جی کے جانشین پنڈت نہرو اپنی خارجی پالیسی کے تعلق سے ایسا بہادرانہ اور دلیرانہ اقدام کررہے ھیں۔ اس کے تحت ھم یہ سوچنے پر مجبور ھوجاتے ھیں کہ اب تک جو اصلاحی اقدام کئے گئے وہ کافی نہیں بلکہ اب آگے بڑھ کر انقلابی اپروچ سے کام لینا پڑیگا ۔ اس کا جب سوال آتا ہے تو یہ بات پیدا نہیں ھوتی کہ کہاں سے یہ اپروچ حاصل کیا جائے۔ ماسکو سے لیا جائے۔ چائنا سے لیا جائے یا کسی دوسرے جمہوری ملک سے مستعار لیکر اسی کو اپنے ملک میں پھیلایا جائے ۔ ھم کو چاھئے کہ ھمارے ملک کے عوام کے شعور میں ایک تبدیلی لائیں۔ جو پرانی باتیں اور نظریات اون کے دماغوں میں ھیں ۔ اون میں تبدیلی اور لچک لانے کی کوشش کریں ۔ بحث کی خاطر یا تبدیلی کی خاطر اگر اس پر اڑے رھیں یا ضد کریں کہ ھمارا اپروچ اور آپ کا اپروچ مختلف ہے اس لئے اون ھی حالات کو باقی رکھتے ھوئے سماج کو سدھارنا چاھیں تو ھم صدیوں تک اس میں کامیاب نہیں ھوسکتے ۔ وقت آپ کا انتظار نہیں کرسکتا ۔ وہ اٹیم کی رفتار سے آگے بڑھ رھا ہے ۔ اس لئے کسی سیاسی پارٹی کے عقائد کا لحاظ کئے بغیر وقت کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے تبدیلی تصورات پر غور کیا جائے اور یہ دیکھا جائے کہ ھم اسی پر عمل کر کے کسی کارآمد نتیجہ پر پھونچ سکتے ھیں یا نہیں ۔ ھم کو پچھلے سات آٹھ سال کے تجربوں کی کسوٹی پر گھسکر نتیجہ پر پہنچنا چاھئے ۔ ایک چیز کی طرف مجھے پھر اشارہ کرنا پڑیگا جس کی جانب خود پنڈت نہرو نے بھی اشارہ کیا تھا ۔ اس لئے اگر میں بھی اوسکی جانب اشارہ کروں تو مذاق میں اڑانے کی کوشش نہ کیجائے بلکہ اوس پر سنجیدگی سے غور کیا جائے ۔ ایک طرف

چین ہے اور دوسری طرف ہمارا ہندوستان ہے ۔ دونوں جگہ آزادی آئی ہے ۔ ایک جگہ آزادی کا اپروچ اور دوسری طرف دوسرا اپروچ ہے ۔ پہلے اپروچ کی وجہ سے حالات میں جو تبدیلی آتی ہے اوسکے نتائج ہمارے سامنے آتے ہیں ۔ چین میں تو پانچ سال کے اندر ہی انقلابی تبدیلی آتی ہے اوسکی کیا وجہ ہے ۔ اور ہندوستان ابھی تک اوس منزل کی طرف نہیں پہونچ سکا اسکی کیا وجہ ہے ۔ اگر ہم ان دونوں کو تقابلی مطالعہ کریں تو ہم کسی نتیجہ پر پہونچ سکتے ہیں ۔ جب ہم کو کوئی اچھا راستہ ملتا ہے چاہے چین سے ملے یا کہیں سے ملے ۔ تو ہم کو اوسکے اختیار کرنے میں کوئی تکلف یا جھجک نہیں ہونا چاہئے ۔ ہندوستان کی قوموں کی یہ تاریخی خصوصیت رہی ہیکہ ہندوستان نے ہمیشہ دوسرے ملکوں کی جو چیزیں قابل قبول ہیں اون سے فائدہ اٹھایا ۔ آج زمانہ سائنس کی بدولت اور عقلی علوم کی بدولت تیزی کے ساتھ ترقی کررہا ہے ۔ ایشیا ۔ مشرق بعید اور دوسرے ملکوں کے حالات بھی اسی طرح بدل چکے ہیں اور اون کا اثر ہمارے ملک پر بھی پڑرہا ہے ۔ اس کو قبول نہ کرنا یا اوس سے اختلاف کرنا بغاوت ہے ایک مجرمانہ غفلت ہے ۔ اگر اصلاحی تصورات کو قبول کرتے وقت اگر اون میں کوئی انقلابی اثر آجائے تو میں نہیں سمجھتا کہ اوس سے کوئی ہرج ہونے والا ہے ۔ اگر اون تصورات کی وجہ سے ہمارے سماج میں اور ہماری سوسائٹی میں اصلاح ہوتی ہو تو یہ ایک اچھی بات ہے ۔ میں اپنے خیال کو زیادہ واضح الفاظ میں رکھنا چاہتا ہوں ۔ اس رپورٹ کے اندر اخلاقیات کا ایک فلسفہ پیش کیا گیا ۔ اس فلسفہ پر آج سے نہیں کئی صدیوں سے عمل کیا جارہا ہے لیکن اس کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ اب تک برآمد نہیں ہوسکا ۔ ہم سب اپنے ذہنوں میں یہ اچھی طرح محسوس کرتے ہیں کہ اس قسم کے اخلاقی لکچر دینے سے دماغی اور ذہنی تصورات نہیں بدلے جاسکتے ۔ نہ ہی رشوت ستانی یا اس قسم کی دوسری خرابیاں یکلخت دور ہوسکتی ہیں ۔ فرض کرلیا جائے کہ کچھ لوگ اس امر کا عہد کرتے ہیں کہ آج سے ہم جھوٹ نہیں بولینگے ۔ آج سے ہم کوئی ایسا کام نہیں کرینگے جس میں دھوکہ بازی ہو ۔ ہم کسی پر ظلم و ستم نہیں کرینگے تو کیا اس طرح کا عہد کرلینے سے وہ خرابیاں دور ہوسکتی ہیں ؟ ہماری سوسائٹی کے اندر کچھ ایسے عناصر موجود ہیں جو ہم کو اپنی چکر میں لے لیتے ہیں ۔ ہم کو اپنی طرف کھینچتے ہیں ۔ اور اس طرح رگڑتے ہیں کہ کوئی ایماندار سے ایماندار آدمی بھی مجبور ہوکر بے ایمانی پر تل جاتا ہے ۔ اسکی مثالیں ایک نہیں سینکڑوں مل سکتی ہیں ۔ میں یہ فرض کرلیتا ہوں کہ فلاں وزیر صاحب ایماندار اور دیانتدار ہیں ۔ وہ پوری ایمانداری اور دیانتداری کے ساتھ اپنے اڈمنسٹریشن کو چلانا چاہتے ہیں ۔ اور جب اس کے واسطے کوئی قدم اٹھانا چاہتے ہیں تو اونکو جگہ جگہ پر روکاٹیں نظر آتی ہیں ۔ وہ بالآخر یہ سمجھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ میں تنہا اس معاملہ میں کچھ نہیں کرسکتا ۔ سماجی زندگی کے اندر جو تانا بانا ہے اوس کے اندر وہ پھنس جاتے ہیں اور مجبور ہوکر وہی رنگ اور روپ اختیار کرلیتے ہیں جو اون کو نظر آتا ہے ۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اون کے اخلاق

فلسفه کو شکست ہو جاتی ہے - اور وہ کامیابی حاصل نہیں کر سکتیے - یہی حال عام افراد کا بھی ہے - اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب تک فرد کو سماج میں اوس کا صحیح مقام نہ ملیے یہ رکاوٹیں دور نہیں ہوسکتیں - اون کو دور کرنے کے لئیے اخلاقی فلسفہ کارآمد نہیں ہوسکتا - اس لئے ضرورت ہے کہ آج ہمارے ملک کے اندر جو معاشی بحران ہے جو معاشی پستی ہے جو بیروزگاری ہے اور جو غربت ہے ان کو دور کیا جائے - کیونکہ در اصل اس قسم کی خرابیوں کی وجہ سے عوام مجبور ہو کر اون کا شکار ہوجاتے ہیں - اون کو دور کرنے کی جانب سب سے پہلے قدم اٹھایا جائے - اس رپورٹ میں اس جانب اشارہ کیا گیا اور یہ کہا گیا ہے کہ ہمارے سماج میں اور خاص طور پر سرویسس میں جو کرپشن ہے اوس کی وجہ یہ بھی ہے کہ انڈسٹریز کو ڈسکریج (Discourage) کیا جارہا ہے اور ہمارے پاس بیروزگاری بڑھ رہی ہے ہمارے پاس عام خوشحالی اور ترقی کا راستہ جس طرح کھلنا چاہئیے نہیں کھولا گیا - ظاہر ہے کہ رپورٹ کا یہ جز زیادہ قابل غور ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اسی کو بنیاد قرار دینا چاہئیے - اگر رپورٹ کے لکھنے والوں نے اس کو بنیاد نہیں قرار دیا ہے تو کم از کم مجھے توقع ہے کہ حکومت اس کو بنیاد قرار دیکر آگے بڑھائیگی - اس کے بعد ہی اس لحاظ سے اخلاقی فلسفہ کو جس کو نیگیٹیو (Negative) طریقہ سے بیان کیا گیا ہے پازیٹیو (Positive) طریقہ سے حاصل کرنے میں حکومت کامیاب ہوسکیگی - اس لئے ہم دیکھتے ہیں کہ انفرادی اور اجتماعی اخلاق اور قدروں کا معیار الگ الگ ہوتا ہے - جب ہم سیاست میں داخل ہوتے ہیں تو جھوٹ بولنا - دھوکہ بازی کرنا اور اکسپلائٹیشن (Exploitation) کرنا ان کو ہم تدبیر کہتے ہیں - یہ ہمارے سیاسی اخلاق ہیں اسکی آڑ میں ہم وہ سب کچھ کرسکتے ہیں جس سے نقصان پہنچ سکتا ہے - اسی طرح تجارتی اخلاق بھی ہوتا ہے - جھوٹ بولنے کو جائز قرار دیکر تجارت کی جاتی ہے - جس طرح سے کہ

"Every thing is fair in war and love".

اوسی طرح سے تجارت میں بھی ہر چیز فیر (Fair) ہوجاتی ہے - کامپیٹیشن اور مسابقت میں اپنا اثر بڑھانے کے لئیے جگہ جگہ اس قسم کی باتیں کرنی پڑتی ہیں - اس قسم کے کام کرنے پڑتے ہیں - اس قسم کا قدم اٹھانا پڑتا ہے - اس لئیے ہمارا اخلاقی معیار جو انفرادی شکل میں ہوتا ہے وہ یہاں شکست کھا جاتا ہے - جب تک ہمارے طبقاتی رشتوں کو نہ بدلا جائے اوسی وقت تک ہمارے اخلاقی فلسفہ کا یہی حشر ہونے والا ہے جس کی جانب میں نے اشارہ کیا ہے -

اس کے بعد میں رپورٹ کے دوسرے اجزا کی جانب بھی اشارہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں - اس میں ایک چیز جو رپورٹ کے اندر خاص طور پر ہمیں ملتی ہے وہ یہ ہے کہ پٹیل پٹواری سے لیکر اراکین کابینہ تک اور پھر اراکین کابینہ سے لیکر پٹیل پٹواری تک رشوت - بد عنوانیاں اور دوسری قسم کی خرابیاں موجود ہیں اور ان کا تانا بانا اس کے اندر

کچھ اس طرح کا ہے کہ اگر ایک گرہ کھولنا چاہیں تو سینکڑوں پیچ در پیچ گرہیں اس میں پیدا ہو جاتی ہیں - جب ایک گرہ کو ہم کھولنا چاہتے ہیں کئی گرہیں الجھ جاتی ہیں - اور ہم کسی نتیجہ پر نہیں پہنچ سکتے - اس سلسلہ میں کمیشن نے کچھ تجاویز رکھے ہیں - اور جیسا کہ ہمارے بعض دوستوں نے کہا ہے کہ اس میں سے بعض تجویزیں ایسی ہیں کہ اگر اون پر سختی سے عمل کیا جائے تو تھوڑا بہت فائدہ حاصل ہوسکتا ہے - جہاں تک لانگ رینج (Long range) پالیسی کا تعلق ہے یعنی جو طویل المدتی میژرس ہیں اونکی جانب میں نے اشارہ کیا ہے - اس کے لئے ضرورت ہے کہ ہم اپنے نقطہ نظر میں تبدیلی پیدا کریں - ہم اپنے اپروچ (Approach) میں تبدیلی پیدا کریں - تا کہ ہم منزل تک پہنچ سکیں - لیکن فوری کس قسم کے اقدامات کرنا چاہئیں اس کے لئے بعض تجاویز عمل میں لانے کے لئے طریقہ کار متعین کیا ہے - اون میں استحکام پیدا کرنے کے لئے ضرورت ہے کہ کچھ ایسی چیزوں کا اضافہ کیا جائے جس کی وجہ سے ہم زیادہ عجلت کے ساتھ مقصد حاصل کرسکیں - اگر ایسا کیا جائے تو مجھے یقین ہے کہ ہم بہت جلد ایک حد تک کامیاب ہوسکتے ہیں - اس سلسلہ میں کمیشن نے ذکر کیا ہے کہ جو ڈپارٹمنٹ اس مقصد کے لئے قائم ہے وہ کافی نہیں ہے - اسی لئے ضرورت ہے کہ ایسا کمیشن قائم کیا جائے جو ٹریبیونل سے لیکر ایکس برانچ تک اور ایکس برانچ سے لیکر ڈپارٹمنٹ تک تمام اختیارات کو اپنے ہاتھ میں لے اور کام کرسکے - میں اس سلسلہ میں یہ کہونگا کہ اگر واقعی طور پر ہم ایسی مشینری اوالو (Evolve) کرسکیں جو دیانتدارانہ طور پر دوسرے اثرات سے بچے رہتے ہوئے کام کرسکے تو واقعی یہ کمیشن رشوت دور کرنے میں ایک مفید آلہ کار ثابت ہوسکیگا - لیکن ساتھ ساتھ ہمیں مختلف محکموں میں جو رشوت ستانی ہے اس کا نفسیاتی تجزیہ کرنا بھی ضروری ہے - اس تجزیہ پر ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ رشوتوں کے لینے والوں کو بقول کسی کے -

"رشوتوں کے لینے والے رشوتیں دیتے بھی ہیں"

اس جال کو توڑنے کی ضرورت ہے - مجھے اس موقع پر خاص طور پر اس ڈسپیارٹی (Disparity) یا عدم مساوات کی جانب اشارہ کرنا جس کو دور کئے بغیر ہم کامیاب نہیں ہوسکتے - ایک چپراسی یا اہلکار یا معمولی ملازم رشوت کیوں لیتا ہے - اس لئے کہ اس کی تنخواہ اتنی محدود ہوتی ہے کہ وہ اسکی ضروریات زندگی کے لئے کافی نہیں ہوتی - اس جانب کمیشن نے بھی اشارہ کیا ہے لیکن کوئی خاص ٹھوس تجویز پیش نہیں کی ہے میں حکومت سے عرض کرونگا کہ ان سفارشات پر غور کرتے وقت اس ڈسپیارٹی (Disparity) کو دور کرنے کی جانب بھی توجہ کی جائے -

اس رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ ہمارے پاس سکریٹریٹس اور ڈائرکٹوریٹس کے حلقول پر کرپشن زیادہ نہیں ہے - لیکن کرپشن صرف "رشوت لینے" یا نوٹوں کی شکل

میں روپیہ لینے دینے کا نام نہیں۔ انگریزی زبان میں یہ لفظ اتنے وسیع معنی میں استعمال ہوتا ہے کہ اس میں کئی باتیں آجاتے ہیں۔ اس میں کوئرشن (Coercion) اکسپلائیٹیشن اور کئی باتیں آجاتے ہیں۔ اسکی مثالیں اوپر کے عہدہ‌داروں میں بھی ملتی ہیں۔ اسکا سبب وہی "ڈھانچہ" ہے جس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ جنتا راج قائم تو ہوا لیکن اس کا صحیح طریقہ پر پرچار (प्रचार) نہیں کیا گیا۔ لوگوں میں جنتا راج کا شعور پیدا نہیں ہوا۔ یہ قصور اس پالیسی کا ہے جو موجودہ جمہوری پالیسی ہے۔ ہمارے حکمران طبقے اور سیاسی جماعتوں کا کام ہے کہ ملک سے ایسی خرابیوں کو دور کرنے کے لئے سخت قدم اٹھائیں۔ اس بارے میں مختلف بحثیں ہونگی مختلف تجاویز پیش کی جائینگی۔ لیکن میں اتنا ہی کہونگا کہ اس رپورٹ میں جتنی تجاویز ہیں کم از کم انہیں جلد سے جلد عمل میں لانے کے لئے اپنی مشینری کو متحرک کیا جائے۔ اگر اپنی لانگ رینج پالیسی کے تحت جمہوریت کو ملک کے گوشہ گوشہ میں پھیلانا چاہتے ہیں تو اس لحاظ سے ہی اقدام ہونا چاہئیے۔

श्री. गोविंदराव मोरे (कंधार-आम) :—अध्यक्ष महाशय, अिस वक्त रिश्वतसितानी के बारे में कमिशन की जो रिपोर्ट है अुसपर चर्चा चल रही है और काफी ऑनरेबल मेंबर्सने अपने ख्यालात का अिजहार किया है। सवाल यह है कि अिस तरह के कमिशन के तकर्रुर की जरूरत भी आज ही क्यों महसूस हुअी ? साबिका हुकूमत जब राज्य कर रही थी तब भी रिश्वत सितानी काफी थी। लेकिन अुस वक्त अिस तरफ ज्यादा ध्यान नहीं दिया गया। साबिका हुकूमत के खातमे के बाद यह रिश्वतसितानी का मामला आज की पॉप्युलर गव्हर्नमेंट के सामने आया, तब अिसके विरोध में काफी आवाजें अुठाअी गयीं, और कॉंग्रेस की तरफ से और अपोजिशन पार्टीज की तरफ से भी यह मांग की गयी कि अिसके बारे में तहकीकात होनी चाहिये और अिसको रोकने के लिये कुछ तदाबीर अेख्त्यार करने चाहिये। अितना ही नहीं बल्कि यह जो मर्ज हमारे समाज को लगा है अिसके बारे में हर शख्स नें आवाज अुठाया कि अिसको रोकने के लिये कुछ न कुछ किया जाना चाहिये।

अुसके बाद फिर अिस तरह के अेक कमिशन का तकर्रुर अिस के तहकीकात के लिये किया गया। यह जो कमिशन ने अपना रिपोर्ट काफी तहकीकात के बाद दिया है अुसको देखने के बाद सभी लोगों को अैसा मालूम होगा कि यह अेक अच्छा रिपोर्ट हमारे सामने आज पेश किया गया है। कमिशन ने अिस मसले पर काफी गौरखोज के साथ सोचा और अपनी अेक रिपोर्ट हमारे सामने और अव्वाम के सामने पेश की है। अुन्होंने जो सजेशन दिये हैं अुसपर अमल किया जाय, और सरकार का यदि अुसपर अमल करनेका पक्का अिरादा हो तो मुल्क का काफी फायदा हो सकता है। कमिशन ने अपने रिपोर्ट में काफी बातें बताअी हैं। और कमिशन ने सब डिपार्टमेंट के अफसरों के और दूसरे भी लोगों के काफी बयानात लिये हैं। अुन्होंने जो रिपोर्ट पेश की है अुसमें अेक बात यह है कि अुन्होंने अपनी क्या राय है यह कहीं भी नहीं लिखा है। लेकिन अुनको जब अेक खास मकसद से काम करने के लिये कहा गया था तब अुसपर अुनकी क्या राय है यह आना जरूरी था। अुन्होंने सिर्फ बयानात लिये और अुन बयानात देनेवाले की जो राय थी वह अपने रिपोर्ट में रख दी है कि फलां फलां शख्स नें अिसके बारे में यह राय जाहीर की। लेकिन कमिशन की क्या राय है अिसका जिकर

कहीं भी नहीं किया गया। करप्शन, नेपोटिझम, वगैरा कैसे बढता है अिसके बारे में जो बयानात की राय थी वही हमारे सामने रखी गयी। यह सही तरीका नहीं हो सकता है। कमिशन को अिन तमाम बातों पर अपनी राय देना जरूरी था। लेकिन दूसरे ही लोगों के ख्यालात हमारे सामने रखे गये।

हमारे पास अेक अँ ी करप्शन ब्रँच भी अिसके लिये मौजूद है। यह कहा जाता है कि रिश्वत देनेवाले देते हैं और लेनेवाले लेते हैं अिस लिये करप्शन चलता रहता है। जैसा कि मैंने कहा कि हमारे पास अेक अँटी करप्शन ब्रँच है लेकिन जबतक अुसे कोअी सूचना ही नहीं मिले तबतक वह कर ही क्या सकती है? रिपोर्ट ही नहीं आयी तो अुसपर मामला कैसे चल सकता है? नेपोटिझम और करप्शन यह दो चीजें है। लेकिन दोनों अेक ही किसम की हैं। जबतक अेक्स ब्रँच के पास कोअी मामला आयेगा ही नही तबतक वह कर ही क्या सकती है? हमारी अेक्स ब्रँच अिनअेफिशियंट (Inefficient) है अैसी बात नहीं है।

करप्शन के सिलसिले में मै यह कहना चाहता हूं कि करप्शन जो होते हैं वो दो तरह के होते हैं। अेक है व्हिजिबल करप्शन (Visible corruption) जिसे हम साफ देख सकते हैं। और दूसरा जो है वह अिनव्हिजिबल (Invisible) या अदृश्य करप्शन, जिसे हम देख नहीं सकते हैं। अिस तरह से जो व्हिजिबल करप्शन होता है वह तीन तरह का हो सकता है—

In the form of ornament or cash
In the form of ornaments or token rewards
In the form of goods.

लेकिन जो अिनव्हिजिबल करप्शन होते हैं जैसे ट्रॅन्सफर ऑफ प्रापर्टी और दूसरे तरह के, अुसमें अेक्स ब्रँच नहीं जा सकती है। अिसे साबित करना बडा मुश्किल होता है।

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ :- آپ کنکلوژن اور آبزرویشن دیکھئے - اس میں یہ ہے -

श्री. गोविंदराव मोरे:—जो अिनव्हिजिबल करप्शन होता है वह खोजना बडा कठीन काम है अुस के लिये तो अव्वाम को ज्यादा सतर्क रहना चाहिये। अुसके बिना अुसपर काबू पाना कठिन हैं। जो हेड्स ऑफ डिपार्टमेंट हैं वह दूसरी तरह से रिश्वत लेते हैं। लेकिन जबतक अेक्स ब्रँच के सामने कोअी सुबूत न आवे वह कैसे काम कर सकती है? जो बडे बडे ओहदेदार होते हैं वे दूसरी तरह के यानी अिनव्हिजिबल रिश्वत लेते हैं जिसे खोजना कठिन है।

شری کے- انت ریڈی (بالکنڈہ):- انویزیبل کی کچھ مثالیں دیجئے- کیا کسی کو۔۔۔

श्री. गोविंदराव मोरे:—मिसालें तो बहुत हो सकती हैं। और अुन्हें तफसीलसे बताया भी जा सकता है। लेकिन अुन तमाम को मैं अेक सूत्र के रूप में आपके सामने रख रहा हूं।

شری کے - انت ریڈی :- کسی کو کسی کمیٹی کا ممبر بنانا کیا یہ انویزیبل کرپشن ہے ؟

श्री. गोविंदराव मोरे :—किसी फेल का तर्क करना, या बाज आना, और अफसर जो दूसरी तरह की रिश्वत लेते हैं वह जो रिश्वत होती है वह नजर के परे की रिश्वत होती है।

जैसा की मैंने बताया कि दूसरे तरह की जो रिश्वत होती है वह अिनव्हिजिबल होती है। बैसी होती है।

By way of fulfilling unsocial desires and wills of officers

लिये मोटरों का अितजाम भी आपको करना पडेगा। आपने अुनको मोटरें दीं। यह अुनके लिये जरूरी था। अगर अिस तरह का अितजाम न किया जाय तो मोटरें लाने का दूसरा कोअी तरीका निकाला जायगा। जैसे डिपार्टमेंटस् की मोटरें अिस्तेमाल की जा सकती हैं। जब मिनिस्टर्स मोटर को झंडा लगाकर रास्ते से चलते हैं तो डेप्यूटी मिनिस्टर्स को भी ख्वाहिश होती है कि अुनके पास भी अेक छोटी सी कार होनी चाहिये। अुसके लिये अितजाम नहीं करेंगे तो डिपार्टमेंट की मोटरें अिस्तेमाल होती हैं। अिस लिये अिन सोशल अेमिनिटीज को जरूर दिया जाना चाहिये। अुसको तर्क करने के माने पैसा बचाना नहीं है बल्कि दीगर तरीकों से करप्शन के लिये रास्ता खुला करना है। हर शख्स की मुल्क के अंदर और कारोबार के अंदर जो पोजीशन है अुसके लिहाज से अुसको सोशल अेमिनिटीज प्रोव्हाअिड करना जरूरी है।

आखिर में मुझे यह कहना है कि हमारी जनता को, नौजवानों को स्कूल्स में और हर अिन्स्टिट्यूशन में यह जो बुनियादी अुसूल हैं अुनको सामने रखते हुअे री-अेजूकेट (Re-educate) करने की जरूरत है। हमनें जिस अॅडमिनिस्ट्रेशन और अुसके स्ट्रक्चर (Structure) को पाया है वह अेक अिम्पीरिअेलिस्ट स्ट्रक्चर है अिसको कभी भूलना नहीं चाहिये। अुसको किन हालात की बुनियाद पर हमने पाया है और किस मजबूरी से हम अुसको रख रहे हैं वह आप सब जानते हैं। लेकिन यह भी हमें याद रखना चाहिये कि अिसको अिसी तरह रखकर करप्शन को खतम करना नामुमकिन है। अिस लिये हमें सब से पहले अिस स्ट्रक्चर को खतम करना पडेगा। हमारे नौजवानों को और सर्विसेस को री-अेजूकेट करना पडेगा। नये डेमाक्रेटिक आयडियल्स अुनके सामने रखने पडेंगे और बगैर काम किये रोटी खाना हराम है यह हर शख्स को जहननशीन कराना पडेगा। जो लोग बिना काम किये खाना चाहते हैं अुनके बारे में हमारे दिल में शिद्दत से हेट्रेड (Hatred) होना चाहिये। जो लोग चाहते हैं कि बिना काम किये बिना मेहनत किये हम अच्छे घरों में रहेंगे, मोटरें रखेंगे, और मजा करेंगे, अुनके बारे में सोसायटी में हेट्रेड होना चाहिये। जो मेहनत करता है अुसके लिहाज से अुसको मिलना चाहिये। किसी को कम मिलेगा, किसी को ज्यादा मिलेगा।

"to everybody according to the quantity and quality of his work."

हम यह नहीं कहते कि हर अेक को सौ रुपये दिये जायें। लेकिन कम से कम सौ रुपये दिये जायें। दूसरों को अुनके काम की क्वॉलिटी और क्वांटिटी देखकर आप चाहें तो, दो सौ दे सकते हैं, चार सौ दे सकते हैं, अुसके बारे में हमें अेतराज नहीं है। लेकिन हमें सोसायटी से डिसपैरिटी निकालना है तो हर अेक के मेहनत का अंदाजा होना चाहिये। फलां खानदान का है अिसलिये अुसको महत्व न दिया जाय। कोअी डिप्लोमेटिक ट्रिक्स करता है तो अुसको रिस्पेक्ट किया जाय यह बात न हो। अैसा जो करते हैं। अुनके लिये समाज में हेट्रेड होना चाहिये। हम कुछ लोगों को नवाबों के खुशामदी कहते हैं क्यों कहते हैं? अैसे लोगों के बारे में हमें घृणा होनी चाहिये। जो बडे खानदानों में पैदा होते हैं अुनकी आवभगत की जाती है अुनको हम अच्छा समझते हैं। अिस तरह समझना बंद करना चाहिये। अैसे लोगों से हमें कहना पडेगा कि आप मेहनत कीजिये अुसी वक्त आपको सोसायटी में रिस्पेक्ट दिया जायगा। अपने पूर्वजों की आमदनी पर जो मजा अुडाते हैं और समाज में रिस्पेक्ट चाहते हैं तो अुन्हें साफ कहा जाना चाहिये कि अिस तरह की रिस्पेक्ट आपको नहीं दी जायगी।

अिस तरह का अेक मेंटल आैट लुक (Mental out look) हम सोसायटी में पैदा नहीं करेंगे. और अेक आयडियल (Ideal) की तरफ सारे समाज को नहीं ले जायेंगे तो करप्शन दूर नहीं हो सकता। करप्शन यह आज की सोसायटी का अेक बाय-प्रोडक्ट (By product) है। वह तभी बंद होगा जब कि अेक आयडियल की तरफ हम पूरे समाज को ले जायेंगे। कॉंग्रेस पार्टी ने अेक आयडियल रखा है। अुस आयडियल को लोगों के सामने दोहराते हुअे, अुसको अुनके जहननशीन करते हुअे अुसके लिये अुनसे अेक सॅक्रिफाअिस (Sacrifice) की मांग करते हुअे, आगे बढेंगे तो करप्शन दूर हो सकता है। ये चंद चीजें मुझे हाअुस के सामने रखनी थीं। आखिर में मुझे कहना है कि आम तौर पर हम रिपोर्ट को सपोर्ट करते हैं। मेरे सजेशन्स को ध्यान में रखते हुअे जल्द से जल्द अिस रिपोर्ट को अमल में लाया जाय यही मुझे अर्ज करना है।

* شری بی - رام کشن راؤ:- مسٹر اسپیکر سر - ایک بڑی اہم رپورٹ اس ایوان میں کئی دن کے بعد پیش ہوئی ہے - یہ رپورٹ نتیجہ ہے ایوان کے اوس تصفیہ کا جسکے ذریعہ گورنمنٹ سے ایک کمیشن مقرر کرنے کی خواہش کی گئی تھی - گورنمنٹ نے اوس خواہش کو قبول کیا اور ایک کمیشن انٹی کرپشن انکوائری کمیشن (Anti-Corruption Enquiry Commission) کے نام سے مقرر کیا - آفیشیلس (Officials) و نان آفیشلس (Non-officials) میں جس حدتک بہترین صلاحیت کے لوگ مل سکتے تھے اور جنکو یہاں کے اڈمنسٹریشن اور اس اسٹیٹ کے حالات کا پورا پورا علم تھا اور ہے اور جن سے امید کی جاسکتی تھی کہ بلا کسی رو و رعایت کے گورنمنٹ کے پاس رپورٹ پیش کرسکینگے اور اپنے سجیشنس (Suggestions) دے سکیں گے اونہیں اس کمیشن میں مقرر کیا گیا - مجھے خوشی ہے کہ انہوں نے پوری تفصیل سے جانچ کرنے کے بعد ایسی رپورٹ پیش کی جسکا نہ صرف گورنمنٹ نے خیرمقدم کیا بلکہ جیسا کہ میں دیکھ رہا ہوں اس ایوان کے اراکین نے بھی چاہے اس جانب کے آنریبل ممبرس ہوں یا اوس جانب کے آنریبل ممبرس عام طور پر خیر مقدم کیا - میں سمجھتا ہوں کہ اوس معزز کمیشن کے ارکان کے لئے بھی یہ چیز باعث خوشنودی ثابت ہوگی - اس ایوان میں اس رپورٹ پر تفصیل سے چرچا کی گئی اور عام طور پر اس کمیشن کی رپورٹ میں جو چیزیں ہیں اس سے سب لوگ سہمت (सहमत) ہوئے - بہر صورت کمیشن نے جو سفارشات کئے ہیں اون میں سے کونسی سفارشات کس حد تک اور کس طریقے پر عمل میں لائی جاسکتی ہیں اسکا قطعی تصفیہ گورنمنٹ نے ابھی نہیں کیا ہے - گورنمنٹ اس رپورٹ پر غور کرنے کے بعد اسکے امپلیکیشنس (Implications) پر غور کرنے کے بعد کچھ ٹنٹیٹیو (Tentative) نتائج پر پہنچی تھی لیکن مسئلہ اتنا اہم اور پبلک امپارٹنس (Public importance) کا تھا کہ گورنمنٹ نے مناسب سمجھا کہ رپورٹ کو شائع کیا جائے اور اسکی کاپیاں تقسیم کی جائیں تاکہ معزز ارکان کو بھی اپنی رائے کے اظہار کا موقع ملے - اس ایوان کے سامنے رپورٹ کو ڈسکشن (Discussion) کی غرض سے پیش کرتے وقت گورنمنٹ کا مقصد یہ تھا کہ نہ صرف اسکے حسن وقبح یعنی اسکی اچھائیوں اور برائیوں پر بحث کی جائے بلکہ اون

سفارشات کے علاوہ جو اس رپورٹ میں موجود ہیں یا گورنمنٹ کے ذہن میں آچکی ہیں مزید سجیشنس (Suggestions) آنریبل ممبران اسمبلی سے مل سکیں تا کہ اون سے استفادہ کیا جاسکے ۔ گورنمنٹ کا خیال ہے کہ رپورٹ کے مرتب کنندگان نے جو سجیشنس دئے ہیں اور معزز ارکان کی جانب سے جو ٹینٹیٹیو سجیشنس (Tentative suggestions) ملیں انکو نظر میں رکھتے ہوئے کوئی قطعی تصفیہ کرے ۔ اسلئے گورنمنٹ نے کوئی نتیجہ ابتک نہیں نکالا اور اسکو تمام لوگوں کی رائے پر چھوڑتے ہوئے کلکٹیو وزڈم (Collective wisdom) کے حاصل ہونے کے بعد خود کسی نتیجہ پر پہنچنے والی ہے ۔ اگرچیکہ کچھ ٹینٹیٹیو سجیشنس گورنمنٹ نے بھی مرتب کرلئے ہیں جنکا تھوڑا سا ذکر میں اپنی تقریر میں کرنے والا ہوں ۔ اون سے متعلق میں یہ کہونگا کہ وہ نتائج محض ٹینٹیٹیو (Tentative) ہیں ۔ اون تمام آراء کی روشنی میں جو یہاں ظاہر کئے جائینگے ان پر کافی غور کرنے کے بعد گورنمنٹ قطعی نتیجہ پر پہنچیگی ۔ آنریبل ممبرس جنہوں نے اس بحث میں حصہ لیا جنرل ٹینور آف دی ڈسکشن (General tenor of the discussion) جواختیار کیا وہ قابل مبارکباد ہے ، کیونکہ آنریبل ممبرس نے اس پر بحث کرتے ہوئے کرپشن کے اکسٹنٹ (Extent) پر یا کرپشن کی آل پرویڈنگ (All pervading) شکل جو پائی جاتی ہے اور جس پر اس ایوان میں اور باہر بھی ڈسکشن ہوتا ہے اوس سے بحث نہیں کی بلکہ انہوں نے اپنی بحث کو ٹھوس سفارشات کی حدتک محدود رکھا ۔ جیسا کہ چند آنریبل ممبرس نے کہا کہ اون چیزوں سے کوئی فائدہ نہیں ہوسکتا ۔ اسکی یونیورسیالیٹی (Universality) ، آل پرویڈنگ کرٹیسیزم (All pervading criticism) وغیرہ پر بحث کریں اور یہ کہیں کہ فلاں جگہ کرپشن ہے ، اوس ڈپارٹمنٹ میں ہے ، یہاں ہے وہاں ہے ، اسطرح کا کرٹیسیزم (Criticism) کوئی کنسٹرکٹیو کرٹیسیزم (Constructive criticism) نہیں ہوتا اور بڑی حدتک اسکو مبالغہ آمیز سمجھا جائیگا ۔ اس وجہ سے اس کو نظر انداز کیا گیا ۔ وہ بڑی طمانیت کی بات ہے ۔ یہ میری رائے ہے ۔ رپورٹ میں اس مسئلہ کے تعلق سے جو کچھ بیان کیا گیا ہے اوس میں بہت سے سجیشنس بھی دئے گئے ۔ اس میں شک نہیں کہ مسئلہ بہت بڑا ہے ۔ لیکن کرپشن دور کرنے کے لئے کیا کیا تدابیر ٹھیک ٹھیک طور پر اختیار کی جائیں اوسکے متعلق اون کو ۱-۲-۳-۴ ۔ وغیرہ اس نمونہ پر کیٹالاگ (Catalogue) کر کے آئٹم نمبر ۱۰-۱۱-۱۲-۱۳ بنا کر پیش نہیں کیا جاسکتا ۔ یہ مسئلہ ایسا نہیں جسطرح کہ دوسرے مسائل ہوتے ہیں اور جن کو اس طرح کیٹا لاگ کیا جاسکتا ہے ۔ مثلا لینڈ کمیشن کی رپورٹ دیکھئے اوس میں البتہ اس طرح چیپٹر بائی چیپٹر رکھا گیا ہے اور " سمری آف ریکمنڈیشنس " (Summary of recommendations) کو ۱۸-۱۹-۲۰ آئٹم پر تقسیم کر کے تیقن کے ساتھ بتایا گیا کہ کیا کیا کارروائی اختیار کرنی چاہئے ۔ لیکن اینٹی کرپشن میژرس (Anti-Corruption measures) کا مسئلہ ایسا نہیں ہے ۔ وہ ایک بنیادی مسئلہ ہے اور جیسا کہ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن اور آنریبل لیڈر

آف دی یو- پی - پی - نے کہا وہ ایک بہت بڑا سماجی مسئلہ ہے جس کی گہرائی کا اعتراف
سب کو ہے - اس میں صرف گورنمنٹ سرونٹس کا مسئلہ ہی نہیں آتا بلکہ جیسا کہ
آنریبل لیڈر آف دی یو- پی - پی - نے اپنی فرینک اسپیچ میں بتایا ہے (اور میں اونہیں
مبارکبا باد دیتا ہوں) اور اچھی طرح اس بات کی وضاحت کی ہے کہ کرپشن کا مسئلہ
سرکاری ملازمین اور عہدہ داروں کی حد تک ہی لمیٹیڈ (Limited) نہیں
بلکہ مختلف رنگ اور روپ اختیار کرکے یہ مسئلہ ہماری نان آفیشیل زندگی میں ،
غیر سرکاری زندگی میں ، ہماری سماجی زندگی میں اور ہماری پبلک لائف (Public life)
میں کئی طریقوں سے گھسا چلا آگیا ہے - یہ مسئلہ آفیشیل لائف اور نان آفیشل لائف
میں اسطرح انٹروون (Interwoven) ہے اور اوسکا تانا بانا اسطرح
تیار ہوا ہے کہ اسکو آئسولیٹ (Isolate) کرکے نہیں دیکھا جاسکتا -
اس لئے جب کرپشن کے متعلق کوئی کرٹیسیزم ہو تو وہ محض آفیشیلڈم (Officialdum)
یا سرکاری ملازمین کی حد تک ہی محدود نہیں ہوسکتا - یہ ایک آل پرویڈنگ پرابلم
(All pervading problem) ہے - اوسی حیثیت سے ہم کو غور کرنا چاہئے -
اس لئے جنرل اڈمنسٹریشن کے متعلق جہاں تک کہ گورنمنٹ کا تعلق ہے گورنمنٹ جو
میژرس (Measures) اڈاپٹ (Adopt) کر رہی ہے یا کرسکتی
ہے اوسکا امیڈیٹ افکٹ (Immediate effect) یا فوری نتائج اور اثرات جو
ہونگے وہ محدود ہونگے - اون کا زیادہ تر اثر گورنمنٹ سکٹر (Government Sector)
یعنی گورنمنٹ کے آفیسرس اور ملازمین سرکار میں ایک چینج (Change) کرنے کی
طرف ہی ہوگا - اون کو ایک طرح پر شارٹ ٹرم میژرس (Short-term measures)
کہا جاسکتا ہے - لیکن وہ شارٹ ٹرم میژرس بھی نہیں ہوسکتے - اونکے لئے بھی لانگ
ٹرم پلاننگ (Long-term planning) کرنا ہوگا - جو لانگ ٹرم میژرس
اس کمیشن کی رپورٹ میں بتائے گئے ہیں وہ سارے سماج پر حاوی ہیں - وہ موجودہ
گورنمنٹ سرونٹس کے ڈفرنٹ کیڈرس (Different Cadres) یا گورنمنٹ آفیسرس
کے مال پراکٹیسس (Mal practices) اور کرپشن کی حدتک ہی محدود نہیں -
لانگ ٹرم اور شارٹ ٹرم میژرس یہ دونوں الگ الگ ہوسکتے ہیں - اس کے علاوہ اور
بھی میژرس ہوسکتے ہیں جن کی تفریق کی جاسکتی ہے - ایک تو پریوینٹیو میژرس
(Preventive measures) ہیں اور دوسرے کیوریٹیو میژرس (Curative measures)
ہیں - جسطرح ایک مریض کے علاج کے لئے یہ دونوں طریقے اختیار کئے جاسکتے
ہیں - اس ہاؤس کے آنریبل ممبرس یہ تسلیم کرتے ہیں کہ کرپشن مرض ڈیپ روٹڈ
(Deep-rooted) ہے - اور سارے سماج میں پھیلا ہوا
ہے - ایک آنریبل ممبر نے یہ بھی کہا کہ یہ مرض ایک چپراسی سے لیکر کیبینٹ کے
منسٹروں تک پھیلا ہوا ہے - میں اس کا جواب دینا نہیں چاہتا - اس کی ڈیپ روٹڈ نیچر
(Deep-rooted nature) سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا - کیبینٹ کے منسٹروں
یا سوپر کیبینٹ (Super Cabinet) کے منسٹروں میں ہی نہیں بلکہ ہوسکتا

ہے کہ آنریبل ممبرس آف دی اسمبلی میں بھی جو خود بھی اس سماج کے کل پرزے ہیں کرپشن ہو - کوئی شخص جرأت کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتا کہ کرپشن صرف کیبینٹ کے منسٹروں تک ہی محدود ہے اور آنریبل ممبرس آف دی اسمبلی اس سے مبرا ہیں - یا یہ مرض صرف گورنمنٹ کے سرونٹس کی حدتک ہی محدود ہے یا کانگریس پارٹی کی حدتک محدود ہے - یو - پی - پی - یا پی - ڈی - ایف - اس سے مبرا ہے - یہ نہیں ہوسکتا - یہ ایک آل پرویڈنگ (All pervading) مرض ہے - اس کا روپ - شکل اور رنگ بدلتا رہتا ہے - جو شخص جس پوزیشن میں ہے جس ڈھنگ میں ہے - جس قسم کے کرپشن میں انڈلج (Indulge) ہونے کا اوسکو موقع ملتا ہے .....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—ऑनरेबल चीफ मिनिस्टर अिन्सिन्यूअेशन न करें तो बेहतर होगा।

شری بی - رام کشن راؤ :— میں انسینویشن (Insinuation) نہیں کررہا ہوں - جو انسینویشن کیا گیا اوسکا میں فرینک اڈمیشن (Frank admission) کررہا ہوں -

شری بی - ڈی - دیشمکھ (بھوکردھن - عام) :— ہم نے جو کچھ کہا وہ رپورٹ میں موجود تھا اس لئے کہا -

شری بی - رام کشن راؤ :— رپورٹ میں ہوگا - آنریبل ممبرس آف دی اسمبلی نے اپنی اسپیچ میں اس کا تذکرہ کیا تھا اس لئے میں بھی کہہ رہا ہوں - رپورٹ میں یہ کہا گیا ہے کہ کرپشن کا نیچر آل پرویڈنگ ہے اور اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا - یہ بیشک ٹھیک ہے کہ انسینو یشن کسی جانب سے نہیں ہونا چاہئے - میں بھی انسینویشن نہیں کررہا ہوں البتہ اوس چیز کو دھرا رہا ہوں جو رپورٹ میں ہے - ایک آنریبل ممبر آف دی اپوزیشن نے غالباً آنریبل ممبر فرام چار مینار نے (Laughter) میں نہیں جانتا اونکی کانسٹی ٹیونسی کیا ہے انہوں نے جو کچھ کہا اوسکو دھرا رہا ہوں - میں کوئی نئی چیز نہیں کہہ رہا ہوں - یہ ایک آل پرویڈنگ نیچر کا مرض ہے اسکو دور کرنے کے لئے جسطرح لانگ ٹرم میژرس اختیار کرنا چاہئے جس طرح شارٹ ٹرم میژرس لئے جانے چاہئیں اوسی طرح پریونٹیو میژرس (Preventive measures) اور کیوریٹیو میژرس (Curative measures) بھی لینا چاہئے - مجھے افسوس ہے کہ میں ان میژرس کی تشریح تفصیلی طور پر نہیں کرسکتا کیونکہ خود آنریبل ممبرس کو اس پر تفصیلی غور کرکے سجیشنس دینے کا موقع نہیں ملا - اسمبلی کے سیشن کے دوران میں یہ رپورٹ پیش ہوئی ہے اور اس بات کا موقع نہیں ملا کہ اپنے اپنے نقطہ نظر سے مختلف میژرس کو کیٹالاگ کرکے هاؤس میں پیش کیا جاسکے - ابھی لوگوں کے ذهن میں اس کا خاکہ نہیں آیا - گو ہم نے کیبینٹ کی کئی میٹنگس میں اس کی اسٹڈی کی ہے اسکے باوجود ابھی اس کے متعلق ڈیپ اسٹیڈی (Deep Study) کرنے کی

ضرورت ہے - پھر بھی پروینٹیو میژرس کونسے ہوسکتے ہیں اور جن کو اختیار کیا جاسکتا ہے اوسکے متعلق میں کچھ مختصر عرض کرونگا - پروینٹیو میژرس وہ میژرس ہیں جن کو اختیار کرنے سے کرپشن کے مواقع کم ہو جائینگے - کرپشن کے اپر چونیٹیز (Opportunities) کم سے کم ہونگے - جو لانگ ٹرم میژرس ہوسکتے ہیں وہ الگ ہیں وہ سارے سماج پر حاوی ہوسکتے ہیں - عوام کا ہردئے پریورتن (हृदयपरिवर्तन) کرنا یا اونکا اخلاقی معیار بلند کرنا یہ ساری چیزیں اوس میں شامل ہیں اور ان کے متعلق کسی کو اعتراض نہیں ہے یہ بالکل ایکزیم (Axiom) ہے - لیکن کیا ذرائع اختیار کئے جاسکتے ہیں کہ کرپشن کو کم سے کم کیا جاسکے اور اسکولمیٹیڈ کیا جاسکے، یہ دیکھنا ہے - بعض آنریبل ممبرس نے خود اسکو تسلیم کیا ہے کہ اس کو سرے سے اکھاڑا نہیں جاسکتا - کم از کم آنریبل لیڈر آف دی یو - پی - پی - نے اپنی اسپیچ میں اسکو فرینکلی (Frankly) تسلیم کرلیا ہے کہ ہیومن سوسائٹی (Human society) میں کرپشن مختلف رنگ روپ میں موجود رہتا ہے اور اوسکو جڑ سے اکھاڑا نہیں جاسکتا - یہ قریب قریب نا ممکن ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس سے کسی آنریبل ممبر کو اختلاف نہیں ہوسکتا - لیکن ہم کیا کررہے ہیں ؟ ایک آئیڈیل (Ideal) سماج جو کرپشن سے بالکل دور ہو اوسکو قائم کرنے کی جانب ہی ہم بڑھ رہے ہیں - ہم یہ چاہتے ہیں کہ جہاں تک ہوسکے اسکو کم سے کم کردیا جائے - کمپریہینسیو (Comprehensive) اور اکسٹینسیو مینگ (Extensive meaning) میں ہم اس کو کم سے کم کرنا چاہتے ہیں - جتنا کم ہوسکے کم کیا جائے - یہی ہم سب کی کوشش ہونی چاہئے - اس کے لئے ہم تدابیر سوچیں - سرکاری عہدہ داران - پٹیل پٹواری - گرداور - ریوینیو انسپکٹر - پولیس کے عہدہ دار غرض کہیں بھی دیکھئے ہمارا یہ فرض ہے کہ تجربہ کی بناء پر اس چیز کو جانچیں کہ کہاں کہاں کس کس ڈپارٹمنٹ میں ٹمپٹیشن (Temptation) ہوا ہے - کہاں کہاں لالچ کے مواقع ہیں جنکے نتیجہ کے طور پر کرپٹ پریکٹیسس (Corrupt practices) اختیار کرنے کا موقع حاصل ہوتا ہے - ہمارے پروسیجر (Procedure) میں اڈمنسٹریشن میں ، ہمارے رولس (Rules) میں ، ہمارے لاز (Laws) میں ، ریگولیشنس (Regulations) میں ہماری پریکٹیسس (Practices) میں یا ہمارے کنونشنس (Conventions) میں جہاں کہیں بھی ایسے مواقع ہوں جنکی وجہ سے کرپشن پیدا ہوتا ہے اونکو دور کرکے کرپشن کو کم سے کم کرنے کی کوشش کی جائے - یہ پریوینٹیو میژرس ہوسکتے ہیں - ان کے بارے میں بہت زیادہ تفصیل کے ساتھ اس رپورٹ میں کہا گیا ہے - اور بہت ویالیوایبل سجیشنس (Valuable Suggestions) دئے گئے ہیں - میں مانتا ہوں کہ اور بھی سجیشنس دئے جاسکتے تھے - اون پر خود گورنمنٹ غور کریگی - یہاں عام طور پر یہ کہا گیا کہ کیسس کے ڈسپوزل (Disposal) میں جو ڈیلے (Delay) ہوتا ہے وہ بھی کرپشن کا باعث ہے - میں اسکو تسلیم کرتا ہوں - کسی کیس کے ڈسپوزل میں

جو دیر ہوتی ہے اوسکے اسٹیجس الگ الگ ہوتے ہیں - اس میں ریڈ ٹیپ ازم (Red tapism) کا جو عنصر یا الیمنٹ (Element) موجود ہے اوسکی وجہ سے بھی کرپشن کا زیادہ موقع ملتا ہے - سب سے بڑی کوشش جو میری رائے میں ہوسکتی ہے وہ یہ ہونی چاہئے کہ ریڈٹیپازم کو جتنا ہوسکے کم کیا جائے - وہ مؤاقع جو پیدا ہوتے ہیں اون کو جہاں تک ہوسکے کم کیا جائے - اب آنریبل ممبرس یہ کہ سکتے ہیں کہ یہ مواقع کہاں کہاں ہوسکتے ہیں - آپ نے اس کے بارے میں کیا سوچا ہےمیں صرف یہ عرض کرونگا کہ ہم صرف سونچ رہے ہیں - اس ایوان میں میں اپنے خیالات ظاہر کررہا ہوں - اسکی تفصیلات کو گورنمنٹ نے ورک اؤٹ (Workout) نہیں کیا ہے - لیکن یہ کہدینا چاہتا ہوں کہ کیبینٹ کا ٹینیٹیٹیو ڈسیشن یہ ہے کہ گورنمنٹ کی مشنری کا جو پروسیجر ہے اوس میں کافی ریفارمس کرنے کی ضرورت ہے - اوسکو ریفارم کرنے سے کرپشن کم ہوسکتا ہے - ہماری کوشش یہ ہے کہ ایسے سجیشنس بھی عمل میں لائیں - ایک آنریبل ممبر غالباً مووور آف دی موشن نے اس طرف توجہ دلائی ہے کہ گورنمنٹ سرونٹس کی جو موو ایبل (Movable) اور اِم‌سووایبل پراپرٹیز (Immovable properties) ہیں اونکی ایک فہرست مرتب کرنی چاہئے - اس کے بارےمیں اسٹرکٹ (Strict) قواعد بنانے چاہئیں - میں اس ایوان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ ام موایبل پراپرٹی کی حدتک تو قانون موجود ہے - ہر آفیسر اور ممبر آف اسٹاف کو اسکی فہرست اپنے اپنے ڈپارٹمنٹ میں داخل کرنا لازم ہے - جب کبھی کوئی گورنمنٹ سرونٹ کوئی نئی جائداد خریدتا ہے تو اوس پر یہ لازم ہے کہ وہ سارے حالات اور بیک گراؤنڈ بتائے کہ اوس نے کس آمدنی سے اسکو خریدا ہے - اس کے لئے قواعد موجود ہیں - مگر اونکو زیادہ اسٹرنجنٹ (Stringent) بنانے کی ضرورت ہے - اسکی ضرورت میں خود سمجھتا ہوں - اسکی جانب ہم اقدام کرسکتے ہیں - لیکن موو ایبل پراپرٹی کی فہرست مرتب کرنا ذرا مشکل کام ہے - اس میں نہ صرف لیبر اور انرجی (Energy) صرف ہوگی بلکہ اوس فہرست کو چک کرنے کے ذرائع بھی حکومت کے پاس نہیں ہیں - کس کس گورنمنٹ سرونٹ کے مکان میں کیا کیا ام موو ایبل پراپرٹی ہے اوس کو چک کرنے کے لئے ایک مشنری قائم کرنا پڑیگا - اور ہم کو یہ بھی دیکھنا پڑیگا کہ جو فہرست گورنمنٹ سرونٹ نے داخل کی ہےاوس کو صحیح مان کر چپ بیٹھ جائیں یا اوس کو چک کریں - اس لئے مو ایبل پراپرٹی کی حدتک یہ معاملہ بڑا مشکل ہے - اس پر بھی میں غور کروں گا کہ کہاں تک اس پر عمل کیا جاسکتا ہے - ایک صاحب نے یہ کہا کہ آنسٹ ملازمین کو ریوارڈ (Reward) دینا چاہیئے - میں تو اس سے متفق نہیں ہوں بلکہ یہ کہوں گا کہ اگر کوئی گورنمنٹ ملازم آنسٹلی (Honestly) اپنے فرائض ادا کررہا ہے تو وہ گورنمنٹ پر کوئی احسان نہیں کررہا ہے - جب تک کوئی شخص آنسٹ (Honest) نہ ہو وہ سرکاری ملازمت میں نہیں رہ سکتا - کسی آنسٹ شخص کو تو نہ کوئی

ریوارڈ قبول کرنا چاھیئے نہ ھی گورنمنٹ کی جانب سے کوئی ریوارڈ اوس کو دیا جانا چاھیئے ۔ اگر ایسا ھو تو اس کے معنی یہ ھوں گے کہ گویا لالچ دی جارھی ھے ۔ کوئی شخص جس کو آنسٹ بنانے کے لئے کسی قسم کی لالچ کی ضرورت ھو وہ اس طرح آنسٹ نہیں بن سکتا ۔ ھاں ایک دوسرے طریقہ پر یہ کہا جاسکتا ھے کہ پرموشن (Promotion) دیتے وقت ، گریڈ بڑھاتے وقت آنسٹ آفیسرس کو بریفرنس (Preference) دینا چاھیئے ۔ لیکن اس کا ارتھ (अर्थ) یہ ھو جائیگا کہ گریڈ اور سینیاریٹی یا دوسرے کنسیڈریشنس (Considerations) جوھیں اون کو پس پشت رکھ کر انٹیگریٹی اینڈ آنسٹی (Integrity and honesty) کو زیادہ امپارٹنس دینا چاھیئے ۔ اگر اس کے اتنے ھی معنے ھیں تو ان محدود معنوں میں اس سجیشن کو قابل غور سمجھتا ھوں ۔ اس سے بڑھکر کوئی رعایت کا مسئلہ پیش نہیں آسکتا ۔ دوسرے ایک ممبر غالباً وہ آنریبل ممبر فار چنا کونڈور تھے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ایک آنریبل ممبر :— پدا کونڈور

شری بی ۔ رام کشن راؤ :— میں چاھتا ھوں کہ اون آنریبل ممبر سے پوچھوں ۔ خیر وہ نہیں فرماتے تو سب لوگ سمجھ گئے ھیں کہ کس آنریبل ممبر کی تقریر کی طرف میں اشارہ کررھا ھوں ۔ انہوں نے بہت سے سجیشنس دئے ھیں ۔ میں تفصیل سے تو نہیں کہتا ۔ انہوں نے کہا کہ اس کمیٹی میں چائنا (China) وغیرہ میں جس طریقہ پر عمل کیا گیا اس پر زیادہ توجہ نہیں دی گئی ۔ ھوسکتا ھے کہ ان کا اسکوپ آف اسٹڈی (Scope of study) اتنا نہ رھا ھو لیکن بہرحال ایک مجرد علاج کسی ملک میں بھی اختیار نہیں کیا گیا ۔ جہاں پر سختی برتی جاتی ھے وھاں پر کرپشن جلد دور ھوجاتا ھے اور جہاں پر کچھ آربیٹرری میتھڈس (Arbitrary methods) اختیار کئے جاتے ھیں یا جہاں کسی قسم کے رولس مدون ھوئے ھیں یا کانسٹیٹیوشنل طریقہ مقرر کیا گیا ھے وھاں اس کا امکان کم ھے ۔ لیکن بہرحال میں ان سے متفق ھوں کہ ڈیلے کی وجہ سے کرپشن کے بڑھنے کا امکان ھے ۔ اور اس ڈیلے کو ختم کرنے کی کوشش کرنی چاھیئے ۔ میں ان سے اس بارے میں بھی متفق ھوں کہ ٹورس (Tours) کے وقت سربراھی کا انتظام کیا جاتا ھے ۔ میں اس بارے میں عرض کرنا چاھتا ھوں کہ اس کے پراکٹیکل آسپکٹس (Practical aspects) ھمارے تجربہ میں آئے ھیں ۔ میں زیادہ تفصیل میں جانا نہیں چاھتا اس وجہ سے کہ ھمارے ڈس پرس ھونے کا وقت ھو چکا ھے ۔ مجھے آنریبل اسپیکر صاحب سے اجازت مانگنی پڑیگی ۔ اس وجہ سے کہ میرا وقت آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے لے لیا ۔ یہ سربراھی وغیرہ کی باتیں ضرور ھیں ۔ لیکن اکثر یہ ھوتا ھے کہ سماج کی ریت کا سوال پیدا ھوجاتا ھے ۔ میں آپ کو یقین دلانا چاھتا ھوں کہ چاھے وہ منسٹر ھوں یا ڈپٹی منسٹرس یا چاھے آفیسرس آف دی گورنمنٹ ھوں جب بھی وہ ٹور پر جاتے ھیں تو انکی سربراھی یا ان کو کھلانے پلانے کا جو انتظام کیا جاتا ھے وھاں کے عہدہ دار

اپنے ماتحتین سے یا دیگر نان افیشلس سے بھی (عہدہ داروں کی حدتک ہی نہیں ہے) چندہ وصول کرکے انکی دعوت کرتے ہیں - ہوسکتا ہے کہ کہیں یہ بھی پریکٹس ہو لیکن دراصل یہ ایک ریت ہمارے پاس پڑی ہوئی ہے - منسٹرس جب وہ دورہ پر جاتے ہیں تو کلکٹر کے گھر میں کھانا کھاتے ہیں ، اس کو اگر کرپشن کہا جائے تو ممکن ہے - لیکن وہ با ضابطہ دعوت کارڈ بھیجتے ہیں - اور نہ صرف منسٹر کو کھانا کھلاتے ہیں بلکہ وہاں پر دوسرے چھ سات آدمی بھی مدعو ہوتے ہیں - اگر اس کو کرپشن کہا جاتا ہے تو میں وعدہ کرتا ہوں کہ ابھی منسٹرس اور دوسرے لوگوں کو ہدایت کردوں گا اور کل سے ہم یہ پریکٹس رکھینگے کہ دعوت میں شرکت نہ کریں - لیکن پرسنلی (Personally) میں اس کو کرپٹ پراکٹیسس (Corrupt practices) میں شمار نہیں کرتا - ہاں یہ ضرور ہے کہ جو آفیسر ٹور الونس لیتے ہیں انہیں اپنا آپ انتظام کرنا چاہیئے لیکن سربراہی کی ذمہ داری وہ خود ڈالتے ہیں اور لوگ اس سربراہی کو اکسپٹ (Accept) کرتے ہیں - میں جانتا ہوں کہ یہ تھوڑی سی عادت ہے - اگر یہ چیز ہے تو اسکی بنیاد سماج کی ریت میں ہے - لیکن میں یہ بھی جانتا ہوں کہ زبردستی دعوتیں دی جاتی ہیں اور اگر ہم قبول نہ کریں تو ناراضگی کا باعث ہوتا ہے - ایک صاحب دعوت دیتے ہیں انکی دعوت کو قبول کرتے ہیں اور دوسروں کی دعوت کو قبول نہیں کرتے تو وہ کہتے ہیں کہ چونکہ آپ کا رجحان اودھر ہے اس لئے آپ اوس طرف گئے - آپ ہمارے فرینڈ (Friend) نہیں ہیں اس لئے ہمارے پاس نہیں آئے - اس قسم کی چیزیں بھی ہیں - یہ ریت اچھی ہے یا بری - اس میں تو اچھائی بھی ہے اور برائی بھی ہے - میں ان چیزوں کے بارے میں جنرلی (Generally) متفق ہوں - اگر یہ کرپشن کا سورس (Source) بن رہا ہے تو اس کو بھی روکنے کی ضرورت ہے - لیکن اس نقطہ نظر سے بھی آنریبل ممبرس غور کریں کہ کیا اس پوائنٹ کو بھی اتنی اہمیت دی جاسکتی ہے ؟ میرا یہ کہنا ہے -

اس کے ساتھ ساتھ میں دوسرے پہلو کی جانب بھی اشارہ کرتا ہوں - حال میں ایک سوال بھی آیا تھا اور اس پر انکوائری کمیشن کی رپورٹ میں بھی غور ہوا ہے - انہوں نے چلتے چلتے اس کی طرف بھی اشارہ کیا ہے - عہدہ داروں کو چندہ جمع کرنے کے لئے کہا جاتا ہے - اس سے بھی کرپشن کا امکان ہوتا ہے - کمیٹی کی اس رائے سے میں متفق نہیں ہوں اور نہ ان آنریبل ممبرس کی رائے سے اتفاق کرتا ہوں - عہدہ داروں کو سرکاری طور سے کسی پبلک ادارہ کے لئے یا کسی پبلک پرپز (Public purpose) کے لئے چندہ جمع کرنے کی خاص صورتوں میں اجازت دی جاتی ہے اور میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بارے میں اسٹرکٹ رولس (Strict Rules) ہیں کہ کوئی عہدہ دار خاص پرمیشن (Permission) کے بغیر چندہ جمع نہیں کرسکتا - کمیونیٹی پراجکٹس - ڈیولپمنٹ بلاکس - پبلک یوٹیلیٹی کنسرنس (Public utility concerns) کے لئے کلکٹرس کانفرنس میں کہا گیا اور دوسری اور جگہوں پر بھی کہا گیا اور پرائم منسٹر کی بھی ہدایت ہے کہ تم لوگ عوام میں انتھوزیازم

(Enthusiasm) پیدا کرو اور تمہاری جو آفیشل حیثیت ہے اس میں تم اپنے آپ کو پبلک کے خدمت گزار ثابت کرو - ان میں جوش پیدا کر کے ان کا کوآپریشن حاصل کرو - چنانچہ اس هدایت کی تعمیل میں هارے عہدہدار چندہجمع کرتے هیں اور میری نوٹس میں تو اب تک کوئی چیز نہیں آئی کہ کسی سرکاری عہدہدار نے یہ کہاهو کہ تم نے اتنا چندہ نہیں دیا اس لئے تمہارا وہ کام نہوگا - تم هارا ڈس پلیژر (Displeasure) انکر (Incur) کریں گے - اس قسم کی یک مثال بھی سامنے نہیں آئی -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अेक ही नहीं कअी मिसालें बता सकता हूं। अैसे कअी मिसालें हुअी हैं। अेक शख्स जिसने पैसा जिस काम के लिये नहीं दिया अुसे अॅरेस्ट किया गया। मैंने अुन खुद मुकामात पर जाकर देखा है और आपको बता सकता हूं।

شری بی - رام کشن راؤ :— یہ بالکل غلط انسینویشن ہے - میں دوبارہ ، سہ بارہ اور هنڈرڈ ٹائمس (Hundred times) بھی کہتا هوں - ایسی بات آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کو بہت ذمہداری کے ساتھ کہنا چاهئے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मैंने खुद वहां जाकर दाखलात लिये हैं और मैं गव्हर्नमेंट मशिनरी के सामने अिसे प्रूव्ह करने के लिये तैयार हूं।

شری بی - رام کشن راؤ :— بالکل نہیں - آج تک کوئی شخص نہیں دیا ہے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अैसे अेक हीं नही मैं आपको कअी मिसालें बता सकता हूं। अिसी को रोकने के लिये नॉन ऑफिशियल मशिनरी होनी चाहिये।

شری بی - رام کشن راؤ :— بالکل اسکا امکان نہیں ہے - اگر کسی نے آپ کے پاس کمپلینٹ (Complaint) کی ہے تو وہ ملیشس کمپلینٹ (Malicious Complaint) ہے - اگر اوسنے آپ کے پاس بیان دیا ہے تو وہ چندہ سے بچنے کے لئے یا عہدہداروں کو بلاوجہ بدنام کرنے کے لئے بدنیتی سے بیان دیا ہے - میں ایک منٹ کے لئے بھی سکی صداقت کو ماننے کے لئے تیار نہیں هوں - میں کھلے بندوں ایسا کہتا هوں میں اسکو جھوٹ کہنے کے لئے تیار هوں -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—िसके लिये आप अिपारशल अिनक्वायरी कमिटी कायम करें। मैं साबित करने के लिये तैयार हूं।

شری بی - رام کشن راؤ :— یہ بالکل ایسی هی بات ہے جیسے —

Give the dog a bad name and hang him

اسکے سوا کوئی بات نہیں ہے - یہ هوسکتا ہے کہ تھوڑا بہت مارل پریشر (Moral pressure) اگزرٹ (Exert) کیا جاتا هو - اگر ان معنوں میں

اس قسم کا مارل پریشر اگزرٹ کیا جاتا ہے تو میں اسکو کنسیڈ (Concede)
اور اسکو کنڈون (Condone) کرونگا - اس لئے کہ ایک بہت بڑے کاز (Cause) کیلئے
ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اتنے بڑے دولت مند آدمی ہو پانچ دس ہزار کیوں نہیں
دیتے - اس قسم کا پرسیویسیو اٹیٹیوڈ (Persuasive attitude) رہتا ہے -
اگر اس میں مارل پریشر رہتا ہے تو یقیناً میں اسکو کنڈون کرونگا - یہ کہا گیا ہے کہ
رولس میں تبدیلی ہونی چاہئے - لیکن ڈسپلینری ایکشن (Disciplinary action)
کیلئے جو رولس اب تک مدون ہوئے ہیں میں ان سے بالکل متفق ہوں - آج کل
کرپٹ پراکٹیسس (Corrupt practices) کے سلسلہ میں
عہدہداروں کے خلاف جو کیسس چلتے ہیں اون سب کے لئے پہلے ڈپارٹمنٹل انکوائری
(Departmental enquiry) کا ایک اسٹیج رکھا جاتا ہے - اسکی
وجہ سے اس ڈپارٹمنٹ کے بالادست عہدہدار کی جو انکوائری ہوتی ہے اسمیں ہمیشہ
اسکا امکان رہتا ہے کہ بالادست عہدہدار اپنے ماتحت عہدہدار کو بچانے کی کوشش
کرے - اسلئے ڈپارٹمنٹل انکوائری صحیح نتیجہ پر نہیں لیجاتی - اس اعتراض میں بہت
حدتک صداقت ہے اور اس جانب رپورٹ میں بھی توجہ دلائی گئی ہے اور گورنمنٹ
اسپر سریسلی (Seriously) غور کررہی ہے کہ اس ڈفکٹ کو
کس حد تک کم کیا جاسکتا ہے - ٹنٹیٹیولی (Tentatively) گورنمنٹ
نے اپنی جگہ پر تصفیہ کیا ہے - لیکن اسکے ڈیٹیلڈ پروسیجر (Detailed procedure)
کو ہم نے لےڈاؤن (Lay down) نہیں کیا ہے اور ابھی میں
نہیں کہہ سکتا کہ آنے والے پروپوزلس کو موجودہ ڈھانچہ میں کسطرح بٹھائینگے -
لیکن ہم یہ ضرور سوچ رہے ہیں کہ ڈپارٹمنٹل انکوائری کو جو پہلی سیڑھی سمجھی
جاتی ہے اسکو اگر ہوسکے تو سرے سے ہی ختم کردیں تاکہ انکوائری میں کوئی
دشواری نہ ہو اور ڈپارٹمنٹل انکوائری میں جو روڑے اٹکائے جارہے ہیں اسکا موقع
نہو - ایسا جو تجربہ ہمکو ہورہا ہے اسکو آگے چلکر باقی نہیں رکھینگے - ہم ایسی
ہی تدابیر سوچ رہے ہیں - اسطریقہ پر پروسیجرل رولس (Proc.dural rules)
میں تبدیلی کرنے کی ضرورت ہے - اسکی آوشکتا (आवश्यकता) ہے
تاکہ جو پروسیجر رکھا جائے وہ کم سے کم ہو شارٹ سے شارٹ ہو - اسمیں بھی
ڈیلے نہ ہو - لیکن اسکے ساتھ ساتھ میں ایک چیز ضرور عرض کرنا چاہتا ہوں کہ
آج جو کوئی بھی پروسیجر یا طریقہ تحقیقات ہم معین کرسکتے ہیں وہ ایسا ہی ہوگا
جیسے دستور کی چار دیواری کے اندر بٹھایا جاسکتا ہو - کانسٹیٹیوشن کے آرٹیکلس ۳۰۹ ،
۳۱۰ اور ۳۱۱ اور اسکے بعد کے بھی مختلف آرٹیکلس ہیں - ان آرٹیکلس کے تحت
پبلک سرویس کمیشن کو بعض اختیارات سونپے گئے ہیں - تفصیلی رولس نہیں ہیں -
تفصیلی رولس بنانا ہر اسٹیٹ گورنمنٹ کا کام ہے - ان رولس میں تبدیلی بھی ہوسکتی
ہے - لیکن ایسی تبدیلی نہیں ہوسکتی جو دستور کے خلاف ہو - اگر دستور کے کسی
آرٹیکل کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو ایسا کوئی چینج ہم پبلک سرویس کمیشن کے

رولس اینڈ ریگولیشنس (Rules and Regulations) میں نہیں کرسکتے -
میں مانتا ہوں کہ لمیٹیشن (Limitation)کم ہے لیکن
ہے ضرور - اسکے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کردینا چاھتا ہوں کہ سنٹرل لیول
(Central level) پر کانسٹی‌ٹیوشن کے آرٹیکلس میں تبدیلی کرنے ، کی نسبت
سوچا جارہا ہے تاکہ گورنمنٹس کو خاص طور پر ڈسپلین قائم کرنے ، ایفیشنسی
بڑھانے اور اپنے ملازمین پر کنٹرول رکھنے کی ضرورت داعی ہو تو اس نقطہ نظر سے
بھی ترمیم کرنے کے لئے گنجائش رہے - غرض یہ کہ جو کچھ کلا سیفیکیشن
(Classification) اپیل اینڈ کنٹرولس رولس (Appeal and Control Rules)
یا کسی اور رولس کے تحت ملازمین کے حقوق کی حفاظت کرنے کے لئے ان پر جو
الزامات ہوں اونکی تحقیقات کرنے انکو سزا دینے یا اونکو پروموشنس نہ دینے گریڈس
اور انکریمنٹس روکنے کے لئے یا اور قسم کے پنشمنٹس(Punishments) وغیرہ
دینے کے لئے جو کوئی بھی قواعد اور قانون بناسکتے ھیں وہ دستور کے ڈھانچہ کے اندر
ہونے پا ھئیں - میں اس ھاؤس کو یقین دلانا چاھتا ہوں کہ جس حد تک دستور کے
ڈھانچے میں رھتے ہوئے موجودہ ریگولیشنس (Regulations) میں تبدیلی کی
جاسکتی ہے اور افیکٹیو کنٹرول(Effective Control) اور چیک
(Check) کیا جاسکتا ہےاور جس حد تک پروسیجر کو کرٹیل (Curtail) کیا
داسکتا ہے اس حدتک کریٹل کرنے کی ضرور کوشش کرینگے - یہاں بعض سجیشنس
جیئے گئے - ایوان میں بعض سجیشنس کانسٹیٹیوشنن آف دی کمیشن(Constitution
of the Commission)اور پی - ایس - سی - کے تعلق کو نکالدینے سے متعلق دیئےگئے -
آنریبل ممبر فار سکندرآباد کی رائے میں ایسی‌امنڈمنٹ کی ضرورت ہے کہ پی - ایس - سی -
کو پکچر (Picture) سے ھی ھٹادیا جائے - انکا مطلب یہ ہے
کہ ایک ھی اٹانمس باڈی(Autonomous body) ہو جو ان
مقدمات کا پورا پورا تصفیہ کرسکے - ایک کے بعد دوسرے اور دوسرے کے بعد تیسرے
کے پاس جانے کی گنجائش نہ ہو - اس سے انکا منشا یہ معلوم ہوتا ہے کہ طوالت
نہ ہو - میں اون کےاس مقصد سے متفق ہوں - لیکن مجھےشبہ ہےکہ ہم پی - ایس - سی -
کو پکچر سے کس طرح نکال سکتے ھیں اور اس طرح کیسے رولس بناسکتے ھیں؟
اسٹیٹ کے رولس اور ریگولیشنس پہلے کانسٹی ٹیوشن کے آرٹیکلس کے تابع رھیں گے -
اگر کوئی چیز کانسٹی ٹیوشن کے ڈائرکٹیو (Directive) کے
خلاف ہوتی ہے تو وہ ممکن نہیں - اس لئے کہ پی - ایس - سی - کا وجود ضروری ہے اور
کانسٹیٹیوشن کے الفاظ میں پی - ایس - سی - ایسا کانسٹی ٹیوشنل اور انڈپنڈنٹ آرگنائیزیشن
(Independent organisation) یا انسٹی ٹیوشن
(Institution) ہے جسکو گورنمنٹ کے کنٹرول میں نہ رکھکر اسکے ذمہ
لوگوں کے حقوق کی حفاظت کی گئی ہے - اس کو نظرانداز کرنا شائد بالکل ناممکن

ہے - پھر بھی اس سجیشن پر غور کیا جائے گا کہ اس پر کہاں تک عمل ہوسکتا ہے - لیکن میں یہ صاف صاف عرض کردینا چاہتا ہوں کہ جہاں تک میں نے بادی النظر میں غور کیا اس کمیٹی کی سفارشات سے جنرل طور پر میں بھی متفق ہوں - جیسا کہ اس آنریبل ہاؤس میں دونوں طرف سے کہا گیا اس کمیٹی کی رپورٹ میں جو اسپیسیفک رکمنڈیشن (Specific recommendation) فورمن انڈپنڈنٹ اینڈ اٹانمس کمیشن (Four men independent and autonomous commission) کا ہے وہ ایک ایسا رکمنڈیشن ہے جس کو ہم بلا سوچے سمجھے اس کے امپلیکیشنس (Implications) پر غور کئے بغیر موجودہ پوزیشن میں اس کو اکسپٹ (Accept) کرنے کے موقف میں نہیں ہیں - اس میں مجھے ایسی بہت سی چیزیں دکھائی دیتی ہیں جو اس کے اکسپٹ کرنے میں خارج ہیں - یہ پی - ایس - سی - اٹانمس باڈی رہنے کے بعد انکوائری کمیشن یا ٹرائیبیونل جو مقرر کیا جائیگا اسکو کس طریقہ پر دوسری اٹانمس باڈی بنایا جاسکتا ہے - اور باوجود اسکے کہ اسکی تائید میں دلائل ہیں لیکن ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اس کے پریکٹیکل امپلیکیشنس (Practical implications) کیا ہونگے - سب سے بڑا ابجکشن یہ ہے کہ اس میں جو چیز ہے ویسا کمیشن قائم کیا جائے تو اس کو شکایتوں پر کاگنیزنس (Cognizance) کر کے راست انوسٹیگیٹ (Investigate) کر کے ورڈکٹ (Verdict) دینے کا راست اختیار ہے - اسکے معنے یہ ہونگے کہ وہی ایک باڈی انوسٹیگیٹ کریگی - پراسیکیوٹر (Prosecutor) بھی وہی ہوگی اور جج بھی وہی ہوگی - تینوں حیثیتیں اسی انڈپنڈنٹ کمیشن کو حاصل ہوجائینگی - اس قسم کا کوئی کمیشن انویسیج (Envisage) کرنا موجودہ جورسٹک پرنسپلس (Juristic principles) کے تحت اور ان پرنسپلس کے تحت جنکو ہم کانسٹی ٹیوشن کے تحت عمل میں لاتے ہیں بہت مشکل ہے - پریکٹس میں بھی یہ چیز ہم کو زیادہ فائدہ پہونچانے والی نہیں ہے - یہ ہماری انگزائیٹی (Anxiety) ضرور ہے - در اصل اس قسم کے اٹانمس کمیشن کی ضرورت کیوں ہے؟ وہ اس لئے ہے کہ گورنمنٹ کو مداخلت کا موقع نہ ملے یا انوسٹیگیشن میں یا کاگنیزنس میں یا ورڈکٹ دینے میں گورنمنٹ مداخلت نہ کرے - یہ انگزائیٹی ٹھیک ہے - کیونکہ گورنمنٹ کی اس قسم کی مداخلت سے نقصان پہونچ سکتا ہے - میں اس سے متفق ہوں - اس کی مخالفت نہونی چاہئیے - لیکن بدقسمتی سے گورنمنٹ ہی کی ایک مشنری ایسی ہے جو پراسیکیوشن کی مشنری ہوسکتی ہے - جو مواد فراہم کرسکتی ہے - شہادتیں فراہم کرسکتی ہے - ایک انڈپنڈنٹ باڈی کو ڈسٹرکٹ لیول پر قائم کرکے کیا اس کو ہوا پر چھوڑ دیا جائے؟ وہ کہاں سے مواد منگوائے گی؟ کن کو پراسیکیوٹ کرے گی؟ کس قانون کے ڈھانچے میں وہ آئے گی؟ کیا کرمنل پروسیجر کوڈ یا دوسرے جو قوانین نافذ ہیں ان میں وہ بیٹھ سکتی ہے؟ اس پر تفصیل سے غور کرنے کی ضرورت ہے - میں یہ نہیں کہتا کہ اس سجیشن میں کوئی پریکٹیکیبیلٹی (Practicability)

نہیں ہے۔ کمیٹی کاوہ سجیشن میرے سامنے ہے۔ میں اس پر غور کررہا ہوں ۔ لیکن بادی النظر میں
جہاں تک میں نے غور کیا اس قسم کے کمیشن کے قیام میں دشواریاں نظرآتی ہیں ۔
اس لئے ایک انوسٹیگیشن کی مشنری ہونی چاہئے ۔ ایک ٹرائیل (Trial) اینڈ
ڈسپوزل (Trial & disposal) کی مشنری ہونی چاہئے ۔ آپ
انوسٹیگیشن اور ٹرائیل دونوں کو ملا کر ایک ہی باڈی بنا کر اسکو ذمہ دار قرار
دینے کی کوشش کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ پریکٹیکلی اس سے کوئی مفید نتائج
پیدا نہیں ہوسکینگے ۔ اس پرنسپل میں ایک ہی اچھی چیز ہے وہ یہ کہ گورنمنٹ کو
مداخلت کا موقع نہیں ملتا ۔ اچھا صاحب ۔ آخر سزا دینے والا کون ہے ؟ سزا دینے کا
اصول تو یہ ہے کہ اپوائینٹنگ اتھارٹی (Appointing Authority) ہی ڈسمس
(Dismiss) یعنی برطرف کرسکتی ہے ۔ وہ اتنا کس باڈی کے ہاتھ میں
نہیں ہے ۔ اسکو سزا جزا کا اختیار نہیں ہے ۔ آپ کمیشن کو سارے فرائض دیکر اسکو
سوپر گورنمنٹ (Super-Government) باڈی قرار دیکر اس کو
قابل عمل نہیں بنا سکتے ۔ یہ اچھا ہے یا برا، میں اس پر نہیں جاتا ۔ گورنمنٹ کو کسی
جگہ بھی پکچر میں لئے بغیر آپ کام چلا ہی نہیں سکتے ۔ اگر گورنمنٹ میں کرپشن
ہوتو گورنمنٹ ہی اس کو نکالنے کے تدابیر اختیار کرسکتی ہے ۔ آپ اس کو اکسٹرا
گورنمنٹ باڈی بنا ہی نہیں سکتے ۔ افکٹیو مینس (Effective means) بھی گورنمنٹ کے
پاس ہی ہیں ۔ اگر ہمارے پاس زیادہ کرپشن ہے تو ہوگا کم ہے تو ہوگا ۔ اس کرپشن
کو دور کرنے کی تدابیر بھی ہم ہی نکال سکتے ہیں ۔ ہم ہی سہایک (सहायक)
بن سکتے ہیں ۔ گورنمنٹ کے علاوہ کوئی انڈپنڈنٹ مشنری قائم کردیں تو وہ بھی یہی
کریگی کہ کمیشن لکھتا رہیگا کہ فلاں فائیل بھیجدیجئے ۔ سکریٹری داب کر رکھ
لینگے ۔ ایسی صورت میں کمیشن کیا کرے گا ؟ جب گورنمنٹ ٹرایبیونل کے سپرد
کوئی کیس کریگی تو گورنمنٹ کا کام ہوجاتا ہے کہ وہ مواد اور شہادت پیش کرے ۔
اسکی ذمہ داری نہ ہو تو کون شہادت پیش کرے گا ؟ عوام جا کر کیا بیان کرینگے ؟
آخر اس چیز کی جوڈیشیل (Judicial) تحقیقات ہوتی ہے ۔ جوڈیشل
تحقیقات میں کیا چیزیں پیش ہونگی ؟ کسطرح ججمنٹ (Judgment) دیا جائے گا ۔
اس کے لئے کوئی مشنری ہونی چاہئے ۔ لائزان مشینری (Liason machinery)
کا جو سجھاؤ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے دیا میں اسکو رد نہیں کررہا ہوں ۔ لیکن
وہ کس قسم کی لائیزان مشنری ہوسکتی ہے ؟ وہ کیسے افکٹیو (Effective)
بن سکتی ہے ؟ جب تک کہ اس کی تفصیلات معلوم نہ ہوں میں اس کو کنسیڈریشن
سے باہر نہیں کرنا چاہتا اور نہ قبول کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ اس لئے کہ پہلے یہ معلوم
ہونا چاہئے کہ وہ کس قسم کی مشنری ہوسکتی ہے ۔ مجھے امید ہے کہ یہاں جو
سجیشنس دئے گئے ہیں انکے علاوہ تفصیلی سجیشن جو پریکٹیکیل اور ورکیبل
(Workable) ہوں دئے جائینگے ۔ ری آرگنائزیشن آف سرویسس
(Reorganization of Services) کی بڑی ضرورت ہے ۔ اور بہت سے سجیشنس دئے گئے ۔

کنٹرا کٹرس کے بارے میں کہا گیا - ڈسپیارٹیز آف سیالیریز (Disparities of salaries)
کے بارے میں کہا گیا - یہ بھی ایک الیمنٹ (Element) ہے -
ڈسپیاریٹی آف سیالیریز مختلف ممالک میں مختلف ہے - انکی بنیادیں الگ الگ ہیں - میں
یہ نہیں کہتا کہ یہاں ڈسپیارٹی آف سیالیریز کو نکالنے کی گنجائش نہیں ہے - میں
اس کے لئے سجیشنس طلب کرونگا - لیکن اس کے بارے میں جو کوششیں دوسرے ممالک
میں کیگئی ہیں میں نے دیکھا ہے کہ اس ضمن میں بہت زیادہ کام تو نہیں ہوا ہے - اس
میں شک نہیں کہ یہ ہمارے سماجی ڈھانچے کا اثر ہے - میں آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن
کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ " سماجی چوکھٹ " کو بدلنے کی کوشش ہر ملک میں
مختلف طریقوں سے کیجاتی ہے - لیکن جن ممالک نے سب سے زیادہ موثر طریقہ
اختیار کیا ہے ہم اون ممالک کو دیکھتے ہیں تو وہاں بھی سیالریز میں ڈسپیارٹی
(Disparity) دکھائی دیتی ہے - وہاں بھی اسے کم کرنے کی شدید گنجائش
ہے - بہر صورت ہم کو اس پر غور کرنے کی ضرورت ہے - ہمارے پاس بھی گنجائش ہے
اور ہم اس پر غور کرسکتے ہیں - یہ کہا گیا کہ جو سزائیں ہوتی ہیں انکی پبلسٹی
(Publicity) ہونی چاہئے - سزا پانے والوں کے نام شائع کئے جانے چاہئیں -
یہ سجیشن ہم نے پہلے ہی سے اختیار کیا ہے - اور گورنمنٹ نے اسکو منظور کرکے یہ
احکام دئےہیں کہ ٹریبیونل کے موجودہ ڈھانچے میں جن لوگوں کو سزا دی گئی ہے انکے
نام بغرض اطلاع عام شائع کئے جائیں - اس سوال کو گورنمنٹ نے منظور کرلیا ہے -

بعض آنریبل ممبرس نے کہا کہ کمیشن کے ڈھانچے کو ماڈی فائی (Modify)
کرنا چاہیئے - لیکن اسکی تفصیل جب تک ہمارے سامنے نہ رہے اس کے بارے میں کیا
کہا جاسکتا ہے ؟ آنریبل ممبر فار افضل پور نے کہا کہ اسمیں کچھ ماڈیفیکیشن کیا جانا
چاہیئے - میں تمام آنریبل ممبرس آف دی اسمبلی سے تفصیلی سجیشنس مانگتا ہوں کہ اس
کو کس طرح ماڈیفائی کرنا چاہیئے - ہر ایک آنریبل انڈیویجولی (Individually)
یا کلکٹیولی (Collectively) اپنے سجیشنس دےسکتے ہیں - وہ اپنے

ڈفنیٹ سجیشنس (Definite suggestions) بھیج سکتے ہیں - اس کا امکان موجود
ہے - یہ بھی کہا گیا کہ کورٹ میں پراسیکیوٹ کرنے کا طریقہ گورنمنٹ کو اختیار
نہ کرنا چاہیئے - میں عام طور پر ان کے سجیشنس سے متفق ہوں - کیونکہ کورٹ میں
کیسس کے پیش ہونے سے ثابت ہونا مشکل ہے - اگر وہ یہ کہتے ہیں کہ کورٹس میں
پرازیکیوٹ کرنا چاہیئے تو میں اس سے متفق نہیں ہوں - اگر ان کا یہ کہنا ہے کہ عام
طور پر پراسیکیوشن کا طریقہ اختیار نہ کرنا چاہیئے بلکہ ٹرایبیو نل کے پاس بھیجنا
چاہیئے تاکہ ڈسپلنری ایکشن لیکر ڈسمس یا برطرف کیا جاسکے تو اس ثانی الذکر
سجیشن سے میں متفق ہوں . . . .

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—उनका सजेशन यह है कि क्रिमिनल केसेस में उन्हें अदालत में खड़ा करना चाहिये। सिर्फ काम से हटानेसे ठीक नही होगा।

شری بی - راؤ کشن راؤ :— ان کا سجیشن یہ ہے کہ چونکہ ایک کیس اتنا اسٹرانگ ہے کہ لا کورٹ میں لیجا کر اس کو پراسیکیوٹ کر کے فوجداری طریقہ پر سزا دلائی جاسکتی ہے تب تو اس کو پراسیکیوٹ کرنا چاہیئے - ایسا نہو تو ٹرائیبیو نل کے پاس بھیجکر ڈسپلنری ایکشن لینا چاہیئے - اس اصول پر تو عمل بھی کیا جارہا ہے - بعض کیسس ایسے ہوتے ہیں کہ جہاں پرائیمافیس (Prima facie) طور پر ایویڈنس (Evidence) اسٹرانگ ہونے پر بھی ابتدائی عدالت یا سپریم کورٹ سے لوگ چھوٹ جاتے ہیں - اس میں نہ صرف پراسیکیوشن میں سرکاری روپیہ ضائع ہوتا ہے بلکہ اور بھی برے نتائج اس سے پیدا ہوتے ہیں - پرسنلی میں یہ سمجھتا ہوں کہ کرپشن کے کیسس میں فوری سزا کے طور پر ان کو اس جگہ پر نہ رہنے دینا چاہیئے - کوئی ڈس آنسٹ (Dishonest) ہو تو اس کو وہاں ایک منٹ بھی نہ رکھنا چاہیئے وہاں سے پہلے ہٹا دینا چاہیئے - یہ الگ بات ہے کہ فوجداری سزا دلائی جاسکتی ہے، یا نہیں - اگر دلائی جاسکتی ہے تو دلانی چاہیئے - لیکن زیادہ تر کرپشن کو دور کرنے کے لئے لا کورٹ میں لیجانے سے کیسس میں طوالت ہوتی ہے -

چند آنریبل ممبرس نے کہا کہ حکومت کرپٹ آفیسرس (Corrupt officers) کو ڈائرکٹ (Direct) یا ان ڈائرکٹ (Indirect) طور پر پروٹکشن (Protection) دیتی ہے - اس طرح حکومت نیپو ٹیزم (Nepotism) اور فیوریٹیزم (Favouritism) کی ذہنیت پھیلانا چاہتی ہے - میں کہونگا کہ یہ ایک عام تخیل ہے اس سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا - لیکن دیکھنا یہ ہے کہ معیار کو بلند کرنے کے لئے ہم کیا کرسکتے ہیں - اسکی ہمیں کوشش کرنی چاہیئے - میں زیادہ دیر اپنی تقریر کو جاری نہیں رکھونگا - صرف پانچ منٹ میں ختم کردونگا - اب میں صرف دو ایک باتوں کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں - جیسا کہ میں نے کہا اب لیڈر آف دی اپوزیشن کے سجیشن کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں - ایک چیز انہوں نے اپنی تقریر میں فرمائی ہے اوس سے مجھے فطرتاً اختلاف ہے - انہوں نے ایک انڈپنڈنٹ کمیشن (Independent commission) کے تقرر کی تائید میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اسکی ضرورت اس لئے ہے کہ منسٹرس عہدہ داروں کے دباؤ میں آجاتے ہیں اور افسروں کو بچانے کے لئے گول مال کرتے ہیں - انکی حمایت اور جانبداری کرتے ہیں اس لئے سب سے زیادہ ضرورت اسکی ہے کہ ایسا انتظام کیا جائے کہ منسٹرس ان کے دباؤ میں نہ آنے پائیں - اس لئے منسٹروں کا اس کمیشن میں دخل نہ ہونا چاہیئے - اگر عوام یا یہ آنریبل ہاؤس اس سے متفق ہے کہ کرپشن محض اس لئے ہے کہ منسٹرس کرپٹ آفیسرس کی حمایت کرتے ہیں تو اس کا سیدھا سادھا اور ڈائرکٹ نتیجہ یہ ہے کہ آج کی منسٹری کار گزار رہنے کے قابل نہیں ہے کیونکہ وہ صلاحیت نہیں رکھتی ہے - مگر یہ بات سچ ہے یا غلط اس بارے میں اختلاف رائے اور ڈیفرنس آف اوپینین (Difference of opinion) ہوسکتا ہے - کسی کی کچھ رائے ہوسکتی ہے اور کسی کی کچھ - میری رائے ظاہر ہے کہ اس کے برخلاف ہوگی - اب

تک جو کرپشن کے کیسس ہوئے ہیں یا جو ہماری نوٹس میں آئے ہیں وہ منسٹروں کی وجہ سے یا ان کے ناجائز نیپوٹیزم یا فیوریٹیزم کی وجہ سے نہیں ہوئے۔ ٹریبیونل کے فیصلوں یا پی۔ ایس۔ سی۔ کی سفارشات یامنسٹروں کی بدنیتی کی وجہ سے یہ کمزوریاں پیدا نہیں ہوئیں، میں اتنا عرض کرونگا ۔ چنانچہ آنریبل ھاؤس جانتا ھے کہ اس ھاؤس کے منشاء اور مطالبے کے لحاظ سے ایک اتنا بڑا کمیشن مقرر کیا گیا اور اس کے ریکمنڈیشنس (Recommendations) پر اس ھاؤس میں چرچا ہوئی اور اس سے یہ امید اور توقع کی جاسکتی ھے کہ یہ منسٹری گڈ (Good) ہو یا بیڈ (Bad) ہو وہ منسٹری سنسیریٹی (Sincerity) کےساتھ ان ریکمنڈیشنس پر غور کررھی ھےاور ان کو عمل میں لانے کی خواہش رکھتی ھے۔ کم از کم اتنا حسن ظن اتنا موڈیکم آف گڈول (Modicum of good will) اس منسٹری کے بارے میں ھوتو میں سمجھتا ھوں کہ یہ بداعتادی جس کا یہاں اظہار کیا گیا ھے باقی نہیں رھیگی اور آنریبل ممبرس خود محسوس کریں گے کہ یہ بد اعتادی ناموزوں ھے۔ آخرھم بھی اوسی زمرہ میں سے ھیں۔ ان ھی میں سے چنکر آئے ھیں اور آج ایسی خدمت پر فائز ھیں جس کا نہ کوئی پنشن ملنے والا ھے اور نہ کوئی ترقی ملنے کی امید ھوسکتی ھےاور اگر کوئی ترقی کی امید ھو بھی سکتی ھےتو وہ ترقی ھمارے ان عہدہ داروں کے ھاتھ میں نہیں ھے ۔ ایک توقع جو ھوسکتی ھے وہ بھی کہ آئندہ چناؤ میں پھر منتخب کئے جائیں۔ تو ھماری یہ توقع بھی ان عہدہ داروں سے پوری ھونے والی نہیں ھے ۔ اگر ھم پھر چنکر آنے والے ھیں تو وہ ان ھی لوگوں کی وجہ سے آئینگے جنھوں نے ھم کو پہلے چنا تھا ۔ چیف سکریٹری،سکریٹریز ۔ ھڈس آف دی ڈپارٹمنٹس(Heads of the departments) کلکٹر۔ تحصیلدار۔ ریوینیو انسپکٹر۔ یا پٹیل پٹواری ھم کو چنکر لانے والے نہیں ھیں . . .

کئی آنریبل ممبرس :— پولیس والوں کے ھاتھ میں تو ھے نا ۔

شری بی ۔ رام کشن راؤ :— پولیس کے ھاتھ میں اور نہ ھمارے پاس کوئی ایسا ھتیار ھے جس کا دباؤ ڈالکر ھم نے ووٹ حاصل کئے ھیں ۔ ھمارا دوبارہ چناؤ صرف اسی پر منحصر ھے کہ اپنے چننے والوں کے سامنے جائیں اور ان سے یہ کہیں کہ ان پانچ سال میں جتنی خدمت ھم سے آپ کی ھوسکتی تھی ھم نے کی ھے آپ کے تکالیف کو دور کرنے کے لئے ھم نے حتی المقدور اپنی قوت کے مطابق کام کیا ھے ۔ اگر آپ ھم کو پھر آئندہ پانچ سال کے لئے خدمت کا موقع دیں تو اس سے بہتر خدمت کرنے کی کوشش کریں گے۔ اس سے بڑھکر کوئی اور دوسرا ھتیار ھمارے پاس نہیں ھے ۔ نہ انڈر گراؤنڈ (Underground) ھے نہ اپر گراؤنڈ (Upperground) ۔

جو آنریبل ممبرس اس وقت اوس جانب بیٹھے ھوئے ھیں کسی وقت خوش قسمتی سے انہیں اس جانب بیٹھنے کا موقع ملے تو مجھے یقین ھے ، بالکل یقین ھے کہ وہ کوئی ایسی بڑی کار گزاری اس بارے میں کر کے نہیں دکھا سکیں گے جس کے کرنے کی ھم میں قابلیت نہیں ھے ۔ ھوسکتا ھے کہ باتیں بہت زیادہ کریں ....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—आपको यह गलतफहमी है।

شری بی - رام کشن راؤ :- بہر صورت میں کچھ زیادہ کہنا نہیں چاھتا -

لیڈر آف دی اپوزیشن نے یہ بھی سجیشن دیا کہ تمام گورنمنٹ سرونٹس کو ٹریڈ یونین سمجھکر ان کے ریپریزنٹیٹیوز (Representatives) کو بلا کر ایک کمیشن قائم کیا جائے - یہ اتنا ڈینجرس پروپوزیشن (Dangerous proposition) ھے کہ میں اس کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتا - نہ اس کی تردید کرسکتا ھوں اور نہ اس کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت سمجھتا ھوں - اگر وہ ان تمام لوگوں کو اس میں شامل کرنا چاھتے ھیں اور فیکٹری لیبرس کے معیار پر لانا چاھتے ھیں تو میں اون سے خواھش کرونگا کہ وہ ان سفارشات پر اوس وقت عمل کریں جب ملک کے نظم و نسق کی ذمہ داری خوش قسمتی سے ان پر عائد ھو - میں اس پر عمل کرنے سے قاصر ھوں - دراصل یہ ایک آیڈیل (Ideal) ھے - آیڈیل سوسائیٹی (Ideal society) کو قائم کرنے کے لئے ھم قدم اٹھا رھے ھیں - انسانی سماج جس کنڈیشن (Condition) میں ھے اوس کے نظر کرتے ھمیں سوچنا چاھیئے کہ ھم ترقی کے راستے پر جارھے ھیں یا پیچھے کی طرف جارھے ھیں - میں کہونگا کہ ھم اخلاقی حیثیت سے مادی حیثیت سے اور ھر حیثیت سے ترقی کے راستے پر گامزن ھیں -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—डिस्ट्रिक्ट और हेडक्वार्टर लेवल पर मुख्तलिफ पार्टियों की अेक लियाझान कमेटी कायम की जाय, जिसकी सिफारिश की गयी है। जिसके बारे में क्या ख्याल है?

شری بی - رام کشن راؤ :- میں نے کہا ھے کہ جب تک اس قسم کی لیزان مشنری (Laison machinery) کے متعلق گورنمنٹ کے پاس تفصیلی سجیشنس پیش نہوں میں اس کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا - وہ لیزان کمیٹیز (Laison Committees) کس غرض کے لئے رھینگی اس پر غور کئے بغیر میں کچھ نہیں کہہ سکتا - جب اسکی تفصیلات پیش ھوں گی تو میں بعد میں اس پر غور کرسکتا ھوں - اتنا عرض کرنے کے بعد مجھے آشا ھے کہ آنریبل ممبرس اس بارے میں ڈیفینٹ اینڈ کانکریٹ سجیشنس (Definite and Concrete suggestions) گورنمنٹ کے پاس بھیجیں گے - اس کے بعد گورنمنٹ اپنے عہدداروں سے پراکٹیکل سجیشنس (Practical suggestions) لیکر اس پر غور کریگی - اگر اس طرح کے ڈیفینیٹ اور کانکریٹ سجیشنس آنریبل ممبرس کی طرف سے مجھے ملینگے تو میں انہیں ھارٹلی ویلکم (Heartily welcome) کرونگا - جو سجیشنس ایسے ایسے ھونگے جو پراکٹیکیبل (Practicable) ھوں اور دستور کے ڈھانچے میں بٹھائے جاسکتے ھوں تو ضرور ایسے ڈیفینٹ (Definite) اور

کانکریٹ میژرس (Concrete measures) اختیار کئے جائینگے جن سے کرپشن کا مرض جلد سے جلد دور ہوجائے -

The House then adjourned till Half Past Two of the Clock on Thursday, the 23rd September, 1954.
